رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۵۵۰
فون نمبر: ۳۰۲۲۲۷
۳۰۱۱۱۶

ہماری مایۂ ناز
## فلکیاتی مطبوعات

### استخارہ سجادیہ
معہ فقہ حضرت مولانا نجم الحسن صاحب کراروی
حضور سیدنا امام زین العابدین علیہ السلام کا ایک زندہ معجزہ ہے۔ یہ ہر گھر اور ہر وقت مومنین کے جیب و گریبان کی زینت بن کر انھیں مشکل اور صعوبت میں رہنمائی کر سکتی ہے۔
ہدیہ مجلد

### استخارہ قرآنیہ مع مجربات صدری
مترجمہ: حضرت منجم اعظم صاحب
شیخ عراق محی الدین ابن عربی قدس سرہ العزیز کا نادر روزگار قرآنی فالنامہ ہے جس میں ہر انسان اپنے سوال کا جواب آیات قرآنی سے حاصل کر سکتا ہے۔
ہدیہ مجلد

### مصباح الجفر حصہ اول
حصہ دوم (زیر طبع)
مصنفہ حضرت منجم اعظم صاحب
ائمہ معصومین کا پاکیزہ علم جفر سیکھنے کے لیے اس کا مطالعہ فرمائیے۔ دیباچہ میں علامہ حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ قم طراز ہیں کہ اس سے بہتر کتاب علم جفر کی میری نظر سے نہیں گزری ہے اس کے پڑھنے سے مقصد تک رسائی ہو سکتی ہے۔
قیمت مجلد:

### سحر اسود
مصنفہ حضرت منجم اعظم صاحب زنجانی
کالے جادو پر اس سے بہتر آج تک کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ دنیا کی ایک درجن سے زائد قوموں کے کالے جادو کے اجمال و تفصیل پر کتاب ہے۔ حب، بغض اور تسخیر آتش کے سریع الاثر سفلی عملیات کا بیش بہا خزانہ ہے۔ قیمت مجلد:

### مصباح النجوم
مصنفہ حضرت منجم اعظم صاحب
نجوم وہ علم ہے جس کے حاصل کیے بغیر نہ کوئی جفار بن سکتا ہے نہ منجم اور نہ ہی رمال بلکہ علم الفراست کے بنیادی اصول بھی اسی علم پر مبنی ہیں۔ اس کتاب کو پڑھ کر آپ ایک ماہر منجم بن سکتے ہیں زائچہ کشید کر سکتے ہیں اور اپنے ماضی اور مستقبل کو معلوم کر سکتے ہیں۔ قیمت

### مصباح الاعداد
مصنفہ حضرت منجم اعظم صاحب
علوم فلکیات کا دارومدار بڑی حد تک اعداد کی مختلف قدروں پر ہے۔ علم الاعداد علم جفر کی مشہور و معروف شاخ کا نام ہے۔ اگر آپ مفرد اعداد ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹ سے پیشگوئی کرنے کے متعدد طریقے حاصل کرنا چاہتے ہیں تو مصباح الاعداد کا مطالعہ کریں۔ قیمت

### مفاتیح الغیب اردو ایڈیشن
حضور سیدنا صادق آل محمد علیہ السلام کی تصنیف و افقی خزانہ غیب کی کلید۔ اس فالنامہ کے جوابات سے جناب امام عالی مقام نے محمود غزنوی نے اس معجز نما فال نامہ کے احکام پر سومنات کے ظلمتکدہ کو زور بت شکنی سے منور کیا تھا۔ تحسین نگینہ کا ایک عطر العقل جفری طریقہ اس پر مستزاد ہے۔ طباعت عکسی۔

### مصباح الفراست
مصنفہ حضرت منجم اعظم
المشہور دنیا والوں کے ہاتھ: یہ کتاب حضرت قبلہ منجم اعظم کی وہ شہرۂ آفاق تصنیف ہے جس نے دنیائے دست شناسی میں ایک نئی راہ کھول دی ہے جدید دست شناسی کے اصول فن کے ساتھ ساتھ آپ اس کتاب کی مدد سے ہاتھ دیکھ کر یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ فلاں شخص کا ماضی اور مستقبل کیا ہے۔ قیمت مجلد

### آپ کی تاریخ ولادت؟
یہ کتاب آپ کو نجومی سے بے نیاز کر دے گی۔ آپ گھر بیٹھے ہی اپنے ماضی، حال اور مستقبل سے آگاہ ہو سکیں گے۔
مصنفہ حضرت منجم اعظم صاحب
قیمت مجلد

منیجر
## مکتبہ آئینہ قسمت
زنجانی منزل زنجانی سٹریٹ مغلپورہ روڈ گڑھی شاہو لاہور نمبر ۱۵


بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نادِ علی

مؤلف و مصنف

ریاض جعفری ایڈووکیٹ


مکتبہ آئینہ قسمت
زنجانی منزل زنجانی سٹریٹ
مغلپورہ روڈ گڑھی شاہو لاہور ۵۴۸۴۰



Presented by www.ziaraat.com

جملہ حقوق بحقِ ادارہ محفوظ ھیں

نام کتاب ---------- نادِ علیؑ
صفحات ---------- ۲۱۲
قیمت ---------- ۳۰/- روپے
مصنف ---------- ریاض جعفری ایڈووکیٹ
پبلشر ---------- شہزادہ سید انتظار حسین قیصر شاہ زنجانی
کتابت ---------- سرفراز ظہیر
پرنٹر ---------- سیون برادرز پرنٹنگ پریس اردو بازار لاہور

## ناشر

ھیڈ آفس:

مکتبہ آئینہ قسمت، زنجانی منزل زنجانی سٹریٹ
مغلپورہ روڈ گڑھی شاہو لاہور۔ فون: ۳۰۱۱۱۶، ۳۰۲۲۲۷

برانچ آفس:

ادارہ آئینہ قسمت، کاشانہ زنجانی۔
آرام باغ روڈ، کراچی ۱۔ فون: ۲۱۷۵۴۴



# فہرست مضامین


| عنوانات | صفحہ نمبر | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| قرآن اور علیؑ | ۶ | توریت موسیٰؑ کے دو ممسوح | ۹۹ |
| قرآن فہمی اہل الذکر عترت اہلبیت | ۱۱ | مہاتما بدھ اور ایلی | ۱۰۳ |
| قرآن، عترت، اہلبیت | ۱۶ | استمداد | ۱۱۳ |
| محمدؐ و آل محمدؐ کی طینت | ۲۰ | لوح سلیمانی | ۱۴۲ |
| آل، عترت، اہلبیت | ۲۹ | آیت الکرسی با مؤکل | ۱۶۵ |
| البیت العتیق ابوتراب | ۴۱ | نادِ علیؑ صغیر، نادِ علیؑ کبیر | ۱۶۶ |
| علیؑ ناصرِ اسلام و ایمان | ۵۰ | نادِ علیؑ با مؤکل | ۱۶۸ |
| وارثانِ کتاب | ۶۲ | چہل کاف با مؤکل | ۱۷۰ |
| آئمہ امت محمدی پر گواہ | ۷۱ | نقش پنجتن پاک با مؤکل | ۱۷۲ |
| مظہر العجائب | ۷۵ | مہر نبوت کی مختلف اشکال | ۰۷ |
| سائنسدانوں کے لئے مظہر العجائب | ۸۰ | ادعیہ دوازدہ ساعات دوازدہ امامؑ | ۱۹۳ |
| معلم موسیٰ تذکرہ ملک صدق | ۸۸ | نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ | ۲۰۷ |


Presented by www.ziaraat.com

# پیش لفظ

مولائے کائنات باب شہر علوم لدنی پارہ نور اولین و منبع انوار عالمین الکرّار نور ختم المرسلین، امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی بارگاہ اقدس میں بصد ادب و احترام دست بستہ ہدیہ کتاب **ناد علیؑ** کی شکل میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

زبان وحی سے نکلے ہوئے فصاحت و بلاغت کے دو جملے آج بھی مسلم اُمہ کو دعوتِ فکر دیتے ہوئے ہیں۔

"اے علیؑ نہ پہچانا کسی نے تم کو سوائے میرے (حضورؐ) اور خدا کے، نہ پہچانا کسی نے مجھے سوائے تمہارے اور خدا کے اور نہ پہچان سکا کوئی خدا کو سوائے میرے اور تمہارے"۔

## اللہُ اکبر

پھر ہماری کیا مجال کہ ہم علیؑ کی عظمت کو مکمل پالیں۔ مگر جو کچھ ہم نے سمندر سے چند قطرے پایا۔ ہدیہ قارئین پیش کر رہے ہیں۔ مولائے کائنات میری اور میرے محسن مؤلف مصنف جناب ریاض جعفری ایڈووکیٹ کی یہ سعی قبول فرمائیں۔

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ اَنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الدُّعَا

حقیر فقیر بندہ پُر تقصیر
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی



# نامِ علیؑ لکھ کر

اگر لکھے تو کیا لکھے یہ حرف آخری لکھ کر / مؤرخ کا قلم سجدے میں ہے نامِ علیؑ لکھ کر

علیؑ مرتضیٰ ہیں میرے آقا پھر مجھے ڈر کیا / میں طوفاں سے گزر جاتا ہوں سینے پر وصیؑ لکھ کر

تجلّی تم پہ بھی قربان ہو گی دونوں عالم کی / جبیں پہ دیکھ لو نام علیؑ تم بھی کبھی لکھ کر

زہے قسمت تشفی کو مری مولا علیؑ آئے / فرشتے لے گئے تھے میرا حال بے لبی لکھ کر

اب اس سے بڑھ کے میری شاعری کی قدر کیا ہو گی / بہت خوش ہوں میں شرح خاندان ہاشمی لکھ کر

کبھی تیغ یداللّٰہی بھی بن جاتا ہے زنجانی / علیؑ کا نام سینے پر بعنوان جلی لکھ کر

شفا اس کے لئے ناظرؔ مقدر ہو ہی جاتی ہے / مریضِ دل کو دیتا ہوں میں جب نادِ علیؑ لکھ کر

سید ناظر حسین ناظر شاہ زنجانی مرحوم
بانی ادارہ آئینہ قسمت لاہور

Presented by www.ziaraat.com

# قرآن اور علیؑ

مشہور حدیث ہے:

علیؑ مع القرآن والقرآن مع علی

مقدم مؤخر کرنے سے تکرار نے ایک عجیب مفہوم پیدا کر دیا ہے۔ علیؑ قرآن کے ساتھ ہیں۔ اس کے معنی یہ نہیں کہ علیؑ کی بغل میں ہر وقت قرآن دبا رہتا ہے بلکہ یہ معنی ہیں کہ ان کا کوئی کام احکام قرآنی کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ اور ایسا نہیں ہو سکتا جب تک کل قرآن کا پورا علم نہ ہو۔ اور اس کی صحت کا دار و مدار ہے ایک ایک لفظ اور ایک ایک آیت کی صحیح تفسیر اور تاویل جاننے پر اور ایسے صرف وہی لوگ ہو سکتے ہیں جو راسخون فی العلم ہیں اور یہی درحقیقت حافظِ قرآن ہیں۔ کیونکہ اصلی غرض اس کے احکام کا تحفظ ہے اور یہ تحفظ بغیر احکام پر صحیح عمل کئے ممکن نہیں۔

مثلاً ایک چھوٹی سی آیت ہے:

اعدلوا ھو اقرب للتقوی

"عدل کرو، یہی تقویٰ سے زیادہ قریب ہے"۔



عدل اور تقویٰ دو لفظ ہیں پہلے ان کا صحیح مفہوم سمجھنا ہوگا یعنی عدل کے معنی کیا ہیں اور اس کے حدود کیا ہیں؟ کہاں تک کسی عمل میں عدل ثابت ہوگا؟ اور کہاں سے وہ عمل حدود عدل سے باہر ہو جائے گا؟

اسی طرح پہلے تقویٰ کا مفہوم معلوم ہو پھر اس کے حدود معلوم ہوں۔ پھر یہ پتہ چلے کہ عدل و تقویٰ کی قربت کے کیا معنی ہیں؟ جب تک اس لطیف و نازک فرق کا کسی کو علم نہ ہوگا اس آیت پر صحیح طور سے عمل نہ ہوگا اور جس قدر علم میں کمی ہوگی عمل میں نقصان ہوگا۔ اتنا ہی اجر و ثواب کم ہوتا جائے گا۔

پس علیؑ کا قرآن کے ساتھ ہونا یہ معنی رکھتا ہے کہ ہر لفظ و ہر آیت کے صحیح معنی کے وہ عالم ہیں۔ اور اس علم کے مطابق ان کا ہر عمل ہوتا ہے اور یہ وہ کٹھن منزل ہے جس پر سوائے رسولؐ اور اہلبیت رسولؐ کے کسی اور کا نقش قدم نہیں پایا جاتا۔

دنیا میں بے شمار مسلمان ایسے پائے گئے ہیں جن کو صاحبان عدل و تقویٰ کہا جاتا ہے لیکن ان میں سے کوئی ایک بھی ایسا نظر نہیں آتا جو عدالت کے صحیح خط پر از اوّل تا آخر اس احتیاط کے ساتھ قائم رہا ہو کہ اس کے عمل میں نہ تو کبھی افراط کو دخل ہوا نہ تفریط کو افراط کی صورت میں ظلم کی حد آجائے گی اور تفریط کی صورت میں تظلم کی۔ لہٰذا صاحب تقویٰ کے لئے یہ بھی ضروری ہوگا کہ پہلے وہ ظلم اور تظلم کی حدود سے آشنا ہو ورنہ اسے صراط مستقیم کا پتہ ہی نہ چلے گا اس پر قیام کا تو ذکر ہی کیا۔ یہ صراطِ مستقیم بال سے باریک اور تلوار کی دھار سے زیادہ تیز ہے۔ ہمارا اور آپ کا تو ذکر ہی کیا۔ صاحب خلق عظیم محبوب ربِ کریم حضرت رسولؐ خدا نے اس راہ پر قائم رہنے کی دشواری کو مدنظر رکھتے ہوئے فرمایا: شیبتنی سورۃ ھود

"سورہ ہود نے مجھے بوڑھا کر دیا"۔ لوگوں نے پوچھا یہ کیسے؟ فرمایا۔ اس میں حکم ہے: فاستقم کما امرت

"جس طرح تم کو حکم دیا گیا ہے اس پر قائم رہو نہ بال برابر نیچے کو آؤ نہ اوپر کو جاؤ"۔

Presented by www.ziaraat.com

غور کیجئے جب ایک چھوٹی سی آیت کا مفہوم اتنا وسیع ہے اور جب ایک آیت پر عمل کرنا اتنا دشوار ہے تو پورے قرآن پر عمل کرنا کتنا دشوار ہوگا اور اس کے لئے کتنے علم اور صفائے نفس کی ضرورت ہوگی۔ یہ دوسری بات ہے کہ ہمارا رحیم و کریم خالق کمزوریوں پر نظر کرتے ہوئے ہمارے ہر درجہ کے عمل کو قبول کر کے اسی کے لحاظ سے ہم کو اجر دے دے۔ ورنہ پوری پوری جزا کے مستحق تو وہی لوگ ہو سکتے ہیں جو پورے آداب و شرائط کے ساتھ احکام الٰہی پر عمل پیرا ہوں۔

غالباً اب تو یہ بات سمجھ میں آگئی ہوگی کہ علی مع القرآن سے رسولؐ کا کیا مطلب ہے۔ بلا خوف و تردید کہا جا سکتا ہے کہ یہ منزلت حضرت علیؑ اور دیگر ائمہ طاہرین کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہوئی اور اسی پر ان کے روحانی اقتدار کی عمارت بلند ہوئی ہے۔

اسی حدیث کے دوسرے فقرے کو لیجئے والقرآن مع علی یہ پہلا جملہ تھا علیؑ کے علم بالقرآن ہونے سے متعلق۔ اب دوسرا جملہ ہے عمل سے متعلق۔ یعنی قرآن علیؑ کے ساتھ ہے۔ جب علیؑ کوئی عمل کرتے ہیں تو قرآن اس کی تصدیق کرتا ہوا آتا ہے۔ آگے آگے علیؑ کا عمل ہوتا ہے اور پیچھے قرآن کی تصدیق۔ اس کے دوسرے معنی یہ ہیں کہ کم از کم ایک چوتھائی حصہ ایسا ہے جس کے نزول کا سبب علیؑ کا عمل ہے۔

مثلاً فرش رسولؐ پر سوئے، آیت نے اس عمل کو سراہا۔

ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ۔

علیؑ نے نماز میں انگوٹھی دی۔ قرآن ولایت سند لے کر نازل ہو گیا۔

انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین آمنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ ویوتون الزکوٰۃ وھم راکعون

علیؑ نے میدان جنگ میں قدم جما کر جہاد کیا۔ قرآن مدح کرتا ہوا آگیا۔

صفاً کانھم بنیان مرصوص ہ یقاتلون فی سبیل اللہ ولا یخافون لومۃ لائم۔



علیؑ نے سخاوت کی۔ قرآن نے اس کی یوں تصدیق کی۔

یوفون بالنذر ویخافون یوماً شرہٗ مستطیرا ویطعمون الطعام علیٰ حبہ مسکیناً ویتیماً و اسیرا ہ الخ۔

غور کرو کیسا جچا تلا مرضی الٰہی کے مطابق علی کا علم تھا جس کی تعریف لسان قدرت پر آتی تھی اور بار بار آتی تھی اور ہر عمل کی صحت کی تصدیق کرتی تھی۔ کیا علیؑ کے سوا اور کوئی مسلمان ایسا ہے جس کے عمل کو علی الاطلاق بارگاہ ایزدی میں یہ مقبولیت حاصل ہوئی ہو۔ بندے اگر کسی کو آسمان پر چڑھا دیں، کسی کی تعریف کے پل باندھ دیں، ذرہ کو پہاڑ اور قطرہ کو سمندر کہہ دیں تو وہ جھوٹی تعریف ہوگی۔ خوشامد اور چاپلوسی یا اندھی عقیدت کہی جائے گی۔ کیونکہ وہ عمل کی حقیقت، نیت کے خلوص، اور صحت کی حدود سے نا واقف ہوتے ہیں۔ برخلاف اس کے جس کی تعریف عالم الغیب دل کی آواز سننے والا، خلوص کا علم رکھنے والا خدا جس کی تعریف کرے وہی سچی اور قابل صد فخر و مباہات تعریف سمجھی جائے گی۔

قرآن کو صحیح طور پر نہ سمجھنے سے عمل ناقص ہو جایا کرتا ہے۔ تفسیر اہلبیت میں یہ واقعہ درج ہے۔

صادق آل محمدؐ نے ایک جگہ لوگوں کا مجمع دیکھا ان کے درمیان واعظ بڑا اچھا وعظ کر رہا تھا آپ کھڑے سنتے رہے۔ جب وعظ ختم ہوا تو لوگ منتشر ہوئے اور واعظ وہاں سے چلا۔ آپ اس کے پیچھے پیچھے چلے کہ یہ اکیلا رہ جائے تو اس سے گفتگو کریں۔ وہ ایک بازار میں داخل ہوا اور ایک نانبائی کو دھوکا دے کر اس کی روٹیوں میں سے دو روٹیاں چرا لیں۔ امام کو اس حرکت پر سخت تعجب ہوا۔ واعظ نے آگے بڑھ کر ایک میوہ فروش کی دکان سے دو انار اور ایک خوشہ انگور چرایا۔ امام کو اور زیادہ تعجب ہوا۔ شہر سے باہر جا کر اس نے وہ چیزیں ایک اپاہج کو کھلا دیں۔ امام نے اس شخص کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا:

"اے شخص مجھے تیرے عمل نے حیران کر دیا ہے۔ تیرا وعظ تو ایسا تھا اور عمل ایسا" اس نے کہا میں نے کیا گناہ کیا جو آپ کے لئے باعث تعجب ہے۔ آپ نے فرمایا: "تو نے چوری کی"

Presented by www.ziaraat.com

اس نے کہا سُنیے میں نے دو روٹیاں چوری کیں دو گناہ کئے، دو انار اور ایک خوشہ انگور چرایا۔ تین گناہ یہ ہوئے۔ سب مل کر پانچ ہوئے۔ ان کو اس محتاج کو لاکر کھلایا تو پانچ نیکیاں کیں۔ خدا فرماتا ہے: من جاء بالحسنة فلهٗ عشرة امثالها۔ جس نے ایک نیکی کی اس کو دس گُناہ ثواب ملے گا۔ لہٰذا پانچ نیکیوں بدلہ ملا پچاس۔ ان میں سے پانچ گناہ نکال دیئے تو ۴۵ نیکیاں مجھے بچ رہیں۔

امام نے فرمایا "اے شخص تو گمراہ ہے تو نے قرآن کو سمجھا ہی نہیں۔ یہ دس گنا ثواب تو اس وقت ملتا جب تو اُسے اپنے مال سے کھلاتا۔ تو نے مال غیر کو اس کی اجازت کے بغیر چوری کر کے کھلایا۔ اس میں نیکی کا کیا سوال"۔

یہ سُن کر وہ واعظ شرمندہ ہوا۔ قرآن نہ سمجھنے سے ایسے اعمال فاسدہ آئے دن دیکھے جاتے ہیں۔

---

حضرت علیؑ (مس روپ کماری کی نظر میں)

وہ دل ہی پاک ہے جس دل میں ماملا انکی
پسند کرتا ہے بھگوان بھی کتیا ان کی
یہ ہر جگہ کے لئے اور ہر جگہ اُن کی
مدینہ ان کا، نجف ان کا، کربلا ان کی
انہی کے نور کا جلوہ امام غائب ہیں
یہی تو نامِ خدا، مظہر العجائب ہیں



# قرآن فہمی، اہل الذکر، عترت اہلبیت

سورہ بقرہ میں ایک واقعہ بیان ہوا ہے کہ ایک مقتول کو اس کے قاتل کا پتہ چلانے کے لئے بنی اسرائیل کو یہ حکم ہوا کہ وہ ایک گائے جس کے اوصاف قرآن کریم میں مذکور ہیں ذبح کر کے اس کا ایک پارچہ مقتول کے بعض حصّوں پر ماریں وہ زندہ ہو کر اپنے قاتل کو بتا دے گا۔ چنانچہ جب ایسا کیا گیا تو مقتول نے زندہ ہو کر اپنا قاتل بتا دیا۔ اس کے بعد وہ مر گیا۔ اس کو غلط تو کہہ نہیں سکتے۔ لیکن مسلمانوں میں کتنے لوگ ہیں جنہوں نے سمجھا ہو کہ اس احیا کا سبب کیا تھا۔ گائے کے پارچے بدن انسان پر مارنے سے حیات کیسے پلٹ آئی۔ قرآن مجید کی سینکڑوں تفسیریں لکھی گئیں۔ جن میں بڑے بڑے دقائق و حقائق بیان ہوئے، بڑی بڑی موشگافیاں کی گئی ہیں لیکن اس منزل پر کسی کا قدم آیا ہی نہیں۔ قرآن فہمی کے دعویدار اس کا جواب دیں۔ یہ تو ہو نہیں سکتا کہ قرآن میں کوئی غیر ضروری بات بیان کی گئی ہو اور مسلمانوں کی سوجھ بوجھ سے اس کا تعلق ہی نہ ہو۔ یہ تو کتاب کی شان کے خلاف ہے کہ ایسی بات کا ذکر ہی کیوں کیا گیا جو عقل سے کوسوں دور ہو۔

کوئی یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ یہ معجزانہ شان ہے لہٰذا اس کو معلوم کرنا ہمارا فرض نہیں۔ یہ واقعہ معجزات موسوی سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ گائے کے ذبح

Presented by www.ziaraat.com

کرنے والے بنی اسرائیل تھے۔ پارچہ گائے کو میت پر مارنے والے یہودی تھے آیت یہ ہے۔ (فقلنا اضربوہ ببعضہا) اضربو صیغہ جمع ہے۔ اگر حضرت موسیٰ مارتے تو (اضرب) بصیغہ واحد ہے۔ علم الحیوانات کے ماہر اور دیگر علما اس کو حل کریں۔ مفسرین بتائیں کہ اس مسئلہ پر روشنی کیوں نہ ڈالی۔

لہٰذا ماننا پڑے گا کہ ان حقائق کا علم رکھنے والا کوئی اور گروہ ہے جس کے متعلق کہا گیا ہے۔ ترجمہ: "اہل ذکر سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے۔" پس معلوم ہوا کہ قرآن میں بعض ایسی چیزیں ہیں کہ ان کا علم مخصوص لوگوں کو ہے لہٰذا قرآن کے ساتھ ایسے لوگوں کو کرنا چاہیئے تھا جو کل قرآن کا علم رکھتے ہوں۔

قرآن مجید میں خدا نے مچھر کی مثال دی ہے اس کی مخلوق بے شمار ہے۔ جن میں حشرات الارض بھی ہیں وہ ہزاروں قسم کے ہیں ان سب میں خدا نے مچھر کو کیوں انتخاب کیا۔ لیکن کتنے اولوالباب ہیں جنہوں نے خلقت مچھر پر غور کیا۔ جو عجائبات قدرت نے اس کے اندر رکھے ہیں ان پر سے پردہ ہٹایا۔ کیسی عجیب بات ہے کہ مچھر کی خلقت پر ریسرچ کریں کفار و مشرقین اور وہ بے خبر رہیں جن کی ہدایت کے لئے کتاب خدا نازل ہوئی۔ تمام تفسیروں کو پڑھ ڈالیئے وجود مچھر پر کہیں بحث نہ ملے گی۔ حالانکہ اس کا وجود عجائبات قدرت سے اتنا لبریز ہے کہ خدا نے اس کو مثال میں پیش کیا۔ اس بے بسی اور خاموشی سے پتہ چلا کہ قرآن کا سطحی اور چند دی علم لوگوں کے پاس ہے کل قرآن کا نہیں۔ یہ تو وہی سمجھا سکتے ہیں جن کے گھر میں قرآن نازل ہوا۔ اور جو مکتب من لدن کے تعلیم یافتہ تھے اور جن کو رسولؐ نے قرآن کے ساتھ کیا اور جو من عندہٗ علم الکتاب کے مصداق تھے۔ قرآن فہمی کا دعویٰ ان کے سوا دوسرا نہیں کر سکتا اور اگر کر سکتا ہے تو ان مسائل کو حل کرے۔

سورۂ نحل میں نحل کی طرف غور و فکر کی دعوت دی گئی ہے اس کا چھتہ بنانے پر توجہ دلائی گئی ہے اس کے شہد کو اشفائے امراض بتایا گیا ہے۔ کتنے مفسرین قرآن ہیں جنہوں نے ان سوالات کا حل تلاش کیا۔ مکھی جو چھتہ بناتی ہے اس مادہ کو موم کہا جاتا ہے۔ یہ مادہ پھولوں کے کس حصّہ سے اس کو حاصل ہوتا ہے



اور آفتاب کی حدّت سے وہ پگھلتا کیوں نہیں؟ مکھی کے اندر کونسی مشین ایسی ہے جو شہد بناتی ہے۔ پھولوں کا رقیق رس اس کے اندر جاتے ہی گاڑھا کیسے ہو جاتا ہے؟ پھول کا رقیق رس پھول پر بیٹھ کر وہ کیسے چوس لیتی ہے؟ ایک مقام پر اگر بہت سے چھتے ہوں تو ہر چھتہ کی مکھی اپنے چھتہ کو بھول کیوں نہیں جاتی۔ ان کا بادشاہ غیر مکھی کو اپنے چھتے میں نہیں آنے دیتا۔ اس کی شناخت کا ذریعہ کیا ہے پھول سے تری نکلنے کے بعد پھول خشک کیوں نہیں ہو جاتا؟ شہد میں یہ تاثیر کیوں پیدا ہوئی۔ جبکہ مکھی نے صرف پھولوں کا رس چوسا ہے۔ اس کے اندر امراض کو شفا دینے والا مادہ کہاں سے پیدا ہو گیا۔ علم نباتات کے ماہرین اس کا جواب دینے کی کوشش کریں۔

قرآن میں نحل کا ذکر صرف اس لیے نہیں ہے کہ صاحبان فہم و فراست اس پر غور نہ کریں لہٰذا ماننا پڑے گا کہ کوئی طبقہ ضرور ایسا ہے جو ان مسائل کا حل جانتا ہے اور وہ مکھی کے عمل سے بہت سے علوم کا انکشاف کر سکتا ہے اور یہ ثابت کر سکتا ہے کہ اس قرآن میں ہر شے کا بیان ہے ہر قسم کا علم ہے اگر کوئی نہیں سمجھتا تو اس میں قرآن کی جامعیت میں فرق نہیں آتا۔ قرآن کے ساتھ رسولؐ نے ایسے لوگ کر دیئے ہیں جو ان تمام مسائل کو جاننے والے ہیں اور حقیقی مفسر قرآن ہیں۔

حضرت یونسؑ کے قصّہ میں ہے کہ جب بطن حوت سے نکلے تو خدا نے کدو کی بیل پیدا کر کے اس کو ان کی غذا قرار دیا۔ کسی نے اس پر غور کیا ہے کہ کئی روز کے بھوکے پیاسے نبی کے لیے کدو کی غذا اور وہ بھی کچا کدو کیوں تجویز کیا گیا کوئی ہے اس مسئلہ کا حل کرنے والا۔

انجیر اور زیتون کی قسم خدا نے کھائی ہے۔ اور بھی بہت سے درخت ایسے ہیں جن کے بے شمار فوائد ہیں جیسے ناریل اور کھجور وغیرہ لیکن ان کی قسم نہیں کھائی۔ اس میں کیا راز ہے؟

قرآن کے کچھ ظواہر ہیں اور کچھ بواطن ہیں اس کا کلی علم سوائے رسولؐ اور آئمہ اہل بیت، دوسروں کو حاصل نہیں۔ وہ قرآن کی ایک ایک آیت کے بواطن

Presented by www.ziaraat.com

سے باخبر ہیں ۔ انہی بواطن سے ان تمام علوم کا اخراج ہوتا ہے جو آج تک دنیا میں رائج ہیں۔ اگر یہ اخراج کرنے والے نہ ہوں تو اس دعوے کا ثابت کرنا مشکل ہوگا کہ ہر رطب و یابس قرآن کے اندر ہے۔ اور یہ کہ ہر کرشمے کا بیان قرآن کے اندر ہے ۔ قرآن سے تمام علوم کے اخراج کا پتہ اس سے چلائیے کہ امیر المومنینؑ نے فرمایا ہے کہ رسولؐ نے مجھے ہزار باب علم کے تسلیم کئے اور ہر باب سے اور ایک ہزار باب مجھ کر کھل گئے ۔ یہ ہزار باب جو رسولؐ نے تعلیم دیئے ان کا ماخذ قرآن کے سوا اور کیا ہو سکتا۔ یہ باب جو رسولؐ نے تعلیم دیئے علمی اصول تھے۔ علیؑ نے جب قرآن میں تدبر کیا تو ہر علم کے تحت ایک ایک ہزار شاخ اور پیدا ہو گئے خلاصہ یہ ہے کہ کل قرآن کا علم سوائے محمدؐ و آل محمدؐ اور کسی کو نہیں دیا گیا۔ اس کی جہت ظرف کے لحاظ سے مظروف۔

اگر ایک پیالہ میں ایک گھڑا پانی ڈال دیا جائے تو جتنا ظرف ہے اتنا ہی اس میں رہے گا باقی چھلک جائے گا اور لوگ اس کی تاب نہ لا سکتے تھے۔

قرآن میں ایک ایسی چیز ہے جس کا تعلق ایک خاص گروہ سے ہے اور وہ ہیں حروف مقطعات۔ سوال یہ ہے کہ اگر قرآن سب کی ہدایت کے لئے یکساں آیا ہے تو حروف مقطعات سے لوگوں کو کیا فائدہ پہنچا۔ کیونکہ قرآن میں کوئی چیز عبث نہیں۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ کوئی گروہ ضرور ایسا ہے جو ان کا مفہوم سمجھتا ہے اور ان سے ہدایت کے دروازے ان پر کھلتے ہیں اور وہ گروہ سوائے محمدؐ و آل محمدؐ کے دوسرا نہیں ہو سکتا۔ اگر کوئی اس کو نہیں مانتا تو بتائے کہ حروف مقطعات ہی کے قرآن میں شامل کرنے سے کیا فائدہ ہوا۔

علم الحروف کے ماہرین جانتے ہیں کہ حروف اور ان کے اعداد میں اللہ تعالیٰ نے ایک قوت بخشی ہے۔ حروف مقطعات ہی کے اندر اسم اعظم الٰہی ہے جس کا پورا پورا علم محمدؐ و آل محمدؐ کو خاص ہے ۔

قرآن کا یہ دعویٰ ہے کہ اس کی عظمت کی بنا پر پہاڑ جگہ سے ہٹ سکتے ہیں، زمین سمٹ کر آ سکتی ہے۔ مُردے بول سکتے ہیں ۔ بتاؤ اس کا ثبوت قرآن خوانوں میں سے کس نے پیش کیا ؟ یہ صرف آل محمدؐ ہی تھے کہ نصارائے نجران کے چیف پادری



نے ان کی صورتیں دیکھتے ہی کہہ دیا تھا۔ میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ خدا سے سوال کریں کہ پہاڑ جگہ سے ہٹ جائے تو خدا ضرور ہٹا دے گا۔ اگر کوئی ضرورت پیش آتی تو ضرور قرآن کی اس عظمت سے کام لیتے۔ جن کی دعا اور آمین سے ڈوبا سورج واپس پلٹا۔ سنگریزے موتی بن گئے۔ سوکھے درخت ہرے ہو گئے ان قرآنی آیات کی مدد سے پہاڑ کا ہٹا دینا بھی ممکن تھا۔

جب مدائین میں سلمان فارسی کا انتقال ہوا تو علیؑ چشم زدن میں مدینہ سے مدائین پہنچے ۔ امام زین العابدینؑ نے ایک شیعہ زائرہ کی عورت کو جو اثنائے سفر میں مر گئی تھی زندہ کر کے بھی دکھا دیا۔ اگر ان واقعات کو نہیں مانا جاتا تو قرآن کے اس دعویٰ کو مسلمان ثابت نہیں کر سکتے۔ چودہ صدی کے اندر سوائے محمدؐ و آل محمدؐ کے اور کسی نے ایسا کر کے دکھایا ؟

رسولؐ نے اہل بیت کو قرآن کے ساتھ اس لئے کیا تھا کہ :

۱۔ اس کے الفاظ و آیات کی صحیح تاویل و تفسیر بتائیں۔

۲۔ ہر آیت یا پارہ کی شان نزول بیان کریں ۔

۳۔ الفاظ کے تقدم و تاخر کو بتائیں۔

۴۔ اسرار و غوامض کو سمجھائیں۔

۵۔ اوامر و نواہی کی لم بیان کریں ۔

۶۔ اس کی عظمت کا نقش لوگوں کے دلوں پر بٹھائیں۔

۷۔ اس کے اندر جو علوم و فنون ہیں ان کو واضح کریں۔






Presented by www.ziaraat.com

# قرآن ۔ عترت ۔ اہلبیت

اگر محمدؐ و آل محمدؐ کا نور اوّل نہ ہوتا تو کچھ نہ ہوتا۔ یہ کائنات سے جداگانہ نوع ہیں۔ ان کی تخلیق کا قیاس کائنات کی کسی شے سے نہیں ہو سکتا۔ یہ لا شے سے بنے۔ کسی مخلوق کو یہ نصیب نہیں جو ان کو حاصل ہوا۔ کوئی نمونہ نہ تھا اس اوّل ہستی کا۔ یعنی سرکار دو جہاں کے نور کا جس کے اجزاء ہیں یہ چودہ۔

یہ بنا اوّل اور بنایا معرفت کرانے کے لئے۔ مسلمانان عالم کا یہ ایمان ہے کہ سب سے اوّل ہمارے حضورؐ کا نور بنا۔ تو اب اس ذات اوّل نے جس کو خدا نے اوّل بنایا اس نے معرفت خدا کس طرح حاصل کی۔ وہ کیوں کر حاصل کی۔ جبکہ کوئی شے نہ تھی۔ معرفت علم کو کہتے ہیں۔ علم کی قسمیں ہیں جس کا تعلق کائنات سے ہو اس کو علم بولا جاتا ہے اور شخصیات سے تعلق ہو تو اسے معرفت بولا جاتا ہے۔

اس مسئلے کو حکما، فلاسفر حل نہ کر سکے۔ اس کو اگر حل کیا تو آئمہ طاہرین نے۔ معلول سے علت کو پہچاننا، مصنوع سے صانع کو پہچاننا، مخلوق سے خالق کو پہچاننا، اثر سے مؤثر کو پہچاننا۔ یہ تو فطرت ہے کائنات کی۔ مگر اول کائنات کی نہیں۔ کیونکہ وہاں معلول اول ہے ہی نہیں۔ کوئی مخلوق، کوئی مصنوع ہے ہی



نہیں۔ تو یہ جو اوّل بنا اس نے کیا دیکھا جو خدا کو پہچانا۔ اس نے کیا دیکھا جب کچھ نہ تھا۔ جب لا شے وہ وجود میں آیا۔

دعائے صباح میں امیر المومنین علیؑ ارشاد فرماتے ہیں:

یَا مَنْ دَلَّ عَلٰی ذَاتِہٖ بِذَاتِہٖ

"اے وہ ذات کہ جس نے اپنی ذات کی رہنمائی کی اپنی ہی ذات کے ذریعے (کوئی غیر نہیں درمیان ہیں)"

امام زین العابدینؑ نے بہت واضح کر دیا: اِلٰھی بِکَ عَرَفْتُکَ۔ صحیفہ کاملہ میں ہے: "اے میرے مالک! میں نے تجھے تجھ ہی سے پہچانا"

وَاَنْتَ دَلَلْتَنِی عَلَیْکَ

"اور تو نے خود ہی میری رہنمائی کی اپنی ذات کے لئے"

معصوم فرماتے ہیں: ان اللہ خلق ارواحنا

"خدا نے ہماری روحوں کو پہلے پیدا کیا" واسکنھا فی النور "اور نور کو ملایا پھر روح کو ساکن کیا یعنی روح کو سکونت دی نور میں اور جب وہ آگئی تو ادھر وہ آئی تو فانطقنا۔ اس کے آتے ہی ہم عالم بن گئے، ناطق بھی بن گئے، نطق بھی کرنے لگے۔

اب معلوم ہوا۔ صادق آل محمدؐ نے فرمایا: اَوْدَعنا معرفتہ خدا نے ودیعت کی معرفت ہمارے اندر۔ یعنی ہمارے اجزائے تخلیقیہ کو ایسا بنا دیا کہ علم ان کے اجزاء میں شامل تھا۔ اور معرفت ان کی روح اور نور کے مل جانے کا نتیجہ ہے۔ یہ پہلا نطق تھا لا الٰہ الا اللہ جب اوّل نور بنا تو حروف تہجی پیدا ہوئے اور یہ مل کر مرکبات اور لفظ بن کر ظہور میں آئے اس ناطق اوّل میں۔

امام محمد تقیؑ فرماتے ہیں:

ان اللہ خلق الاسماء والصفات بالحروف والحروف بالاصوات

"اللہ نے پیدا کیا اسماء کو اور صفات کو حروف سے حروف بنایا۔ اور

Presented by www.ziaraat.com

حروف کو بنایا نطق سے اور نطق کو پیدا کیا نور اوّل سے۔ جب وہ بولا تو الفاظ بنے، جملے بنے، آئتیں بنیں، آئتیں بنیں تو رکوع بنے، رکوع بنے تو سورے بنے بپارے اور پارے بنے قرآن۔ اگر وہ ناطق اول نہ ہوتا تو قرآن نہ ہوتا تو قرآن ناطق وہ ہے جب وہ زمین پر آیا نطق کرتا گیا، بولتا گیا۔ یعنی نور اول جب بولا سُننے والوں نے سُنا اور لکھا۔ تو بولنے کے بعد سُننے اور لکھنے میں آیا۔ کیونکہ خدا نے ان کے اجزاء میں دے دیا تھا۔ ان کے قرأت کرنے سے قرآن بنا۔ اور جو قرآن کی قرأت کی وہ کہاں سے کی؟ زبان پر تو ہے لیکن آیا کہاں سے۔ جب یہ بولے تو قرآن اور جو ان کے سینے کے اندر ہے اس کو قرآن بتاتا ہے انہ القرآن کریم "یقیناً یہ جو حضورؐ بول رہے تھے قرآن کریم ہے، حضورؐ جو بول رہے ہیں قرآن کریم ہے فی کتاب مکنون: "یہ قرآن کریم چھپی ہوئی پوشیدہ کتاب مکنون میں ہے جہاں سے پڑھ رہے ہیں۔

لا یمسہ الا المطھرون: "اس کتاب کو کوئی چھو نہیں سکتا وہ کسی سے مس ہو نہیں سکتی سوائے ان کے جن کو خدا نے مطہر کیا ہے، آیت تطہیر آئی ہے جن کے لئے، ان کے سوا اس کتاب مکنون کو کوئی چھو نہیں سکتا۔ کوئی وہاں تک پہنچ نہیں سکتا۔ تو اب کتاب مکنون سینہ محمدؐ عربی ہے اور جو آپؐ نے ارشاد فرمایا یا تلاوت کیا وہ ہے قرآن۔

یہ ان کے اجزاء میں شامل ہے۔ نطق بھی، علم بھی، معرفت بھی، اور جب ان کے اجزاء تخلیق میں خالق نے ودیعت کر دیا تو جو ان کے اجزاء بدن ہیں بشری شکل میں۔ آپ چاہے ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیں۔ ان کے جسم کو کاٹ ڈالیں۔ قرآن جُدا نہ ہوگا، نطق جُدا نہ ہوگا وہ ان کی روح و نور کو ملا ہے، یہ بطن مادر میں بھی کلام کرتے ہیں اور بشری شکل میں پیدا ہوتے ہی کلام کرتے ہیں ان سے قرآن جدا نہیں ہوگا۔ وہ تو ان کی تخلیق میں ہے۔ ان کے اجزائے تخلیقیہ میں ہے۔ اگر ٹکڑا جدا ہوگا، سر جُدا ہوگا۔ قرآن پڑھے گا۔

سید الشہداء امام حسینؑ کے سر اقدس نے نوک نیزہ پر کلام مجید کی



تلاوت فرمائی۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ
كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا (پارہ: ۱۵ - ۱۳)

"یعنی کیا تم نے گمان کر لیا کہ اصحاب کہف اور رقیم ہماری قدرت کی نشانیوں میں سے ایک عجب نشانی تھے"

اور یہ آیہ مجیدہ پڑھ کر ثابت کر دیا کہ ہم وارثان قرآن ہیں۔ ہم قرآن سے جدا نہیں ہو سکتے اور نہ قرآن مجید ہمارا ساتھ چھوڑ سکتا ہے۔

قرآن مجید کی آیت:

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ

"یعنی وہ لوگ جن کو ہم نے کتاب دی وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ اس کی تلاوت کا حق ہے" ان وارثان کتاب کی شان میں ہی صادق آسکتی ہے۔ انہوں نے دُنیا کو حقیقت قرآن سے روشناس کیا۔ یہ معصوم ہستیاں ہی وارث کتاب (قرآن) ہیں۔ ان ہی کا اللہ نے اصطفیٰ کیا۔ انہی پر رسولؐ کی زبان سے سلام کہلوایا۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى۔

"کہہ دیجئے کہ سب تعریف اللہ کے لئے ہے اور سلام ہے اس کے ان بندوں پر جنہیں اللہ نے برگزیدہ کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

# محمدؐ وآلِ محمدؐ کی طینت

محمدؐ وآلِ محمدؐ کی طینت یعنی مادۂ وجود عام لوگوں کی طینت سے جُدا ہے ، اصول کافی میں متعدد احادیث اس سلسلہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہیں۔ آپ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو طینت علیین سے پیدا کیا ہے۔

انبیاء اور آئمہ کی خلعت چونکہ عالم امری سے ہوتی ہے لہٰذا ان کا قیاس دوسروں پر نہیں کیا جاسکتا۔ ان کی عقل وفہم کو تدریجی ترقی نہیں ہوتی بلکہ وہ پیدا ہی کامل العقل ہوتے ہیں۔

جناب ابراہیمؑ کے متعلق قرآن بتاتا ہے۔ "ہم نے پہلے ہی ان کو صاحبِ رشد بنا دیا تھا جبکہ بچپن ہی میں انہوں نے کوکب و قمر وشمس کے حادث ہونے کو جن کو لوگ معبود مان رہے تھے ناقابلِ انکار دلیل سے ثابت کر دیا۔"

جناب اسحٰق کے لئے فرمایا: "ہم نے ان کو علیم (بڑا علم رکھنے والا) فرزند کی بشارت دی۔ علیم اور عالم میں جو فرق ہے اہلِ علم سے پوشیدہ نہیں۔"

اس سے معلوم ہوا کہ پیدا ہی علم لے کر ہوئے تھے۔

جناب یحیٰی کے متعلق ہے کہ انہوں نے پیدا ہوتے ہی حضرت عیسٰی کی تصدیق



کردی۔ جناب عیسٰیؑ نے آغوش مادر میں ہی اپنی ماں کی عصمت کی گواہی دی اور اپنی نبوت کا اعلان کیا۔

خاتم الانبیاءؐ نے پیدا ہوتے ہی سجدہ کیا اور اپنی والدہ سے کلام کیا۔

حضرت علیؑ نے پیدا ہوتے ہی کتب آسمانی کی تلاوت کی۔

حضرت امام حسنؑ بچپن میں ہی آواز وحی سن لیتے تھے اور اپنی والدہ سے بیان کر دیتے تھے۔

آئمہ حضرات نے دنیا کے کسی مدرسہ میں تعلیم نہیں پائی بلکہ ان کا علم سینہ بسینہ تھا جو رسولؐ سے علیؑ کو ملا۔ اس علم میں غلطی کا امکان نہیں۔ اس علم میں وہم و گمان وظن کو دخل نہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ اس گروہ کی عقلی اور ذہنی صلاحیتیں تمام ابنائے روزگار سے بالکل جُدا ہوتی ہیں۔

تمام انسانوں کے حصول علم کے تین ذریعے ہیں۔

اول حواس۔ دوسرے عقل، تیسرے خبر۔ لیکن یہ تینوں ذریعے ناقص ہیں۔

حواس پانچ ہیں۔

قوت باصرہ ، قوت سامعہ ، قوت لامسہ ، قوت شامہ اور قوت ذائقہ

## قوتِ باصرہ

ہر صاحب بصارت انسان میں یہ قوت ناقص ہے اور اس کے درجات مختلف کوئی سامنے کی چیز مشکل سے دیکھتا ہے ، کوئی سوگز دور کی ، کوئی ایک فرلانگ کی اور کوئی ایک میل کی۔ ان درجات کے اختلاف سے بنی آدم کے درمیان بڑا فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس قوت کا ضعف صحیح علم تک رسائی نہیں ہونے دیتا۔ مثلاً رات کو تاریکی میں رسی سانپ نظر آتی ہے۔

## قوتِ سامعہ

اس کا بھی وہ حال ہے جو قوت باصرہ کا۔ اکثر آوازیں مشتبہ ہو جاتی ہیں اور انسان دھوکا کھا جاتا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

## قوتِ ذائقہ، لامسہ، شامہ

ان میں بھی قسم قسم کی غلطیاں واقع ہوتی ہیں۔ آدمی ایک چیز کو چکھتا ہے چھوتا یا سونگھتا ہے اور سمجھ میں نہیں آتا یہ کیا ہے یا کچھ یا کچھ سمجھ لیتا ہے۔ غرضیکہ حصول علم کے یہ تمام ذرائع چونکہ ناقص ہیں لہٰذا ان سے حاصل ہونے والا علم بھی ناقص ہوگا۔

ان حواس خمسہ میں قوت باصرہ اور سامعہ کو رشد و ہدایت سے زیادہ تعلق ہے۔ یعنی عمل رسولؐ یا امامؑ کو دیکھے اور اس کے قول کو سُنے اور یاد رکھے باقی تین کا تعلق اس کی ذات سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ روز قیامت سامعہ، باصرہ اور قلب تین چیزوں سے سوال ہوگا۔ ذائقہ، لامسہ اور شامہ سے نہیں۔ یعنی جو تم نے سنا تھا، دیکھا تھا اور سمجھا تھا اس پر عمل کیوں نہ کیا۔

دوسرا ذریعہ تحصیل علم کا عقل ہے یہ بھی ناقص ہے کیونکہ اول تو عقلوں میں تفاوت ہے دوسرے عقل میں پختگی آتی ہے علم سے۔ پس اگر علم ناقص ذرائع سے حاصل ہوا تو نتیجہ میں یہ نقصان عقل میں پایا جائے گا۔ تیسرے عقل جذبات سے مغلوب ہو کر اپنی نورانیت کھو بیٹھتی ہے۔ چوتھے ماحول کے اثر سے زنگ آلود ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسانی نظریات بدلتے رہتے ہیں۔ ایک وقت کے عقلی کارنامے دوسرے زمانہ میں کام نہیں آتے۔ عقلائے روزگار کے مسلمات پر اعتراض ہوتے ہیں۔ اصول و قواعد مجوزہ بدلے جاتے ہیں اور تجویزیں مسترد ہوتی ہیں۔

تیسرا ذریعہ حصولِ علم کا خبر ہے لیکن خبر متحمل صدق وکذب ہوتی ہے، لہٰذا جھوٹی خبروں سے جو علم حاصل ہوگا وہ یقیناً ناقص ہوگا۔

پس جب حصول علم کے یہ تینوں دروازے قابلِ اعتماد نہیں تو ان کی جگہ ایسے تین دروازے تلاش کئے جائیں جو ان نقصانات سے خالی ہوں تاکہ علم صحیح سرچشموں سے حاصل ہو۔ ایسے لوگ دنیا میں ضرور آنے چاہیئیں جو بلحاظِ خلقت درجہ کمال پر فائز ہوں اور بطور نمونہ ہر زمانہ میں موجود بھی رہیں ورنہ



قدرت کاملہ الہیہ پر یہ الزام عائد ہوگا کہ اس کو کامل انسان پیدا کرنے پر قدرت نہیں جو پیدا کرتا ہے ناقص ہی پیدا کرتا ہے۔

انبیاء و مرسلین و آئمہ طاہرین کو جو حصول علم کے ذرائع دیئے گئے ہیں وہ کامل ہیں ناقص نہیں تاکہ صحیح معنی میں ہدایت ہو سکے اور وہ حصول علم میں غیر کے محتاج نہ ہوں۔ اب اس کی توضیح سُنیئے۔

## قوتِ باصرہ وسامعہ

جناب ابراہیمؑ کے متعلق ہے (الانعام) "ہم نے جناب ابراہیم کو آسمان اور زمین کا نظام دکھایا تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں"۔

یہ تھی ایک نبی کی قوت باصرہ جس نے زمین پر سے ارضی وسماوی نظام کو دیکھ لیا اور کوئی پردہ نگاہ کے درمیان حائل نہ ہوا اور کتنی قوت تھی اس نگاہ میں کہ چند منٹ میں اس نظام کو دیکھ کر پلٹ آئی اور کتنی قوت تھی اس قلب سلیم میں کہ جو کچھ دیکھا تھا اس کا علم اپنی رگوں میں لے لیا۔

اب کون کہہ سکتا ہے کہ یہ علم ناقص ہوگا اور اس عینی مشاہدہ سے حق الیقین حاصل نہ ہوا ہوگا؟

دنیا کے عقلمند، سائنس کے ناخدا سال ہا سال سے چاند پر کمند ڈالنے کی فکر میں ہیں۔ قسم قسم کے راکٹ بنا کر اڑائے جا رہے ہیں۔ تصویریں لی جا رہی ہیں۔ اس کے نظام پر غور کیا جا رہا ہے مگر ابھی تک کوئی تسلی بخش چیز حاصل نہیں ہوئی۔ یہ تو صرف ایک چاند کی کہانی ہے جو سماواتی نظام کا چھوٹا سا جزو ہے تمام ملکوت وسماوات کے دیکھنے کا ذکر ہی کیا۔ یہ طاقت تو نبی کی آنکھ کے سوا اور کسی آنکھ میں ہو ہی نہیں سکتی۔ چاہے طاقتور سے طاقتور دُور بینوں سے مدد بھی لی جائے۔

اب حضرت سلیمانؑ کے قصہ پر غور فرمائیں۔ وادی نمل سے گزر رہے ہیں لشکر ساتھ ہے۔ ایک چیونٹی کی آواز سنائی دیتی ہے جو اپنی قوم کو للکار کر کہہ رہی تھی: "اے چیونٹیوں اپنے اپنے سوراخوں میں داخل ہو جاؤ،

Presented by www.ziaraat.com

"تاکہ سلیمانؑ اور اس کا لشکر بے پرواہی سے تمہیں کچل نہ دے"۔
یہ آواز جناب سلیمانؑ کے کان میں آگئی۔ اندازہ فرمادیں ایک نبی کی قوت سامعہ کا۔ اول تو کھلی وادی پھر اس چیونٹی کی آواز۔ کس کی طاقت ہے کہ سن لے۔ طاقتور مائیک لگایا جائے تب بھی کھلے میدان میں چیونٹی کی آواز نہیں سنی جاسکتی۔ یہ نبی ہی کی قوت تھی کہ اس کو سن لیا۔

حضرت سلیمان اس وقت گھوڑے پر سوار تھے اترے اور چیونٹیوں کے لشکر میں سے اسی چیونٹی کو اٹھالیا۔ یہ تھی ایک نبی کی قوت باصرہ۔ اول تو چیونٹیوں میں کوئی امتیاز نہیں ہوتا۔ پھر وہ چیونٹی لشکر کے اندر تھی۔ سوائے نبی کے کس کی قوت باصرہ اتنی قوی ہوسکتی ہے کہ اس پر نگاہ جما کر اٹھالے اور پوچھتے ہیں کہ تونے ایسا کیوں کہا۔ اس چیونٹی نے جواب دیا۔ یا نبی اللہ معصوم تو صرف آپ ہی ہیں سارا لشکر تو نہیں۔

## قوت شامہ

ہر انسان ایک معین حد تک خوشبو یا بدبو سونگھ سکتا ہے مگر انبیاء کوسوں دور کی چیز سونگھ لیتے ہیں۔

جب حضرت یوسفؑ کا کرتا بشیر مصر سے لے کر چلا تو حضرت یعقوبؑ نے جو کنعان میں تھے بوئے پیراہن یوسف سونگھ لی اور فرمایا: "اگر تم مجھے سٹھیا ہوا نہ سمجھو تو میں بتادوں کہ میں یوسفؑ کی خوشبو سونگھ رہا ہوں"۔
یہ ہے قوت شامہ نبی کی۔

## قوت ذائقہ

جب حضرت خضر سکندر کو لے کر چشمہ آب حیات پر پہنچے تو اس کا پانی ذرا سا چکھ کر پتہ چلالیا کہ یہ آب حیات ہے لہٰذا سکندر کو وہاں سے ہٹالائے۔



## قوت لامسہ

محفل فرعون میں جب حضرت موسیٰؑ کو دودھ پلانے کے لئے کسی دائی کی گود میں دیا جاتا تھا تو اس کے جسم سے متصل ہوتے یہ محسوس کر لیتے تھے کہ یہ ان کی ماں نہیں ہے۔

یہ تو بیان تھا انبیاء کے حواس خمسہ کا۔ اب ان کے اجسام طاہرہ کے متعلق سنیئے جن کی طینت عام طینتوں سے جدا ہے۔ بغیر ان کے قصد وارادہ کے کوئی چیز ان کے اجسام کو نقصان نہیں پہنچا سکتی بلکہ ان سے منسوب چیزوں کو بھی۔
جناب ابراہیمؑ کو آتش نمرود نہ جلا سکی، تابوت موسیٰؑ کو دریائے نیل نہ ڈبو سکا۔ جناب عزیزؑ سو برس تک مردہ پڑے رہے مگر کیا طاقت تھی مخلوق کی کہ ان کے جسم پر کوئی تصرف کر سکتی۔ بدستور ان کا جسم ویسا ہی رہا نہ گلا نہ سڑا، نہ سوکھا بلکہ جو کھانا ساتھ تھا وہ بھی سو برس تک نہ باسا اور نہ ہی سوکھا۔

یہ تو تھا انبیاء کا حال۔ اب حال سنیئے محمدؐ وآل محمدؐ کا۔ جن کا علم تمام انبیاء سے زیادہ تھا۔
جناب موسیٰؑ کلیم اللہ تھے بلحاظ علم ان کو حضرت خضر کا تلمذ حاصل کرنا پڑا۔
جناب داؤدؑ کے پاس جب یہ مقدمہ آیا کہ میرے پاس ایک بکری ہے اور دوسرے کے پاس ۹۹ ہیں وہ چاہتا ہے کہ وہ ایک بھی میں اسی کو دے دوں۔ فیصلہ میں جناب داؤدؑ سے چوک ہوگئی اور وہ سمجھ گئے کہ میں امتحان میں تھا۔

جناب سلیمانؑ کو منطق الطیر کا علم دیا گیا تھا مگر ہدہد نے ان کی کمی علم کا تذکرہ کر ہی دیا۔ سورہ نمل میں ہدہد کا یہ قول مذکور ہے (اس نے کہا مجھے وہ بات معلوم ہوئی ہے جو اب تک حضور کو معلوم نہیں ہے۔ میں آپ کے پاس ایک تحقیقی خبر شہر سبا سے لے کر آیا ہوں)
انبیاءؑ کے مدارج بہت بلند ہیں۔ ہم ان کی حقیقت کو سمجھ ہی نہیں سکتے

Presented by www.ziaraat.com

لیکن ان کے درمیان بھی فضیلت کے درجات ہیں۔

تلک الرسل فضلنا بعضھم علیٰ بعض

"یہ انبیاء ہیں ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی گئی ہے"۔

ہر نبی کو حسبِ ضرورت خدا کی طرف سے علم دیا گیا مگر ہمارے نبیؐ کو ہر شے کا علم دیا گیا۔

(علمک ما لم تکن تعلم) جو بھی تم نہ جانتے تھے وہ سب بتا دیا گیا ہے اور یہ تمام تعلیم قرآن کے ذریعے سے ہوئی جس میں ہر شے کا بیان ہے۔

بتبیانا لکل شیٔ ۔ اسی قرآن کا پورا علم بمصداق من عندہٗ علم الکتاب حضرت علیؑ کو تھا اور ان کے بعد تمام آئمہ کو۔

## محمدؐ و آل محمدؐ کے حواس کی تکمیل

جناب ابراہیمؑ کو ملکوت سماوات و ارض تو دکھایا گیا مگر زمین ہی پر سے دکھایا گیا اور خاتم الانبیاءؐ کو قاب و قوسین او ادنیٰ تک پہنچا کر آیت کبریٰ کو دکھایا۔ جس کا مرتبہ ملکوت سماوات سے زیادہ تھا۔ دور سے دکھانے اور پاس سے دکھانے میں بڑا فرق ہوتا ہے۔

جناب موسیٰؑ کی بصارت ایک صاعقہ کی تاب نہ لائی اور حضورؐ سرورِ انبیاء نے پاس سے دیکھا اور پلک نہ جھپکی۔

کتاب بصائر الدرجات میں جابرؓ ابن عبداللہ سے منقول ہے کہ امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ انبیاء اور اولیا میں پانچ روحیں ہیں۔ ان میں سے ایک روح القدس ہے اس کے ذریعے سے ہر امام ہر اس چیز کو دیکھ لیتا ہے جو زیرِ عرش یا زیرِ زمین ہے۔

اسی کتاب میں امام رضاؑ نے فرمایا ہے "امام زمین میں ایسا ہے جیسے چاند آسمان میں کہ وہ اپنی جگہ پر رہ کر تمام چیزوں کو دیکھتا ہے۔ یہ ہے امام کی قوت بصارت۔



سورہ توبہ میں ہے (تم جو عمل کرو تو یہ سمجھتے ہوئے کرو کہ اللہ اس کو دیکھتا ہے اور اس کے رسولؐ اور کچھ ایمان والے) علمائے اسلام بتاتے ہیں کہ یہ کون مومنین ہیں جو اللہ و رسولؐ کی طرح لوگوں کے خفیہ اعمال کو دیکھنے والے ہیں۔ عام لوگوں کی بصارت کہاں کہ پس پردہ اعمال کو بھی دیکھ لیں۔ لوگوں کو اپنے گھر والوں کے اعمال کا تو پتہ نہیں چلتا وہ بے چارے دوسروں کے اعمال کا کیا پتہ چلائیں۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ یہ اہلِ ایمان کا کوئی خاص گروہ ہے جس کی نظر رسولؐ کی سی نظر ہے اور رسولؐ کی نظر کے سامنے کوئی پردہ حائل نہیں ہو سکتا۔

اسلامی تاریخوں میں یہ واقعہ موجود ہے کہ جناب عباس بن عبدالمطلب جنگ بدر کے بعد قید ہوئے تو ان سے فدیہ مانگا گیا۔ انہوں نے کہا کہ "میرے پاس کیا ہے جو فدیہ ادا کر دوں"۔

فرمایا: "مکہ سے چلتے وقت جو سو دینار اپنی بی بی اُم الفضل کو دے آئے ہو اس میں سے دو"

اس سے معلوم ہوا کہ جو چیز خفیہ طور سے دی گئی تھی رسولؐ کی آنکھ اُسے دیکھ رہی تھی۔ پس جن مومنین کو اللہ اور رسولؐ کے ساتھ وائی اعمال خلق بتایا گیا ہے ان کی نظر کے سامنے بھی کوئی پردہ حائل نہ ہونا چاہیئے۔ اسی لئے تو ان حضرات کو عین اللہ الناظر و اذن الواعیہ کہا جاتا ہے۔

امیرالمومنین علیؑ کا خاص لقب عین اللہ۔ اگر عام لوگوں کی طرح ان کی آنکھ بھی پس پردہ نہ دیکھ سکے تو پھر ان کو عین اللہ کہا ہی کیوں جائے۔

کتاب تحفۃ الزائر میں ہے۔

السلام علی شجرۃ التقویٰ وسامع السر والنجویٰ

(میرا سلام ہو تقویٰ کے درخت پہ اور خفیہ باتوں پہ اور رازوں کے سُننے پر) یہ کمال ہے قوت باصرہ کا۔ عام لوگوں کی سمجھ میں یہ بات نہیں آسکتی۔ کیونکہ اس قوت کے پرکھنے کا کوئی معیار ان کے پاس موجود نہیں۔

مدینۃ المعاجز میں امام محمد باقرؑ سے منقول ہے۔

"اگر تمہاری طرح ہماری بینائی کو بھی دیواریں روکتیں تو تم ہم برابر ہو جاتے"

Presented by www.ziaraat.com

رہی قوت شامہ، تو اگر یوسفؑ کے کرتے کی بُو جناب یعقوبؑ کی قوت شامہ نے محسوس کرلی تو امام حسینؑ نے خاک کربلا سے اپنے خون کی خوشبو سونگھ لی۔

قوت لامسہ کا یہ حال کہ جب معتمد عباسی کے زمانہ میں قحط پڑا تو ایک عیسائی پادری نے دُعا کرکے پانی برسا دیا اور اس سے عیسائیت کی حقانیت ثابت کی۔ مسلمانوں کے عقائد میں خلل آیا۔ مجبوراً امام حسن عسکریؑ کو قید خانہ سے بُلا کر یہ واقعہ بیان کیا۔

آپ نے فرمایا "میرے سامنے دُعا کرے تو جانوں"۔

چنانچہ اسے دُعا کے لئے پھر بُلایا گیا۔ جب وہ دُعا کرنے لگا تو آپ نے ایک شخص سے کہا! "اس کے ہاتھ میں جو چیز ہے وہ چھین لا"۔ آپ نے دیکھا وہ ہڈی ہے۔ ہاتھ سے مس کرکے بتا دیا کہ یہ کسی نبی کی ہڈی ہے پانی اس کی برکت سے برسا ہے نہ کہ عیسائی کی دُعا سے۔ چنانچہ اس کے بعد اس کی دُعا سے پانی نہ برسا۔ اسے کہتے ہیں معصوم کی قوت لامسہ۔

بعض حالات وکیفیات میں ان حضرات کی روش جو لاعلموں کی سی ہوتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حضرات ہر مقام پر موافق اپنے علم کے عمل پر مامور نہ تھے تاکہ ان کی بشریت کا اظہار ہوتا رہے۔ ان کا کسی امر کے متعلق دوسروں سے سوال کرنا کسی مصلحت کے تحت ہوتا ہے نہ کہ جہالت کے تحت۔ خدا کا یہ فرمانا مَا تِلْكَ بِيَمِينِكَ يَا مُوسَىٰ معاذاللہ اس لئے نہ تھا کہ خدا اس لاٹھی کو جانتا نہ تھا بلکہ ایک مصلحت کے تحت تھا۔ اس کے ساتھ اتنا اور سمجھ لیجئے کہ ان حضرات کا علم ذاتی نہ تھا۔ جیسے علم خدا ہے بلکہ وہی تھا اور اس کا اظہار تحت امر الٰہی تھا۔ بے اذن الٰہی یہ ہر امر کا اظہار نہیں کرسکتے تھے ہر امر میں اس کی مرضی کے تابع تھے۔

---



# آل - عترت - اہلبیت

امام راغب اصفہانی نے مفردات میں لکھا ہے لفظ آل اہل سے تو بنا ہے لیکن دونوں کے استعمال میں فرق ہے۔ لفظ آل عَلَم یعنی نام کے ساتھ بولا جاتا ہے جیسے آلِ زید، آلِ عمرو، اِسم نکرہ، قریہ اور زمان کے ساتھ نہیں بولا جاتا۔ یعنی آلِ رجل، آل قریہ یا آل زمان نہیں کہتے بلکہ اہل کے ساتھ بولتے ہیں۔ علمائے اسلام کا اس بارہ میں اختلاف ہے کہ آل رسول کون ذوات قدسیہ ہیں، اور اہل بیت کون۔

بخاری میں کعب بن عجرہ سے مروی ہے کہ میں نے رسولؐ اللہ سے پوچھا، آپؐ پر درود کیسے بھیجنا چاہیئے۔

فرمایا: کہو!

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَآلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ........

یہ حکم تمام اُمت کے لئے ہے لہٰذا آل کو اُمت سے الگ

Presented by www.ziaraat.com

ہونا چاہیئے۔ کیونکہ درود بھیجنے والے جن پر درود بھیجیں وہ گروہ الگ ہونا چاہیئے۔ لہٰذا لفظ آل سے اُمت تو خارج ہوئی۔

مطالب السئول میں ابو طلحہ شافعی نے لکھا ہے۔

" آنحضرت کے آل آپؐ کے اہلِ بیت ہیں اور اہلِ بیت آپؐ کی آل ہیں اور دونوں متحد المعنیٰ ہیں کیونکہ آل کی اصل اہل ہے اور آل سے کون کون مراد ہیں ان کی تخصیص اس حدیث سے ہوتی ہے۔

سنن بیہقی میں شہر بن جوشب سے روایت ہے۔ ام سلمہؓ فرماتی ہیں۔ رسولؐ نے جناب فاطمہؑ سے فرمایا اپنے شوہر اور دونوں بیٹوں کو بلاؤ جب وہ آئے تو آپؐ نے ان سب کو اپنی چادر میں لے کر فرمایا :

" اے میرے پروردگار یہ آلِ محمدؐ ہیں ان پر اپنی رحمت و برکت نازل فرما جیسے تو نے ابراہیمؑ اور آلِ ابراہیمؑ پر نازل فرمائی تھی۔"

عبداللہ بن ربیعہ بن الحارث سے مروی ہے کہ میں نے رسولؐ اللہ کو فرماتے سُنا کہ صدقات لوگوں کا میل ہیں۔ آلِ محمدؐ پر حلال نہیں (مسلم، نسائی، ابوداؤد)

جن لوگوں نے آل کے معنی تابعین لئے ہیں وہ یہ آیت پیش کرتے ہیں : ترجمہ :

" ہم تمام تابعین لوطؑ کو بچالیں گے۔"

صاحب مطالب السئول کہتے ہیں اگر لفظ آل عام ہوتا اور اس سے تابعین مراد ہوتے تو آنحضرتؐ ان سے سورہ برأت واپس لے حضرت علیؑ کو نہ دیتے اور یہ نہ فرماتے کہ اس کو میرے اہل میں سے



ایک آدمی لے جائے گا۔

سب سے بڑا ثبوت اس کا کہ لفظ آل سے مراد پیرو نہیں، بلکہ خاص قرابتدار ہیں۔ یہ آیت ہے :

"فَقَالَ رَجُلٌ مومن من آل فِرعون"

آلِ فرعون کے ایک مرد مومن نے کہا۔

آلِ فرعون کے معنی اگر تابع فرعون لئے جائیں تو پھر اسے مومن نہیں کہا جاسکتا۔ مومن آلِ فرعون، فرعون کے چچازاد بھائی تھے جو موسیٰؑ پر ایمان لاچکا ہو وہ فرعون کی خدائی ماننے والا کیسے ہوسکتا ہے۔

محاضرات راعب اصفہانی میں ہے کہ منصور عباسی نے ایک روز جعفر صادقؑ سے کہا۔ " ہم اور تم بلحاظ قرابت رسولؐ برابر ہیں۔ پھر تمہیں ہم پر کیا فضیلت ؟" امامؑ نے فرمایا کہ " اگر آنحضرت تم سے نکاح کی خواستگاری کرتے تو جائز ہوتا لیکن ہم سے نکاح کی خواستگاری نہیں کر سکتے تھے۔"

حدیث ثقلین میں رسولؐ اللہ نے فرمایا :

انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ
وعترتی اھلبیتی

لہٰذا معلوم ہوا کہ عترت اور اہلِ بیت ایک ہی ہیں۔ کیونکہ عترت اور اہل بیت میں واؤ کا بھی فاصلہ نہیں۔ اہلِ بیت کے جو فضائل احادیث میں ہیں ان سے معصوم ہونا ثابت ہوتا ہے۔ لہٰذا عصمت عمومیت کے ساتھ نہیں ہو سکتی۔

ابوسعید خدری، انس بن مالک اور حضرت عائشہؓ کے نزدیک آل عبا مراد ہیں جن کی شان میں آیت تطہیر نازل ہوئی۔ نیز احمد بن

Presented by www.ziaraat.com

حنبل ، ابو حاتم طبرانی ، حاکم دیلمی اور ثعلبی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ جب آیہ مودت نازل ہوئی تو لوگوں نے آنحضرتؐ سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں جن کی مودت واجب کی گئی ہے فرمایا: "وہ علیؑ، فاطمہؓ اور ان کے دونوں بیٹے ہیں۔"

## اہلبیت سے مراد

وَجَعَلْنَا الْبَيْتَ مَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا

ایک بہت بڑے بزرگ عالم مشہور حضرت کشاف الحقائق امام جعفر صادقؑ سے دریافت کرتے ہیں۔ خدا قرآن میں کہتا ہے کہ "ہم نے بیت بنایا۔ جو اس بیت میں داخل ہو گیا وہ امن میں آگیا" تو آپ نے فرمایا کہ کیا معنی سمجھے۔ "اس بیت میں داخل ہو گیا" تو وہ بزرگ تھے بہت بڑے امام۔ انہوں نے کہا کہ یہی کعبہ۔ یہی کعبہ ہے وہ بیت کہ جو اس میں داخل ہو گیا وہ امن میں داخل ہو گیا۔ آپ نے فرمایا کہ عبداللہ بن زبیر کہاں قتل ہوئے؟ کہا کہ جی کعبہ میں، کہا کہ ان کے ساتھی، کہا جی کعبہ میں۔ کہا کہ یہ لوٹ مار جو ہوتی ہے، چاروں طرف اس گھر کے قزاق چوریاں کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو قتل کرتے ہیں یہ کہاں؟ کہا جی اس بیت کے ارد گرد۔ تو کہا پھر یہ تم نے کیا کہہ دیا کہ جو اس گھر میں آگیا امن میں آگیا۔ اس گھر میں اگر امن ہوتا تو حسینؑ کیوں چھوڑ کر جاتے۔ تو تم غلط سمجھے ہو بیت۔

بیت کے معنی جو تم سمجھے ہو کہ یہ کعبہ ہے تو اس میں بیٹھ کر شراب پی گئی، قرآن پر تیر مارے گئے، اس کو ڈھایا گیا، اس کے پردوں کو آگ لگائی گئی اور عبداللہ بن زبیر کو اس کے اندر قتل کیا گیا۔



خدا کہتا ہے کہ جو اس بیت کے اندر آگیا امن میں رہے گا۔ تو بیت سے مراد تم اینٹ گارے کا بیت سمجھے، بیت کیا امن دے گا یہ کیا بچائے گا! وہ آپ محتاج، گر گیا تو گر گیا۔ ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ نے بنایا تو بن گیا۔ وہ تو خود محتاج ہے وہ کیا امن دے گا! انہوں نے کہا کہ پھر کیا مراد۔ تو آپ نے فرمایا:

بیت سے مراد بیت (کعبہ) نہیں، جیسے قریہ سے مراد فقط قریہ نہیں۔ پوچھ لو قریہ والوں سے تو اس سے مراد گاؤں نہیں، بلکہ گاؤں والے ہے۔ اسی طرح بیت سے مراد گھر نہیں ہے بلکہ گھر والے ہے یعنی اہلبیت۔

اس آیت سے مراد یہ ہے کہ جو میرے اہلبیت کے پاس آجائے گا وہ امن میں رہے گا۔ قیامت میں اس کو کوئی خوف نہیں ہوگا امن و امان کے ساتھ خدا کے دربار میں پیش ہوگا۔

امام حسینؑ کو بیعت کے لئے ولید بن عقبہ گورنر مدینہ نے بلایا اور کہا کہ آؤ یزید کا خط آیا ہے آکر سنو۔ حسینؑ نے جوانان بنی ہاشم کو باہر دارالامارہ پر چھوڑا۔ آپ نے دق الباب کہا۔ وہاں سے دروازہ کھولنے والا دربان پہنچا، زنجیر کھولی، در کھولا، آپ اندر داخل ہوئے۔ اندر داخل ہوتے ہی دربان نے دروازہ بند کیا، زنجیر لگائی اور قفل لگا دیا۔ آپ آگے بڑھے جہاں درباری بیٹھے تھے۔ وہ کھڑے ہو گئے تعظیم بجا لائے، آپ کو کرسی پر بٹھایا اور ایک خط دیا۔ وہ خط جیب سے نکال کر گورنر نے پیش کیا۔

جب وہ خط پڑھا (کیونکہ سب پڑھ چکے تھے ایک ایک سطر پر ان کی نظر تھی) حسینؑ جب آخری سطروں پر پہنچے تو مسکرانے لگے۔ لوگ حیران ہو گئے کہ آخری سطروں کو پڑھ کر مسکرا رہے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

آخری سطروں میں لکھا تھا:

"اگر یہ بیعت کر لیں حسینؑ۔ تو فبہا اور اگر نہ کریں تو اس خط کے جواب میں حسینؑ کا سر بھیجو۔"

جب وہ سر کا لفظ آیا کہ "بیعت نہ کریں تو قتل کر دو۔" حسین پڑھ کر خوش ہونے لگے کہ میں تو اس باپ کا بیٹا ہوں جو موت سے کھیلا کرتا تھا، البتہ مسکرا کر جواب دیا۔

اَیُّھَا الاَمِیرُ نَحنُ اِھلُ بَیتِ النَبُوّۃِ

"اے گورنر ہم کیا ہیں۔ ہم اہلبیت نبوتؐ ہیں۔ ہم نبوت کے گھر کے اہل ہیں۔ بیت النبوت کے، بیت النبی کے نہیں۔ بیت النبی تو دیواروں سے بنا، کھجور کی لکڑیوں کی چھت بنی۔ دروازے اینٹیں وغیرہ مٹی سے۔ ہم اس مکان کے نہیں جن میں ازواج النبی رہتی تھیں۔ ہم تو اہل بیت النبوت کے اور بیت النبوت لکڑی اور مٹی کا گھر نہیں۔ نبوت کا گھر تمہیں نہیں معلوم کیسے بنا۔ لفظ خاتم النبیین کی تفسیر پڑھو آیت قرآن کی۔

اَلنَبیُ لِنبَۃ اُلنَبُوّۃِ

ہر نبی کی نبوت اینٹ ہے اور اس سے خدا نے بیت النبوت بنایا جس میں ایک لاکھ چوبیس ہزار اینٹیں لگیں۔ یہ نو انچ کی اینٹ نہیں۔ کیسی ہے اینٹ نبوت کی۔ کوئی صفی اللہ کوئی خلیل اللہ، کوئی کلیم اللہ اور کوئی حبیب اللہ۔ کیسی اینٹیں ہیں۔ جب یہ اینٹیں لگیں تو ان سے مل کر بیتِ نبوت بنا، نبوت کا گھر بنا۔ اس کے ہم اہل ہیں اور یہ کیسے بنا ہے

پہلی پہلی اینٹ آدم صفی اللہ۔ یہ زمین پر رکھی گئی اور مکان شروع ہو گیا۔

اِنّی جَاعِلٌ فِی الاَرضِ خَلِیفہ

"میں اپنی زمین پر خلیفہ بنا رہا ہوں۔"

یہ اینٹیں رکھی جا رہی ہیں بیت بلند ہو رہا ہے۔ بلند ہوتے ہوتے جب حضرت موسیٰؑ کا زمانہ آیا۔ تو یہ گھر طور پر پہنچا۔ اب زمین پر باتیں نہیں



ہوتیں۔ اب طور پر باتیں ہوتی ہیں اور جب حضرت سلیمانؑ کی اینٹ رکھی گئی تو اب یہ گھر ہوا میں اُڑنے لگا۔ ہوا میں فیصلے، عدالت لگتی ہوا میں، تخت بچھایا جاتا ہے ہوا میں۔ جب حضرت عیسیٰؑ کی اینٹ آئی تو چوتھے آسمان پہ پہنچا۔

اور جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اینٹ آئی، خاتم النبیینؐ کی اینٹ آئی تو قاب و قوسین اور ادنیٰ تک پہنچا۔ اب جب یہ اینٹ رکھی گئی گھر میں تو اب یہ مکان بیت النبوت تحت الثریٰ سے چلا قاب و قوسین اور ادنیٰ تک پہنچا اور جب حضورؐ کی اینٹ وہاں پہنچ گئی تو اب اگر کوئی نئی اینٹ آئے تو رکھو گے کہاں۔

یہ مکان یہ بیت النبوۃ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بتایا۔ اب دیکھنا ہے کہ اللہ نے بیت تو بنا لیا کوئی اس کا دروازہ بھی بنایا یا نہیں اور دروازہ ایسا ہو کہ گھر سے جدا نہ ہو۔ اگر ایسا ہو کہ گھر ہوا میں ہو تو دروازہ بھی ہوا پر اور اگر قاب و قوسین پر ہو تو وہاں بھی چاہیئے دروازہ حدیث رسولؐ۔

انا مدینۃ العلم وَ علی بابھا

تو اللہ تعالیٰ نے یہ بیت النبوۃ بنایا اس کے وارث ہم ہیں۔

دوسرا فقرا وَمَعدِنُ الرسالۃ

رسالت کی کان ہم ہیں۔ جتنے نبی، رسول بنے ہمارے نور سے نکل نکل کر بنے، فضائے نور ہم سے ہے۔ اس کے بعد تیسرا جملہ۔

وَمُختَلَفُ المَلائِکۃ

ہم ہیں مختلف ملائکہ کے۔ یعنی اختلاف کی جگہ، آمد و رفت کی جگہ ہم ہیں ہمارے پاس ملائکہ اترتے ہیں۔ تمہارے پاس کیوں نہیں آتے، تم گورنر ہو۔ ہمارے ہاں کوئی چکی پیسنے آتے ہیں، کوئی درزی بن کر آ رہا ہے، کوئی جھلا رہا ہے۔ یہ تو ہمارے گھر آتے جاتے ہیں۔ چوتھا جملہ

بِنَا فَتَحَ اللہُ

ہم سے اللہ نے دنیا کو شروع کیا۔ ہم سے شروع ہوئی کائنات

Presented by www.ziaraat.com

وَبِنَا خَتَمَ اللّٰہ

اور ہم پر ختم ہو گی ۔ اوّل بھی ہم اور آخر بھی ہم ۔

مَثَلُ اَهلبَیتی کَمَثَلِ سَفِینَةِ نُوحٍ مَنْ رَکَبَها نجیٰ وَمَن تَخَلَّفَا عَنْهَا غَرِقَ وَهَوىٰ

حضورؐ فرماتے ہیں میرے اہلبیت کی مثل ایسی ہے جیسے نوحؑ کی کشتی جو اس پر سوار ہوا نجات پاگیا اور جس نے چھوڑ دیا غرق ہو گیا۔

حضورؐ نے فرمایا میرے اہلبیت کی مثل کیا ہے ؟ کشتی نوحؑ ۔ عام کشتی کی طرف اشارہ نہیں کیا، بلکہ قرآن کی طرف توجہ دلائی ہے ۔ نوحؑ کی کشتی کی طرف مثال کیوں دی ؟

یہ ایک رمز ہے ، ایک راز ہے جو کھلے گا ۔ چند آیتیں قرآن کی پیش کرتا ہوں ۔

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَحِينَا

پارہ : ۱۲ سورة : هود آیت : ۳۷

اے نوحؑ کشتی ہمارے سامنے ہماری وحی سے بناؤ ۔

یعنی ہماری وحی سے ، اپنی رائے سے نہیں ، اگرچہ تم نبی ہو لیکن تم اپنی رائے سے نہیں بنا سکتے ۔ ہماری وحی ہوتی جائے تم تختے جوڑتے جاؤ ۔ نجات کی کشتی بنتی جائے گی ۔

قرآن کی آیت نے ہمیں بتا دیا کہ کشتی نجات وحی سے بنتی ہے ۔

دوسری شرط یہ تھی ہمارے سامنے بناؤ ، کھلے میدان میں بناؤ تاکہ ساری خدائی دیکھ لے کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ ہم نے نہیں دیکھی ۔ کوٹھریوں میں نہیں، میدان میں بلکہ غدیر خم میں بناؤ ۔

جب نوحؑ کی کشتی بن چکی تو آپ کو حکم ہوا کہ اس میں جوڑا جوڑا بٹھاؤ ، اب نبی بٹھانے لگے ۔ جن کو نبی نے حکم دیا شامل ہوتے گئے ، جن کو نفرت تھی وہ نزدیک نہیں آئے انہوں نے اور پناہیں ڈھونڈھیں ۔

رَبِّ اِنَّ ابْنِی مِن اَهْلِی ( قرآن)



حضرت نوحؑ نے عرض کی ، اے پالنے والے میرا بیٹا میرے اہل سے ہے ۔ ایک لفظ کہہ دوں ۔ یہ نوحؑ کا بیٹا جس کے لئے کہا گیا ہے کہ میرا بیٹا ہے ، میرے اہل سے ہے ۔ تو کیا وہ واقعی بیٹا تھا ؟ ان کی پشت سے یعنی ان کا فرزند تھا ؟ تحقیق کر لیجئے ۔ تمام مفسرین نے لکھا ہے کہ ان کی زوجہ کے ساتھ پہلے شوہر سے آیا تھا ۔ جو زوجہ انہوں نے کی تھی ۔ یعنی پچھلگ ، مادر جلو ۔ اس سے ثابت ہوا کہ قرآن میں لفظ ابن مادر جلو پچھلگ کے لئے بھی ہے ۔ بیٹا ہو یا بیٹی دونوں کے لئے ہے ۔ خدا نے جواب دیا :

لَیْسَ مِنْ اَهْلِكَ

ترجمہ : تمہارے اہل سے نہیں ہے ۔

تو خدا نے اہل بیت کی نفی کی ہے ۔ ابن کی نفی نہیں کی ۔ یعنی تمہارے اہل سے نہیں ہے ۔ اہل اور ابن میں فرق ہے ۔ غرضیکہ وہ چلا گیا ۔ آپ نے پھر اس بیٹے کو کہا :

یَا بُنَیَّ ارْکَبْ مَعَنَا (قرآن)

اے بیٹا آ سوار ہو جا ، کشتی میں ہمارے ساتھ آ جاؤ ۔ بیٹے نے جواب دیا ۔

سَاٰوِی اِلیٰ جَبَلٍ یَّعْصِمُنِی مِنَ الْمَآءِ

اے بابا تیری کشتی میں نہیں بیٹھتا ۔ میں پناہ لوں گا پہاڑ سے ۔ جب پناہ لوں گا تو وہ مجھے طوفان کے عذاب سے بچائے گا ۔

چلا گیا پہاڑ پہ اور چھوڑ گیا کشتی نجات کو ۔ قرآن کہتا ہے ۔

فَکَانَ مِنَ الْمُغْرَقِینَ

غرق ہو گیا ۔ جب اس نے کہا کہ میں پناہ لوں گا اس پہاڑ سے ، تو قدرت نے اس کا کیا جواب دیا ۔

لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ

آج کوئی چیز بچانے والی نہیں ہو سکتی ، اس کشتی نجات کے سوا ۔ نہ جن ، نہ فضا ، نہ پہاڑ ۔ ایک اعلان عام تھا قدرت کا ۔

پھر معنی کیا نکلے ۔ خاتم النبیینؐ کے اہل بیت بھی عالمین کے لئے باعث

Presented by www.ziaraat.com

نجات ہیں۔

مفسرین نے لکھا ہے کہ کشتی اکیلی نہیں بچا سکتی۔ کشتی کے ساتھ ایک اور بھی ضرورت ہے ستاروں کی۔ اہلبیت کشتی نوحؑ کی مثل ہیں۔ ہماری آپ کی بنائی ہوئی کشتیاں بے شک ستاروں کی محتاج ہیں۔ مگر نوح کی کشتی تو ستاروں کی محتاج نہیں۔ پورا واقعہ پڑھ جائیے اور ایک لفظ دکھا دیجئے کہ یہ راستہ ستاروں سے لیتی تھی۔ یہ کشتی تو خدا کی وحی سے بنی تھی۔ آیا وہ ستاروں کی محتاج تھی؟ چلتی کس طرح تھی اور رُکتی کس طرح تھی؟

قرآن مجید کی پانچ آیتیں اسرار خداوندی میں ہیں اگر ان پہ عمل کیا جائے تو ان میں اتنے غیوب ہیں جو انسان برداشت نہیں کر سکتا۔ ان میں ایک آیت ہے کہ وہ کشتی کس طرح چلتی تھی۔

حضرت نوحؑ کو حکم تھا۔ اے نوحؑ یہ چلے گی اور رُکے گی کس طرح۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرِيْهَا وَ مُرْسٰهَا

یہ اللہ کے نام سے چلے گی اور اللہ کے نام سے رُکے گی۔

معلوم ہوا نوح کی کشتی ستاروں کی محتاج نہیں۔ جس طرح نوح کی کشتی ستاروں کی محتاج نہیں تھی۔ اسی طرح کشتی اہلبیت بھی کسی غیر کی محتاج نہیں اللہ ہی اس کا معین و مددگار، محافظ و رہبر ہے۔

اللہ جانتا تھا کہ اس کو محتاج بنا دیا جائے گا ستاروں کا، تو قدرت نے بتایا کہ یہ کشتی اہلبیت ستاروں سے راستہ نہیں لیتی، ستارے خود اس سے راستہ لیتے ہیں اور ان کے گھر آتے ہیں اور قسم کھائی ہے اس ستارے کی جو ان کے گھر اترا۔ اس کو معزز اور محترم بنا دیا قسم کھا کر۔

ایک اور نکتہ بلیغ عرض کر دوں۔ عام کشتیاں بھی ستاروں سے راستہ نہیں لیتیں بلکہ صرف ایک ستارہ قطب سے راستہ لیتی ہیں جو ایک جگہ جما رہتا ہے ہرگز حرکت نہیں کرتا۔

حضورؐ نے اہل بیت کو کشتی کہا، یقین ہو گیا، تسلی ہو گئی، اگر اہلِ بیت کا دامن ہاتھ میں ہے تو کبھی جہنم میں جا سکتے ہی نہیں۔ کشتی آگ پہ چلا کرتی نہیں



پانی پہ چلتی ہے۔ دوزخ پہ نہیں کوثر پر جائے گی۔ حضورؐ نے فرمایا دونوں چیزیں قرآن اہلبیت ہرگز جُدا نہ ہوں گے۔ حتیٰ کہ یہ میرے پاس حوض کوثر پہ آئیں گے، قرآن بھی آئے گا۔ کشتی بھی ہوگی، ہم بھی ہوں گے، اہلِ بیت بھی ہوں گے۔ یہ سب کو کیوں بلایا۔ جس وقت کوثر پلایا جائے گا تو ضرورت ہو گی کوئی قصیدہ بھی پڑھے۔ قرآن کہے گا۔

سَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا

اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُبَيْتِیْ

حدیث کساء، واقعہ بہت مشہور ہے۔ حضورؐ نے اللہ کے دربار میں عرض کیا۔ "اے اللہ تو گواہ رہنا تو جانتا ہے یہی ہیں میرے اہل بیت جو چادر میں ہیں جو باہر والے ہیں وہ نہیں۔"

سرکارِ دوجہاںؐ نے یہ کیوں کہا؟ خدا کو گواہ بنا کر اس کے سامنے کہ تو شاہد ہے اے میرے مالک یہ ہیں میرے اہلِ بیت۔ یہ اس لئے کہ سابقہ پیغمبروں کی آواز عالم میں گونج رہی تھی اور قرآن میں بھی وہ آواز آ رہی تھی چونکہ نوحؑ نے کہا کہ یہ میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے۔ تو حضورؐ نے اللہ کے دربار میں کہا کہ اگر تیری نظر میں نہیں تو جیسے نوحؑ کے بیٹے کو نکال دیا انہیں بھی نکال دے۔ اس لئے کہا تاکہ دنیا کو یاد رہے کہ اگر ایسا ہوتا تو پروردگار اصحاب کساء کو نکال دیتا۔ یہ ہیں وہ بزرگوار، یہ ہیں اہلِ بیت ان کے سوا اور کوئی نہیں اہل بیت۔ اُس وقت ایک بی بی آئیں اُم المومنین، حضرت اُم سلمیٰ عنہا نزدیک آئیں اور کہا میں بھی اس چادر میں داخل ہو سکتی۔ تو آپ نے فرمایا

اَنْتَ عَلٰی خَيْر۔

تم اسی جگہ رہو، اندر نہ آؤ، بے شک تم نیکی پہ ہو، لیکن اس چادر میں نہیں آ سکتیں، روک دیا۔ نیکی کی تصدیق کر دی۔

## یہ دونوں جُدا نہ ہوں گے

کیا معنی، مقصد کیا ہے کہ جو قرآن کہے گا، وہی یہی کہیں گے۔ جو قرآن میں

Presented by www.ziaraat.com

حکم ہوگا۔ اس پر عمل کریں گے۔ تو اب اہل بیت کون ہوئے۔ جو قرآن کے خلاف نہ کریں جو قرآن کہے وہی وہ کریں گے۔ اور جب یہ اصول طے ہوگیا کہ اہل بیت صرف ہو سکتے ہیں کہ جو قرآن کے ساتھ ہوں اور قرآن ان کے ساتھ ہو، جُدا نہ ہو، اور اگر قرآن کہے، گھر سے باہر نہ نکلنا گھروں کے اندر بیٹھنا اور کوئی اس کی مخالفت کرے تو قرآن الگ ہوگیا وہ الگ ہوگئے، اور جب الگ ہوگئے تو اہلبیت کیسے رہے۔

# نوروزِ عالم افروز

ہر ذرّے کی زبان پہ جو نامِ علیؑ ہے آج
ظلمت بھی کہہ اُٹھی کہ بڑی روشنی ہے آج

یہ کائنات جس کے لئے بگن رہی تھی دن
مانیں نہ مانیں آپ مگر دن وہی ہے آج

ہر پھول زر بکف نظر آتا ہے باغ میں
فیضانِ بُوترابؑ سے مٹی غنی ہے آج

ہر نخل مطمئن ہے ریاضِ رسولؐ کا
مدّت سے جو چلی تھی وہ آندھی تھمی ہے آج

سُنتا نہیں کوئی دمِ عیسےٰؑ کے تذکرے
انسانیت کے درد میں اتنی کمی ہے آج

دیکھا جو ذوالفقار کو باہر نیام کے
خود کُفر کے لبوں پہ بھی نادِ علیؑ ہے آج

قاصرؔ گدا ہوا ہوں جو میں بابِ علم کا
دامانِ عرش، فکر مری چھو رہی ہے آج

(غلام محمد قاصر)



# البیت العتیق۔ ابوتراب

کعبہ کا لقب ہے البیت العتیق۔ عتیق کے معنی ہیں آزاد۔ بیت کے معنی گھر۔ یعنی آزاد گھر۔ یہ کیوں کہا گیا۔ کب؟ جب طوفان نوح آیا اور وہ عذاب تھا پانی کا تو قدرت نے اس پانی کو کعبہ سے مس نہیں ہونے دیا۔ وہ پانی چکر مارتا رہا۔ طواف کرتا رہا مگر چھو نہ سکا کعبے کو۔ اس دن سے یہ کعبہ بیت العتیق کہا جانے لگا۔ کون کہتا ہے مٹ گیا یہ نام۔ یہ مٹے گا کیسے؟ یہ مٹ نہیں سکتا۔ اس میں تو ایک مولود آنے والا ہے۔ یہ مٹ کیسے سکتا ہے؟ یہ تو انتظار میں ہے۔ اور حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسمٰعیلؑ سے بھی خدا نے کہا اس کو بلند کرو۔ بنانے نہیں آئے تھے بنایا نہیں ہے حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ نے۔ جب حضرت ابراہیمؑ اپنی زوجہ ہاجرہ اور اسمٰعیلؑ کو لے کر چلے تو قرآن کہتا ہے:

رَبَّنَآ إِنِّيٓ أَسۡكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيۡرِ ذِي زَرۡعٍ عِندَ بَيۡتِكَ ٱلۡمُحَرَّمِ۔

"اے میرے رب میں اپنی کچھ ذریت کو چھوڑ رہا ہوں۔ کہاں؟ بوادِ کیسی وادی جہاں زراعت بھی نہیں، تیرے گھر کے سائے میں۔"

ابھی تو اسمٰعیلؑ بچہ ہے بنانے کے قابل ہی نہیں تو بیت تو موجود ہے۔ جناب

Presented by www.ziaraat.com

یہ ایک خیمہ تھا جو جنت سے فرشتے لائے اور انہوں نے اس جگہ خیمہ لگایا، ج
اب بیت اللہ ہے۔ یہاں پہلے پہلے ایک خیمہ لگایا گیا۔ فرشتے لائے تھے اور
جگہ وسط میں رکھی گئی۔

قرآن میں ہے : وَالْاَرْضَ دَحٰہَا : خدا نے جب زمین کو بچھایا او
اور پہلا پہلا مٹی کا ذرّہ پیدا کیا اور زمین بنی۔ جب یہ بنی تو اس کا کعبہ کا درمیا
کا حصہ بنا۔ پہلے پہلے مٹی کا ذرّہ اس جگہ بنا جو اب کعبہ کا ٹھیک بیچ ہے اور جب
وہ ذرّہ بنا تو اس سے باقی ذرّے بنے۔ خدا نے اس کا نام رکھ دیا: اُمُّ القریٰ
آبادیوں کی ماں۔ کیوں ؟ قرآن پڑھیئے۔ ساری آبادیاں جتنی کہ نمودار ہوئیں دنیا میں
ان کی ماں یہی ہے۔ یہیں سے شروع ہوئی ہے زمین۔ اسی وجہ سے رسول کو
اُمی کہتے ہیں۔ خدا نے فرمایا ہے :

بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ

اس اُمی کو خدا نے بھیجا اُمیوں میں۔ تو کیا ترجمہ کرو گے۔ کہ خدا نے ان پڑھوں
میں بھیجا۔ ایسا نہیں بلکہ اُم یعنی مکّی کو اُمیوں یعنی مکیوں میں بھیجا۔ اس زمین کا د
ذرّہ مٹی کا پہلا پہلا جو اس وقت کعبہ کا ٹھیک بیچ ہے اس کے متعلق امام المحدثین
شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی کتاب ازالۃ الخفا میں بیان کرتے ہیں۔ محدثین سے
بالاتفاق ثابت ہے متواتر ہے۔ جیسے قرآن متواتر چلا آیا، متواتر کوئی اختلاف
نہیں۔ وہی آرہا ہے جیسا آرہا ہے۔ اسی طرح علی کا پیدا ہونا جوف کعبہ، ٹھیک
بیچ کعبہ۔ اور وہ بیچ کیا ہے ؟ وہ مٹی کا ذرّہ جہاں سے زمین بنی وہ ہے ٹھیک
بیچ اور اس کو خدا نے اُم کہا تو تراب کا ذرّہ جہاں سے بنا وہ جگہ اُمّ تراب اور
علیؑ ابوتراب۔ یہ کعبے کے متعلق ہے۔ جو صاحب کہتے ہیں کہ کعبہ ختم ہو گیا تھا خ
نہیں ہوا۔ قسم کھائی اللہ تعالیٰ نے۔ پڑھ لیں قرآن۔

لَآ اُقْسِمُ بِھٰذَا الْبَلَدِ : میں قسم کیوں نہ کھاؤں اس شہر کی :
وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِھٰذَا الْبَلَدِ : اور اے محمدؐ تو اس شہر میں رہتا ہے :
وَمَا وَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ : اور ایک والد کی اور ایک مولود کی قسم

یہ مولود علیؑ ابن ابی طالب ہیں۔



# عمل آدمؑ۔ جنت

عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ (قرآن)

اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو کچھ نام اسماء۔ بتادیئے۔ صرف اسماء۔ اور فرشتوں کو پہلے سے معلوم تھے۔ کیونکہ قرآن یہ بتاتا ہے کہ جب خدا نے فرشتوں سے کہا کہ ان کے نام بتاؤ۔ ایک ہے نام اور ایک ہیں وہ جن کے ہیں نام۔ دونوں باتوں میں فرق ہے۔ اس کے بعد کیا کہا خدا نے ؟ ثُمَّ عَرَضَھُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ پھر کچھ ہستیوں کو ان کے سامنے کر دیا۔ اور فرمایا۔ اَنْبِئُوْنِیْ بِاَسْمَآءِ ھٰٓؤُلَآءِ۔ اے فرشتو! تم ان ہستیوں کے نام بتاؤ۔ اب نام نہیں پوچھے گئے کہ یاد ہیں یا نہیں۔ معلوم ہوا کہ اسم اور مسمّیٰ ان دونوں کی مطابقت کا سوال ہوا کہ نام تو معلوم ہیں مگر ان ہستیوں کو مطابق کر کے بتاؤ کہ یہ نام کس کا ہے۔ یہ نام کس کا ہے۔ تو فرشتوں نے جواب دیا۔ جتنا تو نے ہمیں پڑھا دیا تھا اس سے آگے نہیں جانتے۔ تو پڑھایا کیا تھا ؟

نام ان کو بھی بتائے اور آدمؑ کو بھی بتائے اور سوال و امتحان ناموں کی یادداشت کا نہیں کہ نام یاد ہیں یا کہ نہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان ناموں کو دیکھو اور یہ ہستیاں موجود ہیں۔ جن کے یہ نام ہیں تم مطابق کر کے بتاؤ کہ یہ کن کے نام ہیں ایک ایک کا نام فرشتے نہ بتا سکے۔

خدا تعالیٰ نے اب آدمؑ سے کہا: اے آدمؑ! یہ نام والے ہیں ان کے نام بتاؤ آدمؑ نے ان کے نام بتا دیئے۔

اس کے بعد اب اللہ نے فرمایا :

یا ملائکتی اسجدوا لآدم

"اے ملائکہ اب تم آدمؑ کے سامنے جھک جاؤ"۔

بس اتنی بات ہے اس کے علاوہ اور کوئی بات نہیں۔ نہ روزہ کا ذکر ہے نہ نمازوں کا تذکرہ آیا۔ نہ جہاد کا ذکر آیا۔ نہ خمس و زکوٰۃ کا کوئی تذکرہ۔ صرف اتنا ہی ہے کہ آدمؑ نے ان ہستیوں کے نام فرشتوں کو بتائے۔ جس نے تعارف

Presented by www.ziaraat.com

کرایا ان ناموں کا۔ پروردگار عالم نے فرشتوں سے کہا کہ تم آدمؑ کے سا
جھک جاؤ۔ یہ اتنے بلند نام ہیں کہ جو تعارف کرا دے اس کے سامنے فرشتوں
جھکنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی وجہ ہی نہیں۔ پڑھ لیں آپ قرآن پاک
ایک ایک لفظ پڑھ لیجئے۔ اور آدمؑ سے کیا کہا ؟

یا آدم اسکن انت وزوجتک الجنۃ

"اے آدم آؤ چلو جنت میں تم اور تمہاری زوجہ"۔ کونسا کام کیا تھا آدمؑ
نماز، روزہ، خمس، زکوٰۃ۔ وہاں تو ابھی کچھ نہیں ہے۔ آدم نے ان ہستیوں
معرفت کا تعارف کیا ہے۔ اس معرفت کرانے کے صلے میں جنت ملی۔ معلوم ہوا
ایسی ہستیاں ہیں کہ جو اُن کو پہچان لے اسے جنت مل جاتی ہے۔ آج خدا نے ج
کو مشروط کر کے بتایا کہ جنت میں جانا مشروط ہے۔ ان ہستیوں کی معرفت
جب تک ان ہستیوں کی معرفت نہیں ہوگی جنت میں نہیں جا سکتے۔ کیونکہ جن
میں جاؤ گے خدا کے احکام پر عمل کر کے اور خدا کے احکام تمہیں مل سکتے ہی
وہ احکام تم کو کیسے ملیں گے ؟ وہ اللہ سے براہِ راست کیسے ملیں گے۔ خود
ہوں گے۔ ان کو دیکھ کر حکم معلوم ہوگا۔ اللہ کے تمام امر و نہی۔ انہی سے مع
ہوں گے۔

---

ذرّے ذرّے کی زبان پر ہو اگر نامِ علیؑ
صبح سے بڑھ کر نہ کیوں تابندہ ہو شامِ علیؑ
اِک طلوعِ آفتابِ دیں ہے انجامِ علیؑ
وہ نبیؐ کا ہوگیا جس کو ملا جامِ علیؑ



من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ

ترجمہ: جس کا میں مولا ہوں، یہ علیؑ بھی اس کے مولا ہیں۔

حج و قربانی سے فارغ ہو کر ۱۴ ذی الحجہ کو حضور اکرمؐ مدینہ کی طرف روانہ
ہوئے۔ آپ کے ہمراہ ایک لاکھ چونتیس ہزار مسلمان تھے۔ ۱۸ ذی الحجہ کو مقام
غدیر خم پر پہنچے۔ حسب الحکم حضور پالان شتر کا ممبر بنایا گیا۔ حضورؐ اس پر
تشریف فرما ہوئے۔ بعد حمد و ثنائے الٰہی پہلے اپنے مرنے کی خبر دی۔ پھر فرمایا
لوگو میں تمہارے درمیان دو گرانقدر چیزیں چھوڑے جاتا ہوں۔ اللہ کی کتاب اور
اپنی عترت اہلبیت۔ اگر تم ان دونوں سے تمسک رکھو گے تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے اور
یہ دونوں ایک دوسرے سے جُدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ حوض کوثر پر میرے
پاس آئیں۔ دیکھو میرے بعد ان دونوں سے سلوک کرنے میں احتیاط سے کام لینا۔
اور ان کے حقوق کی رعایت کرنا"۔

پھر فرمایا "کیا میں تمہارے نفسوں سے اولیٰ نہیں ہوں"۔ ہر طرف سے آواز
آئی۔ بے شک آپ ہمارے نفسوں سے اولیٰ ہیں۔ پھر فرمایا "جس کا میں مولا
ہوں اس کا یہ علی بھی مولا ہے"۔ پھر حضرت علیؑ کا ہاتھ پکڑ کر اتنا اوپر اٹھایا کہ
سفیدی زیر بغل نمایاں ہوگئی۔ پھر دُعا فرمائی۔

Presented by www.ziaraat.com

خداوند! دوست رکھ اُسے جو اسے دوست رکھے اور دشمن رکھ اُسے جو اسے دشمن رکھے، مدد کر اُس کی جو اُس کی مدد کرے اور ذلیل کر اُس کو جو اسے ذلیل کرے۔ اس کے بعد سب نے مبارکباد دی۔

اس حدیث "مَن کُنت مولاہ فھٰذا علیؑ مولاہ" کو صاحب ارجع المطالب نے بہت توضیح سے لکھا ہے اور سنین وار (۱۶۱) ایسے لوگوں کے نام درج کئے ہیں جنہوں نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

اس واقعہ کے متعلق امور ذیل غور طلب ہیں۔

۱۔ سخت گرمی کے موسم میں نصف النہار کے وقت غدیر خم جیسے بے آب و گیاہ مقام پر آنحضرتؐ کا رُک جانا اور منادی کرانا کہ آگے جانے والے پیچھے کو پلٹ آئیں اور پیچھے رہ جانے والے جلد آگے آئیں۔ یہ بتاتا ہے کہ بہت ہی اہم پیغام حضرت کو پہنچانا تھا۔

۲۔ آیہ بلغ سے ظاہر ہے کہ وہ امر اتنا اہم تھا کہ اگر اسے نہ پہنچایا جاتا تو ۲۳ سال جو فرائض رسالت انجام دیئے تھے وہ سب ضائع ہو جاتے اور بے اجر رہتے۔

۳۔ آیہ بلغ کا آخری حصہ (واللہ یعصمک من الناس) بتاتا ہے کہ اس امر کی تبلیغ میں حضرت کو شدید خطرہ مخالفت تھا۔ اگر من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ میں مولا بمعنی دوست مراد ہو تو علی کی محبت کا اعلان اتنا خطرناک نہیں ہو سکتا تھا کہ اللہ اس سے حفاظت کی ضمانت دے۔

۴۔ اس آیت میں ما انزل الیک یہ بتاتا ہے کہ ورود خم غدیر سے پہلے کوئی حکم نازل ہو چکا تھا جس کی تبلیغ ابھی تک نہیں ہو سکی تھی۔ سارے احکام بے کم و کاست پہنچا دیئے۔ صرف اس حکم کو کیوں روک رکھا گیا۔

۵۔ آیت میں وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ۔ یہ بتاتا ہے کہ اس حکم کو صرف سنانا کافی نہ تھا بلکہ فعلیت میں لانے کی ضرورت تھی۔ حضورؐ کے پاس جتنے احکام آئے ان میں سے کسی ایک میں یہ قید نظر نہیں آتی اور نہ



بلغت رسالتہ سے رسولؐ کو ڈرایا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ بقائے رسالت اور اسلامی مشن کی کامیابی کو اس سے کوئی تعلق ہے۔

۶۔ حضرت علیؑ کا بازو پکڑ کر بلند کرنا اور فھذا علی مولاہ کہنا واقعہ کی اہمیت کو ثابت کر رہا ہے۔ یہ سب اہتمام، کہ نام لینا، اشارہ کرنا، اور بلند کر کے دکھانا اس لئے تھا کہ کل کو کوئی یہ نہ کہے کہ ہم نے علی نام تو سنا تھا لیکن اس سے یہ سمجھا کہ اس سے مراد علی اعلیٰ یعنی خدا ہے۔ لہٰذا اشارہ کر کے بتا دیا کہ وہ علی نہیں بلکہ یہ علیؑ اور بازو پکڑ کے دکھا دیا کہ کل کو کوئی یہ نہ کہے ہم نے سمجھا تھا فلاں علیؑ۔

۷۔ حسان بن ثابت نے اعلان ولایت کے بعد ایک قصیدہ پڑھا جس میں حضرت علیؑ کے امام و ہادی بننے کا ذکر کیا۔ اگر مولا بمعنی دوست مراد ہوتے تو کونسی بات پر قصیدہ خوانی کی کیا ضرورت تھی۔

۸۔ حضرت عمرؓ نے مبارکباد ان الفاظ میں دی بخ بخ لک یا ابن ابی طالب قد اصبحت مولائی و مولا کل مومن و مومنہ اگر مولا کے معنی دوست کے لئے جائیں تو اول تو یہ مبارکباد کا محل ہی نہیں رہتا، دوسرے اس کے یہ معنی ہوں گے۔ "اے علیؑ مبارک ہو کہ آپ میرے اور ہر مومن و مومنہ کے مولا ہو گئے یعنی دوست ہو گئے"۔ یعنی حضرت علیؑ پہلے نہ تو حضرت عمرؓ کے دوست تھے اور نہ کسی مومن اور مومنہ کے۔ اس دوستی کا آغاز آج سے ہوا۔ حالانکہ اس سے بہت پہلے یہ آیت نازل ہو چکی تھی انما المومنون بعضھم اولیاء یعنی مومنین ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ پھر کیا وجہ کہ حضرت علیؑ اب تک نہ تو حضرت عمرؓ کے دوست بنے اور نہ مومنین و مومنات کے۔ کیا یہ لوگ مومن نہ تھے؟

۹۔ ہر کلام کا ایک سیاق و سباق ہوتا ہے اسی سے اس کا صحیح مفہوم سمجھ میں آتا ہے حضور کا من کنت مولا فھذا علی مولاہ سے پہلے لوگوں سے اس بات کا اقرار لینا کہ کیا میں تمہارے نفسوں سے اولیٰ نہیں ہوں، اس سے مربوط ہو گا۔ اگر بعد کے جملے کے یہ معنی لئے جائیں کہ جس کا میں دوست ہوں اس

Presented by www.ziaraat.com

کے علیؑ دوست ہیں۔ ایسا غیر مربوط کلام تو عام لوگ بھی نہیں کرتے چہ جائیکہ افص
العرب اور خدا کا رسولؐ۔ حضورؐ نے بطور براعتہ استہلال جو خوبی پیدا کی تھی
سب غائب ہو جائے گی اگر مولا بمعنی دوست ہو۔

۱۰۔ آنحضرتؐ کا ولایت کے اعلان کے بعد علیؑ کو یہ حکم دینا کہ وہ خیمہ میں جا کر
بیٹھیں اور لوگوں اور امہات کا حضرت علیؑ کے پاس جا کر مبارکباد دینا بے معن
سی بات ہو جائے اگر مولا کے معنی دوست کے لئے جائیں۔

۱۱۔ جب دین پہلے ہی کامل ہو چکا تھا اور واقعہ غدیر سے پہلے کوئی خاص حک
نازل بھی نہیں ہوا تو یہ کہنا کیا معنی رکھتا ہے کہ آج دین کو میں نے کامل کیا۔ اس
بعد خدا اپنے دین اسلام کے مکمل ہونے پر راضی ہوا۔

۱۲۔ حدث بن نعمان فہری کا اس اعلان کے بعد حضور سے گستاخانہ کلام کر
اور خدا سے دعا کرنا اور اس پر عذاب نازل ہونا جس کا ذکر قرآن میں موجود ہے
اس کی دلیل ہے کہ اس نے مولا کے معنی حاکم اور اولیٰ بالتصرف ہی سمجھتے تھے
ورنہ دوستی علیؑ کے اعلان پر وہ اپنے لئے عذاب نہ مانگتا اور ہلاک نہ ہوتا۔

۱۳۔ جانشینی اور ولی عہدی کے اعلان کے دو ہی تو وقت ہوتے ہیں۔ آغاز
اور اختتام امر۔

حضورؐ نے دونوں وقت کا اعلان کیا۔ آغاز بعثت میں دعوت ذوالعشیر
وقت اور آخر میں جب وقت رحلت قریب آیا تو غدیر خم میں کھلے لفظوں
اعلان کر دیا۔

آخر میں یہ کہنا پڑے گا کہ رسولؐ سے پوچھا جائے کہ اُمت کے صحت عمل کا
نے کیا بند و بست کیا؟

یقیناً حضورؐ فرمائیں گے میں علم و عمل دونوں کا بند و بست کر چکا ہوں۔ علم کے
کتاب خدا ہے اور عمل کے لئے میرے اہل بیت۔ وہ میری طرح معصوم ہیں۔ ا
نے میرے ہر عمل کو دیکھا ہے اور میں نے ان کو ایک ایک عمل کی حقیقت سمجھ
لہٰذا غرض رسالت کے اس حصہ کی تکمیل اہلبیت ہی سے ہو گی۔ کیونکہ حضرت علی
سے کہ امام آخرالزمان تک ان سب کا ایک ہے اور وہ معیار وحی تنزیل



جس کی روشنی میں ترتیب دیا ہوا آئین وہ ہے جس کے اصول منضبط اور ضوابط
ناقابل ترمیم ہیں اور جسے حاملان نبوت و رسالت ہر دور میں پیش کرتے رہے اور
اس کے ذریعے تہذیب نفس و تزکیہ، اخلاق کا درس دیتے رہے ان معلمین اخلاق
میں سے سب سے بلند مرتبت حضرت ختمی مرتبت ہیں جنہوں نے زیور اخلاق سے
آراستہ کرنے اور انسانیت کی زلف پریشان کو سنوارنے کے لئے وہ تعلیمات دیں
جو محاسن اخلاق کا سرچشمہ ہیں۔ یہ تعلیمات صرف قول تک نہ تھے بلکہ ان کی زندگی کا
ایک ایک لمحہ پاکیزگی سیرت کا ضابطہ اور حسن و اخلاق کا ایک زندہ قانون ہے۔
چنانچہ ارشاد نبوی ہے۔

بعثت لا تسمیم مکارم الاخلاق

میں اس لئے مبعوث ہوا کہ مکارم الاخلاق کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دوں اور
ان تعلیمات کو زندہ رکھنے کے لئے ان کے اولیا جو سیرت و کردار اور اخلاق و اطوار
میں ان کے ورثہ دار تھے اور علم و عمل میں ان کے آئینہ دار تھے ان تعلیمات کو نشر
کرتے اور اپنے قول و فعل سے ان کا احیاء کرتے رہے۔

---

### حضرت علیؑ (مس رُوپ کماری کی نظر میں)

رسول ہوں کہ نبی ان کے سب ہیں مُجرائی
سند ہے دستِ خدا کی کسی کے ہاتھ آئی
کسی نبی نے دُلہن فاطمہؑ سی ہے پائی
حسنؑ حسینؑ سے بیٹے رسولؐ سا بھائی
خلاف حق کبھی چاہا نہ ان کی خاطر نے
انہیں بنا کے قلم رکھ دیا مصوّر نے

Presented by www.ziaraat.com

# علیؑ ناصرِ اسلام و ایمان

علامہ فخر الدین رازی رحمتہ اللہ علیہ کتاب الاربعین میں لکھتے ہیں۔

فرماتے ہیں ضربتِ علیؑ: وہ خندق کی طرف اشارہ کر رہے تھے کہ علیؑ کی ضرب ایسی ہے جس کی وجہ سے اسلام بچا۔ اور جب اسلام بچا تو فرماتے ہیں۔ یہ اصل ہوئی اور عبادت فرع ہے۔ اسلام ہی نہ ہو تو عبادت کیسی، اور اسلام بچا ضربت علیؑ سے اور جب ضربت علیؑ سے بچا تو حضورؐ نے فرمایا۔ علیؑ آج کی یہ ضربت دونوں جہانوں کی جن و انس کی قیامت تک کی عبادت سے افضل ہے۔ ایک ضرب کتنی دیر میں لگی، پل جھپکنے میں۔ بس ہاتھ اُٹھا اور جھکا۔ بس اتنی دیر کی ضربت۔

امام رازی لکھتے ہیں کہ علیؑ کی اس ضربت کی قدر رسولؐ کی نظر میں کیوں تھی؟

وہ فرماتے ہیں کہ اس وقت اسلام کُل کا کُل مدینہ شرفہ کے اندر محصور تھا، محدود تھا، گھرا ہوا تھا۔ مدینے کے باہر کوئی مسلمان نہ تھا۔ سب کو حضورؐ نے اندر بُلا لیا۔ خطوط لکھ کر لوگوں نے اپنے رشتہ داروں کو بُلالیا



اب ایک بھی مسلمان باہر نہ تھا کیونکہ کل عرب احزاب، جتنے فرقے، جتنی حزب جتنی جماعتیں تھیں سب نے اتفاق کر لیا تھا۔ صرف قریش نہیں۔ پہلے تو قریش لڑتے تھے مکہ سے آئے۔ مدینے میں لڑے۔ اب قریش نہیں کل احزاب عرب، کل فرقے، جماعت عرب کہ اب محمدؐ کو ختم کر دو۔ یہ بچنے نہ پائیں۔ انہوں نے گھیرا ڈال دیا مدینے میں۔ حضورؐ نے ایک ماہ پہلے سب مسلمانوں کو مدینہ بلا لیا اب مدینے سے باہر کوئی مسلمان نہ تھا۔ تقریباً ایک مہینہ یہی حالت رہی۔ نہ درآمد تھی نہ برآمد۔ جو کچھ اندر تھا وہی کھایا جا رہا تھا۔ حتیٰ کہ تمام غذائیں ختم ہو گئیں۔ راشن نہ رہا تو حضورؐ نے فرمایا کہ کھجور کی گٹھلیاں جمع کر لو اور عورتوں کو دو کہ ان کو پیس کر روٹی پکائیں۔ وہ بھی کھائی جانے لگیں۔ وہ بھی ختم ہو گیا۔ اب کچھ نہ رہا تو حکم ہوا کہ اب درختوں کے پتے کھاؤ اور وہ تقسیم ہوتے گئے۔ جو کچھ آتا وہ تھوڑا تھوڑا دیتے تھے۔ اپنے شکم پر پتھر باندھے گئے۔ سب سے کم غذا حضور لیتے تھے۔

الغرض کُل کا کُل اسلام مدینے میں تھا، گھیرے میں تھا۔ عمرو بن عبدُود آیا۔ وہ تیس ہزار کا لشکر لے کر آیا اور تمام جماعتوں کے بڑے بڑے سردار بھی لے کر آیا۔ آٹھ سردار سب سے آگے تھے۔ ان آٹھوں میں عمر بن عبدود آگے آگے دونوں ہاتھوں میں دو نیزے دو تلواریں لئے گھوڑے پر سوار آیا۔ سرکار دوجہاں کو جب خبر ملی۔ آپؐ نے مدینے سے باہر نکل کر دیکھا۔ ایک طرف مدینے کے پہاڑ، ادھر سے کوئی راستہ نہیں کوئی نہیں آسکتا ایک طرف میدان۔ میدان کی طرف سے نکلے کیمپ لگوائے۔ جب خیمے لگ چکے تو سرکار دوجہاں نے گفتگو کی کہ اب کیا کیا جائے لشکر آ رہا ہے اور اگر وہ ایک مرتبہ داخل ہو گیا تو مسلمان تو یہی ہیں۔ باہر کوئی مسلمان نہیں کیا ہوگا؟ رائے دو۔ تمام بیٹھے تھے۔ حضور رائے طلب کر رہے تھے تمام اصحاب و مسلمین سے۔

اس وقت جناب سلمان فارسیؓ کھڑے ہوئے۔ عرض کی یا رسول اللہؐ ہمارے وطن ایران میں جب ایسا وقت آجاتا ہے تو ہم خندق کھودتے ہیں اتنی چوڑی کہ گھوڑا کود نہ سکے اور اتنی گہری کہ جو گر جائے تو نکل نہ سکے۔

Presented by www.ziaraat.com

ابھی گفتگو ہو رہی تھی کہ جبرئیل علیہ السلام نے آکر کہا یا رسول اللہ۔ اللہ کو سلمان فا
کی رائے پسند ہے۔ جب یہ حکم آگیا تو سرکار دو جہاںؐ نے دس دس آدمیوں کو
بیس بیس گز زمین دے دی کہ اسے کھود دو۔ حضورؐ اپنے حصے کی زمین لے کر الگ
ہو گئے۔ حضورؐ کھودتے تھے اور علیؑ مٹی نکالتے تھے۔ چنانچہ لشکر کے آنے سے
تین دن پہلے خندق تیار ہو گئی۔ ایک راستہ رکھا گیا آنے جانے کا۔ اس پر
بنا دیا گیا اور اپنے سپاہی بٹھا دیئے۔ اب چاروں طرف سے حملہ نہیں ہو سکتا
گھیرے میں نہیں آسکتے تھے۔

اتنے میں معلوم ہوا۔ اب عمر بن عبدود لشکر لے کر آپہنچا ہے۔ خندق دیکھ
ہی کہنے لگے۔ یہ جو ایرانی سلمان فارسی ان کے پاس رہتا ہے یہ اسی کی رائے ہے
اس نے اِدھر اُدھر گھوڑے کو کاوہ دیا کہ میں کسی طرح جست لگا کر اندر پہنچ
ایک دفعہ اس نے گھوڑے کو مہمیز کیا۔ ایڑ لگائی۔ گھوڑا کود کر اندر آگیا۔ ا
جب اندر آگیا تو ہر ایک اپنے اپنے خیمے کے اندر گھس گیا۔ کوئی باہر نہ ر
آپس میں باتیں ہونے لگیں۔ یہ تو عمرو ہے۔ یہ تو ایک ہزار کا مقابلہ اکیلا کر س
ہے۔ یہ ڈھال نہیں اٹھاتا۔ سپر کی جگہ گھوڑے کو اٹھا لیتا ہے۔ اونٹ کو اٹھا
ہے بجائے ڈھال کے۔

عمر بن عبدود آیا اور آکر اپنا نیزہ نبیؐ کے خیمے پہ مارا اور کہا کہ یا محمد
باہر نکلیئے۔

حضورؐ باہر آئے اور فرمایا کہ جلدی نہ کر تیار ہو۔ "میں ابھی اپنا سپاہی
ہوں"۔

وہ کھڑا رہا اور کھڑا رہا اور کھڑا ہو کر دیکھ رہا ہے۔ حضورؐ نے فرما
"آج جو اس کا مقابلہ کرنے جائے گا میں اپنے بعد اس کو امامت د
ان سب کا کیا حال تھا۔ جیسے سروں پہ پرندے بیٹھے ہیں ہلتے نہ تھے۔ قرآ
کی تصویر کشی کرتا ہے (سورہ احزاب بائیسواں پارہ)

حاصل کلام۔ خدا کہتا ہے یاد کرو۔ اس وقت مسلمانو جب تمہاری آ
(عمرو کو دیکھ کر) اندر گھس گئی تھیں اور تمہارے سانس کھینچ کھینچ کر گلوں میں



گئے تھے۔ سانس اونچا نہ لیتے تھے کہ کہیں زندہ نہ سمجھ لے۔ اور کیا حالت تھی؟
دل کھینچ کے گلوں میں اٹک گئے تھے اور اللہ پہ بدگمانی کر رہے تھے کہ ہمیں کہاں
پھنسا دیا کدھر پھنسا دیا۔ یہ حالت ہو گئی۔

امام رازی فرماتے ہیں۔ اب حضورؐ نے آواز دی"۔ کوئی ہے میرے اصحاب
میں جو اس کا مقابلہ کرے۔ میں اس کو امامت دوں گا"۔

سب خاموش بالکل خاموش۔

علیؑ کھڑے ہوئے اور عرض کی "یا رسول اللہ میں اس سے مقابلہ کروں گا"۔
آپؐ نے فرمایا "ٹھہرے رہو اپنی جگہ پر آگے نہ آؤ۔ اسی جگہ بیٹھ جاؤ"۔ علیؑ
بیٹھ گئے۔ پھر حضورؐ نے فرمایا:

"جو مقابلہ میں جائے گا میں اپنے بعد اسے امامت دیتا ہوں"۔

پھر کوئی نہ بولا۔ علیؑ نے جواب دیا "میں مقابلہ کروں گا"۔ حضورؐ نے کہا:
ٹھہر جاؤ، بیٹھو ذرا۔ علیؑ پھر بیٹھ گئے۔ پھر حضورؐ نے فرمایا:

"میں امامت دے رہا ہوں، کوئی مجھے کنبہ پرور نہ سمجھے۔ میں دے رہا
ہوں جو بھی آج آئے گا۔ میں امامت دوں گا"۔

پھر سب کے سب خاموش۔ تین مرتبہ پکارا اور تینوں مرتبہ علیؑ کے سوا کوئی
کھڑا نہ ہوا۔ اس گفتگو میں دیر ہو گئی اور کوئی نہ نکلا۔

عمرو بن عبدود کھڑا تھا۔ وہ جوش میں آکر کہتا ہے:

"او مسلمانو! تم تو یہ اعتقاد رکھتے ہو کہ جو مسلمان کافر کے ہاتھ سے
مرے گا وہ جنت میں جائے گا اور جو کافر مرے گا کسی مسلمان کے ہاتھ سے وہ
جہنم میں جائے گا۔ تو پھر آج کسی مسلمان کو جنت میں جانے کی تمنا نہیں ہے؟
مسلمان جنت میں جانا نہیں چاہتے۔

عمرو کے یہ الفاظ سن کر حضرت علیؑ کی رگوں میں خون جوش مارنے لگا اور
آپ نے عرض کی:

"یا رسول اللہ عمرو کی باتیں ناقابل برداشت ہیں۔ جلد اجازت دیجئے کہ
میں اس کا مقابلہ کروں"۔

Presented by www.ziaraat.com

آنحضرتؐ نے فرمایا: "اے علیؑ ھذا عمر بن عبدُود۔ یہ عمر بن عبدود ہے۔"

حضرت علیؑ نے عرض کی "اگر یہ عمر بن عبدُود ہے میں بھی تو علیؑ ابن ابی طالب ہوں۔"

چنانچہ آنحضرتؐ نے اپنا امامہ حضرت علیؑ کے سر پر باندھا اور اپنی تلوار حمائیل کی اور فرمایا: "اے عمر و تیار ہو جا، میر سپاہی تیرے مقابلے کے لئے تیار ہے۔"

عمر و میدان میں پہنچ گیا۔ حضرت علیؑ کو آنحضرتؐ نے روانہ کیا۔ اس شان سے کہ آگے آگے علیؑ اور پیچھے پیچھے رسولؐ اور آپؐ کے عقب میں اصحاب۔ جب علیؑ خندق کے دروازے تک پہنچے تو آپؐ نے دونوں ہاتھ اوپر اٹھائے اور دربار الٰہی میں عرض کی:

"پروردگار تو نے مجھ سے چچا حمزہؓ کو لیا، بھائی جعفر کو لے لیا۔ اب یہی ایک باقی رہ گیا ہے تو بہترین وارث ہے۔" یہ دعا کر کے حضرت علیؑ سے فرمایا:

بَرَزَ الْاِیْمَانُ کُلُّہٗ اِلَی الْکُفْرِ کُلِّہٖ

آج کُل ایمان کُل کُفر کے مقابلہ میں جا رہا ہے۔

کیونکہ کُل مسلمان محدود و محصور تھے مدینہ میں۔ لہٰذا اگر ایمان تھا مدینہ میں۔ اور مدینہ سے باہر کُل کفر تھا۔

امام فخر الدین رازی نے یہی لکھا ہے کہ اگر آج عمر و غالب آ جاتا تو اسلام ایمان منہدم ہو جاتی کیونکہ نبیؐ آخری نبی تھے اور کتاب آخری کتاب تھی۔ اگر یہ سب شہید ہو جاتے تو دنیا میں صرف کُفر ہی باقی رہتا۔ اس کے امام رازی فرماتے ہیں:

"پس ضربت علیؑ ابن ابی طالب وہ ضرب ہے کہ جس کی وجہ سے اسلام بچ گیا۔" اسلام کی بقا اس ضرب سے ہوئی۔ لہٰذا یہ ضرب اصل ہے اور عبادت اسلام کی فرع ہے۔ اگر اسلام ہی باقی نہ رہتا تو عبادت کہاں ہوتی؟



اس کے بعد امام رازی فرماتے ہیں۔ یعنی اسی وجہ سے رسولؐ اللہ نے فرمایا تھا کہ آج کُل ایمان کُل کفر کے مقابلہ میں جا رہا ہے۔ حدیث کتاب حیوۃ الحیوان علامہ دمیری اور بعض تاریخوں میں ہے:

برز الاسلام الی الکفر کلہ

جیسا کہ روضۃ الصفا میں ہے۔

بحرحال حضرت علیؑ کو آنحضرتؐ نے کُل ایمان یا کُل اسلام فرمایا۔ اور اس لئے فرمایا کہ آج ایمان و اسلام کی بقا کا سبب حضرت علیؑ تھے۔

خدا فرماتا ہے: جب میں کسی بندے سے محبت کرتا ہوں تو اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں اور وہ حملہ میرے ہاتھ سے کرتا ہے اور میں اُس کی آنکھ بن جاتا ہوں۔ وہ میری آنکھوں سے دیکھتا ہے اور میں اس کے کان بن جاتا ہوں وہ میرے کانوں سے سنتا ہے۔

یعنی اب وہ ید اللہ بھی ہے، عین اللہ بھی ہے، اُذُنُ اللہ بھی ہے تو خیبر میں محبت ثابت۔ لہٰذا علیؑ ید اللہ، عینُ اللہ، اذن اللہ جب ید اللہ۔ تو اللہ کے ہاتھوں پر کوئی غالب نہیں ہو سکتا۔ اس لئے علیؑ غالب علیٰ کُل غالب ادھر ہاتھ ہلا اسلام بچ گیا۔ رسولؐ و اسلام و اصحاب سب بچے۔

## حدیث ثقلین

اِنِّی تَارِکٌ فِیْکُمُ الثَّقَلَیْنِ کِتَابَ اللّٰہِ وَعِتْرَتِیْ اَھْلَبَیْتِیْ مَا اِنْ تَمَسَّکْتُمْ بِھِمَا لَنْ تَضِلُّوْ بَعْدِیْ وَاِنَّھُمَا لَنْ یَفْتَرِقَا حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ

بے شک میں تمہارے درمیان کتاب اللہ اور اپنی عترت اہل بیت دو گران بہا چیزیں چھوڑتا ہوں۔ اگر تم نے ان دونوں سے تمسک رکھا تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے یہاں تک کہ دونوں میرے حوض کوثر پر پہنچیں۔

قرآن و اہلبیت وہ ہیں جن کو چھوڑا اور اصحاب و اُمتی وہ ہیں جن میں چھوڑا

Presented by www.ziaraat.com

جن میں چھوڑا ان کو فرما رہے ہیں کہ اگر تم نے ان دونوں سے تمسک کیا تو کبھی گمراہ نہ ہو گے اور جن کو چھوڑا ان کے لئے فرمایا: یہ دونوں قرآن و اہلبیت آپس میں جدا نہ ہوں گے جب تک میرے پاس حوض کوثر پر نہ پہنچیں۔ معنی کیا ہوئے: تم جدائی نہ کرنا قرآن و اہلبیت میں۔

## ثقلین

لفظ ثقلین کے معنی بتاتے ہیں کہ کتنی عزت ہے۔ ان دونوں کے لئے معیت ثابت ہے۔ چنانچہ حضرت یوسفؑ کا واقعہ گواہ ہے۔ حضرت یوسفؑ کو تولا گیا۔ ترازو کے ایک پلہ میں حضرت یوسفؑ کو بٹھایا اور دوسرے پلہ میں زر و جواہر سونا چاندی۔ حضرت یوسفؑ جدھر تھے وہ ترازو کا پلہ اسی طرح رہا اور جتنے خزانے مصر کے تھے وہ دوسرے پلہ میں آتے گئے مگر وہ پلہ اٹھا رہا۔ جب خزانے خالی ہو گئے تو حضرت یوسفؑ نے کہا:

"اے شاہ مصر! یہ تو مصر کے خزانے ہیں اگر تمام کائنات کے خزانے بھی ترازو میں رکھ دے گا تو وہ بھی میرے مقابلے میں نہیں آ سکتے۔ تو تو نبوت کو مالِ دنیا سے تولتا ہے۔"

جب یہ لفظ کہے گئے تو شاہِ مصر نے کہا: "پھر آپ کو کیسے تولا جائے؟"

حضرت یوسفؑ نے صرف ایک آیت قرآنی لکھی اور رکھ کر دے دی کہ یہ رکھ دوسرے پلہ میں۔ جب وہ ایک آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رکھی گئی تو جدھر آیت تھی وہ پلہ جھک گیا۔ تو ایک آیت میں اتنا وزن، کہ حضرت یوسف جیسا پیغمبر سبک ہو گیا اور آیت وزنی رہی۔ تو جہاں قرآن ہو ان اہل بیت کا کیا وزن ہو گا؟

کیونکہ حدیث میں ثقلین کا لفظ ہے۔ تثنیہ کا صیغہ ہے۔ تثنیہ کے معنی ہیں جیسا ایک ہو ویسا ہی دوسرا۔ اور ثقل کے معنی وزنی چیز کے ہوتے ہیں جب دونوں کو وزنی کہا تو قرآن کا بھی وزن دیکھئے اور اہلِ بیت کا وزن بھی دیکھئے۔ دونوں کا وزن بتایا۔ یہ بھی بھاری وہ بھی بھاری۔



اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر ہم قرآن کو نازل کر دیتے پہاڑ پر تو تم دیکھتے کہ پہاڑ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اُڑ جاتے۔ اس میں طاقت نہیں کہ کتاب اللہ کو برداشت کر سکے اتنا وزن ہے۔ تو یہ ہے قرآن جو ہم نے لکھا، ہمارا چھاپہ ہوا، یہ رکھ دیکھئے ہلتے پہاڑ پہ اس میں لرزہ پیدا نہ ہو گا۔

تو یہ قرآن کہاں اترا، پہاڑ پہ تو اتر نہیں سکتا وہ تو ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا، اللہ فرماتا ہے۔ اے محمدؐ! وہ قرآن تمہارے دل پر اترا اور دل کے ٹکڑے نہیں ہوئے اگر پہاڑ پر آ جائے تو ریزہ ریزہ ہو جائے اور حضورؐ کے دل پہ آ گیا تو کوئی لرزہ نہیں۔ حضورؐ کے دل نے اٹھا لیا۔ کوئی اثر نہ ہوا۔ تو وہ قرآن کیا ہے جس کے ساتھ اہلبیت ہیں؟ یہ تو وہ قرآن نہیں۔ یہ قرآن تو نقل ہے، نقل ہم نے حضورؐ سے لی۔ ہم نے وہ قرآن سنا جو حضورؐ کے دل میں تھا۔ حضورؐ نے وہ قرآن سُنایا۔ ہم نے سُن سُن کر لکھ لیا۔ لکھتے چلے آئے اور آج تک لکھتے ہیں نقل در نقل۔

اصل قرآن حضورؐ کے دل میں ہے، اللہ نے جو کہا ہے ہم نے اس کو نازل کیا اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں تو کیا اس قرآن کے جو ہم نے نقل کیا؟ اگر یہ وہ قرآن ہوتا تو نہ اس کو کوئی جلا سکتا، نہ پھاڑ سکتا، نہ نیزے پہ چڑھایا جاتا۔ اگر اس کی حفاظت کا وعدہ اللہ نے کیا ہوتا۔ اللہ کی حفاظت میں یہ نہیں ہو سکتا۔ یہ اس قرآن کی کاپی ہے، نقش ہے جو حضورؐ پہ اترا، جو پڑھا گیا اور سُنا کر لکھا گیا۔ بعینہٖ یہ وہ نہیں ہے اس کی نقل ہے، کاپی۔ وہ اصل تھا، جو حضورؐ کے سینے میں تھا۔ اس کی نقل آج تک ہمارے ہاتھوں میں ہے۔ ہم پڑھ رہے ہیں۔ مگر اس نقل کو بھی جب ہم لکھ چکے تو حکم آتا ہے۔

دیکھو! یہ جو تم نے لکھ لیا ہے کوئی اس کو بغیر طہارت ہاتھ نہ لگائے، چھو نہ لے، بغیر وضو ہاتھ لگانا حرام ہے وضو کر کے ہاتھ لگاؤ، حرفوں کو منہ سے چوم لو آنکھوں سے لگائیں، سر پہ رکھیں لیکن قدم نہ لگائیں۔ اگر قدم رکھ دیا تو کافر ہو جائیں گے۔ حالانکہ لکھا ہم نے، قلم ہم نے بنایا، کاغذ ہم نے بنایا، پتھر پہ کاپی ہم نے جمائی، مشین ہم نے بنائی، مشین سے ہم نے چھاپا اور جب

Presented by www.ziaraat.com

کے علاوہ وہ معرکے جو اکثر و بیشتر رسولؐ اور قریش سے ہوتے رہتے۔ خو[د] اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ ایسے خطرناک اور ہوش رُبا ماحول میں آپ نے اپنی زندگی کی کوئی قیمت نہ رکھی۔ صرف ایک جذبہ کار فرما تھا۔ قربانی اور وفاداری۔ نیز یہ کہ رسول مقبولؐ کا بال بھی بیکا نہ ہونے پائے۔ انہی فداکاریوں اور استقلال کا نتیجہ تھا کہ رسولؐ خدا اکثر و بیشتر فرمایا کرتے:

"علیؑ مجھ سے ہیں اور میں علیؑ سے ہوں۔"

امیر المومنین علیؑ کی زندگی کا مطالعہ کیا جائے تو اللہ تعالیٰ بے حد خصوصی تعلق معلوم ہوتا ہے۔ خدا کی تائید و نصرت آپ کا منشا رہا۔ کائنات کی طاقتیں بھی آپ کی ہمنوا معلوم ہوتی ہیں۔ چنانچہ مددِ الٰہی کی بعض اوقات ایسی مثالیں [سا]منے آجاتی ہیں جس سے آپ کی بلندی کا احساس ہر دل کو ہونے لگتا ہے۔

جنگ میں تلوار (ذوالفقار) کا عطا ہونا بظاہر عالم کے عام قانون طبعی کے خلاف معلوم ہوتا ہے لیکن آپ کے ساتھ ایسا حقیقت میں ہوا (بخاری شریف) میں بھی ہے۔ وہ حدیث جو کُل مسلمین نے لکھی ہے۔ اتنے الفاظ لکھوں گا جسے سب نے تسلیم کیا۔

لَاُعْطِیَنَّ الرَّایَۃَ غَدًا رَجُلًا یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیُحِبُّہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ

ترجمہ: کل میں ایسے مرد کو علم دوں گا جو خدا اور رسولؐ سے محبت رکھتا ہے اور خدا اور رسولؐ اس سے محبت رکھتے ہیں۔

حدیث میں لفظ ہے غداً جس کے معنی کل ہیں۔ یعنی میں کل علم دوں گا حضورؐ فرما رہے ہیں یعنی یقیناً عطا کر دوں گا، لازمی عطا کر دوں گا۔ یہ حضورؐ نہیں کہہ سکتے ہیں۔ قرآن ایک بات سے روکتا ہے۔ قطعاً مانع ہے۔ حکم دیتا ہے

لَا تَقُوْلَنَّ لِشَیْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِکَ غَدًا اِلَّا اَنْ یَّشَاءَ اللّٰہُ

ترجمہ: اے رسولؐ! تم کسی شئے کے لئے یہ نہ کہنا کہ میں کل کر دوں گا البتہ انشاء اللہ کہہ کر کہہ سکتے ہو۔

حدیث میں انشاء اللہ کہیں نہیں کہا۔ کسی حدیث / کتاب میں دیکھ لیں ا[گر]



اللہ کے حکم کی رسولؐ تو نافرمانی نہیں کر سکتے۔ تو یہ ماننا پڑے گا کہ یہ بات حضورؐ کی نہیں ہے۔ تمام مؤرخین نے لکھا ہے کہ حضورؐ علم دیتے رہے تو اب یہ بات حضورؐ نہیں کہہ سکتے کہ کل میں دوں گا۔ بلکہ یہ تو حدیث قدسی معلوم ہوتی ہے

## حدیث قدسی

اللہ کی طرف سے اگر لفظ اور معنی اس کے ہوں اور معجزہ بن کر آئیں تو قرآن اور اگر لفظ اور معنی اس کے ہوں مگر معجزہ نہ ہو تو حدیث قدسی۔ اگر معنی آئیں اس کے اور لفظ ہو رسولؐ۔ بہر حال معنی اس کے ہوں گے تو کل میں علم دوں گا۔ کلام خدا معلوم ہوتا ہے رسولؐ کی حدیث ہوتی تو انشاء اللہ ہوتا اور جب عطا کا لفظ آیا کہ کل میں عطا کروں گا تو عطا کے معنی بخشش کے ہیں اور جب خدا نے عطا کیا تو اب علم ان کی میراث ہو گیا، اب کوئی علم نہیں لے سکتا اور جواب بھی قائم آل محمدؐ کے پاس ہے اور بوقت ظہور بعد از غیبت کبریٰ برآمد فرمائیں گے۔

---

حضرت علیؑ (مس رُوپ کماری کی نظر میں)

جہاں میں دین الٰہی انہی سے ہے قائم
یہی صفی ہیں یہی سیف ہیں یہی صائم
یہی قسیم جناں ہیں یہی ابوالقاسم
انہی کو آیا هُوَ اللّٰہُ فوق ایدیهم
بنایا فرق انہی نے تو جا و بے جا میں
انہی نے جان دی پرماتما کی سیوا میں

Presented by www.ziaraat.com

# وارثانِ کتاب

ثُمَّ اورثنا الکتاب الّذین اصطفینا من عبادنا

(قرآن مجید)

ہم نے رسولؐ پر کتاب نازل کی۔ پھر ہم نے اپنے اصطفا بندوں کو اس کتاب کا وارث قرار دیا۔

قرآن مجید کا اعلان ہے کہ اگر تمام جنّ وانس جمع ہو کر اس کا مثل لانے کی کوشش کریں تو نہیں لا سکیں گے۔ اس بنا پر قرآن کو معجزہ قرار دیا گیا ہے اب سوال یہ ہے کہ کیا چیز معجزہ ہے؟ کیا کاغذ معجزہ ہے یا روشنائی ہے؟ یہی چیزیں دوسری کتابوں میں بھی ہوتی ہیں۔ کلام ربانی بیان کردہ حقائق کی بنا پر معجزہ ہے۔ اگر عام عربی دانوں کی عقل ان حقائق پر احاطہ کر سکے تو معجزہ ہی کیا رہا۔ معجزہ کی حقیقت تو صرف معجزہ نما ہستی ہی جان سکتی ہے لہٰذا عربی دانی کے علاوہ اعجاز نما ہونا بھی ضروری ہے۔ علم لدّنی ہی کسی ہستی کو ایسے ہمہ گیر علم پر فائز کر سکتا ہے۔ یہ خداداد علم ایک باطنی کمال یا حقیقت ہے عام لوگوں کو کیسے معلوم ہو۔ اس لئے اوّلاً صحیفہ ربّانی رہنمائی کرے کہ ایسی حامل لدّنی ہستی کو کہاں تلاش کیا جائے۔ ثانیاً فرستادہ ربّانی سرور کائناتؐ تعارف کرائیں۔ ثالثاً



یا پھر ایسی باکمال ہستیاں خود اپنا تعارف کرائیں اور اس کا ثبوت بھی دیں۔

یہ خدا ساختہ وارثان کتاب حاملان علم لدّنی مصطفٰیؑ بندے کون ہیں؟

قل الحمد للہِ وسلام علیٰ عباد الّذین اصطفیٰ

بعینہٖ امر حکم ہے کہ خدا کی حمد بجا لاؤ اور اس کے مصطفیٰ بندوں پہ سلام کیا کرو (بنی اسرائیل)

دنیائے اسلام میں وہ کونسی ہستیاں ہیں جن کے نام کے ساتھ علیہ السلام استعمال کیا جاتا ہے وہ وہی ہیں جن کے لئے قرآن کی طرف سے بھی درود و سلام ہے۔

سلام علیٰ آل یٰسین

یہ آلِ رسولؐ ہی کی خصوصیت ہے کہ خدا ان پر سلام بھیج رہا ہے۔ کسی اور پیغمبر کی آل کو یہ شرف نہیں ملا۔ قرآن مجید نے مزید روشنی ڈالتے ہوئے ان برگزیدہ ہستیوں کا یوں تذکرہ کیا ہے۔

اللہ کے لئے جد وجہد کرو جو حق ہے جہاد کرنے کا۔ اس لئے تمہیں مجتبیٰ قرار دیا ہے۔ دین میں تمہارے لئے کوئی سختی نہیں ہے یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ کی ملت ہے جس نے تمہارا نام مسلم رکھا تھا۔ برگزیدہ افراد کی یہ جماعت اُمتِ مسلمہ ذریت ابراہیمؑ کی نسل اسمٰعیلؑ نے لے لی۔

ان اللہ اصطفیٰ آدم و نوحًا وَآلِ ابراھیمؑ اور آلِ عمران علی العالمین ذریتًا بعضھا من بعض (پ۳ : ۱۳)

بے شک اللہ نے مصطفیٰ قرار دیا آدمؑ کو، نوحؑ کو، آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمران کو تمام عالمین کے اوپر ان میں بعض، بعض کی اولاد ہیں۔

حضرت آدمؑ، نوحؑ اور آل ابراہیمؑ کے متعلق کوئی اختلاف نہیں۔ لیکن آلِ عمران کے متعلق اختلاف ہے۔ عمران ایک نہیں بلکہ تین ہوئے ہیں۔ ایک تو وہ جن کی نسل سے حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ تھے۔

دوسرے وہ جن کی بیٹی حضرت مریم اور نواسے حضرت عیسیٰؑ تھے۔

تیسرے عمران وہ جو جناب رسالتمآب کے عم محترم آپ کے مربی اور

Presented by www.ziaraat.com

سرپرست تھے۔ جن کے بیٹے حضرت علیؑ تھے۔

بعض یہ کہتے ہیں کہ آل عمران سے مراد حضرت موسیٰ اور ان کی اولاد ہیں، لیکن یہ امر قابل غور ہے کہ آیت میں جب پہلے آل ابراہیمؑ کا ذکر موجود ہے اور حضرت موسیٰ بھی آل ابراہیمؑ سے ہیں تو پھر بعد میں آل عمران کہنے کی ضرورت ہی کیا تھی۔

آلِ عمران سے مراد ابوطالب کی اولاد ہے کہ جن کا نام عمران تھا۔ ہوسکتا ہے کوئی اس دلیل کو بطور حجت پیش کرے اور کہے کہ جب آل عمران بھی آلِ ابراہیم میں داخل ہے تو پھر آل عمران یعنی ابوطالب کی اولاد کا علیحدہ ذکر کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کی اولاد سے دو سلسلے چلے۔ ایک حضرت اسحٰقؑ سے، دوسرا حضرت اسمٰعیلؑ سے پہلی نسل بلحاظ ہدایت وشریعت حضرت عیسٰی پر ختم ہوگئی۔ لیکن دوسری نسل یعنی ابوطالب کی اولاد میں سلسلۂ ہدایت قیامت تک باقی رہنے والا تھا۔ اس لئے امتیاز نسلی کے اظہار اور ازالہ اشتباہ اور حضرت رسولؐ خدا اور ان کے سلسلہ ہدایت کے آئمہ کی فضیلت کے اظہار کے لئے آل عمران کا ذکر ضروری ہو گیا ہے۔

اس ردیف قافیہ میں سرور کائنات نے تعارف کرایا:

ان اللہ اصطفیٰ بنی کنانہ من بنی اسماعیل من بنی کنانہ قریش ومن قریش بنی هاشم ومن بنی هاشم اهل بیتی

لہٰذا ازروئے نسب اہل بیت رسولؐ ہونا اور ازروئے حسب وارث الکتاب حامل علم لدّنی اور مصطفیٰ ہونا بھی ضروری۔

حقیقت قرآنیہ عطائے ربانی کے طور پہ ان ہستیوں کے سینوں میں ... کرتی ہے۔

یہ الکتاب کی وراثت کیسے ملتی ہے؟

بل صفایات بیّنات فی صدور الذین اوتوا العلم



(عنکبوت ۴۸)

اسی وجہ سے خدا تعالیٰ نے ان کو رسالت کی گواہی کے لئے پیش کیا۔

قل کفیٰ باللہِ شهیداً بینی وبینکم ومن عنده علم الکتاب (رعد ۴۳)

آیت میں نام نہیں لیا گیا صرف صفت بیان کر دی ہے (من عنده علم الکتاب)

کیونکہ ایسے وارث علم لدّنی کی موجودگی ہر زمانہ میں ضروری ہے۔

یہ وارثان الکتاب جاہل پیدا نہیں ہوتے اور بمصداق (فوق ذی علمٍ علیم) یوسف ۷۶)۔ اپنے زمانہ کے ہر اس صاحب علم پہ فوقیت رکھتے ہیں۔ حضرت آدمؑ تھوڑے سے علم لدّنی کی بناء پہ مسجود ملائکہ قرار دیئے گئے تھے لیکن ان ہستیوں کے تعارف میں خدا فرماتا ہے۔

کل شئ احصینٰه فی امامٍ مّبین : (یٰسین آیت ۱۲)

کل کائنات کی حقیقت کو ہم نے امام مبین میں سمو رکھا ہے۔

عوام الناس کا تعارف کراتے ہوئے پروردگار نے ارشاد فرمایا:

ما اوتیتم من العلم الا قلیلا (بنی اسرائیل ۸۵)۔

تمہیں صرف قلیل علم عطا کیا گیا ہے۔

یہ قلیل علم والی مخلوق ہوا میں پرواز کر رہی ہے اور علم کی بدولت کیا کیا کرشمے دکھاتی پھر رہی ہے اور جنہیں خدا نے کلّی علم عطا کر رکھا ہے ان میں کیا کیا کمالات ہوں گے۔

ولو انا قرآناً سیرت به الجبال او قطعت به الارض او کلم به الموتیٰ بل اللہ الامر جمیعا (الرعد-۳۳)

آن واحد میں مشرق سے مغرب، فرش سے عرش تک پہنچ سکتی ہے مُردوں کو زندہ کر کے باتیں کرا سکتی ہے۔ خاصان خدا اسی کی بدولت کائنات پر تصرف کرتے ہیں۔ تغیراتِ نظام عالم انہی کا ادنیٰ سا معجزہ ہے۔

یہ نزول قرآن سے پیشتر حقیقت قرآن کے عام ہوتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

(الذین آتیناھم الکتاب من قبلہ ھم بہٖ یومنون وَاذا یتلیٰ علیھم قالوا آمنا بہٖ انہ الحق من ربنا انا کنا من قبلہ مسلمین (قصص)

سند لیاقت علم لدنی کی پائے ہوئے
فصیح عجز سے ہیں گردنیں جھکائے ہوئے
بلیغ سر بگریباں ہیں منہ کی کھائے ہوئے
نہ بے پڑھے کہو حق کے ہیں یہ پڑھائے ہوئے

وارثان کتاب کے لئے اوتوا العلم اور من عندہ علم الکتاب ہونا بھی ضروری ہے۔

ھوالذی انزل علیک الکتاب آیاتٌ محکمات ھن ام الکتاب وَاُخر متشابھات فاما الذین فی قلوبھم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہُ ابتغا الفتنۃ وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم ۰ (آل عمران ۷)

آیات محکمات صریح الدلالت ہوتی ہیں وہ مرجع کتاب ہیں لیکن تشابہ آیات محتاج تاویل ہوتی ہیں۔ جن لوگوں کے دلوں میں کھوٹ ہوتا ہے وہ اپنے باطل خیالات کی تائید میں تشابہ آیات پیش کرتے ہیں اور اپنی خواہشات کے سانچے میں ڈھال کر جیسے چاہتے ہیں تاویلیں کرتے رہتے ہیں۔

تاویل کسے کہتے ہیں ؟

ظاہر معنی کو حقیقت کی طرف لوٹانا۔ اگر حقیقت معلوم ہو تو تاویل بے سروپا اور من گھڑت ہو گی۔ لہذا تاویل وہ ہی کر سکتا ہے جس کو خود خدا نے حقیقت سے آگاہ کر رکھا ہو۔ یہی ہستیاں راسخ فی العلم کہلاتی ہیں۔ ان کا علم ایسا پختہ ہوتا ہے کہ اس میں تغیر بالکل نہیں ہوتا۔ یہاں سن و سال کی قید نہیں ہوتی۔ ان کی حقیقت ہی عین علم ہوتی ہے۔ بچپن، جوانی اور بڑھاپا تو بجائے خود رہے یہ ہستیاں بطن مادر میں بھی علیم ہوتی ہیں۔ ان پہ نہ نسیان طاری ہوتا ہے نہ ہذیان اگر خدا یہ فرماتا ہے کہ علم ان میں راسخ ہے تو بھی بڑی بات ہوتی لیکن ایسی صورت



میں احتمال ہو سکتا ہے کہ انہیں عالم وجود میں آنے کے بعد کسی وقت علم عطا کیا گیا اس احتمال کو دور کرنے کے لئے خدا نے اس آیت میں علم کو ظرف قرار دیا اور ان ہستیوں کو مظروف۔ یعنی کوئی وقت ایسا آیا ہی نہیں کہ یہ ہوں اور علم نہ ہو راسخون فی العلم کی جماعت میں خود رسولؐ بھی شامل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا ذکر علیحدہ نہیں کیا گیا۔

جو بطن مادر سے جاہل پیدا ہوا اور جس کی سوانح حیات میں لکھا ہو کہ اس نے علم تفسیر مولوی صاحب سے سیکھا، علم حدیث کی تعلیم فلاں استاد سے پائی اور علم فقہ کا درس فلاں شخص سے لیا۔ سمجھ لو وہ راسخون فی العلم نہیں، تاویل کرنے کا اہل نہیں ہے۔ اس بے چارے کو یہ بھی تمیز نہیں ہوتی کہ کونسی آیت محکم ہے اور کونسی متشابہ۔

والراسخون فی العلم منھم والمومنون یومنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک (سورہ نساء)

اس لئے راسخ فی العلم ہستیوں کا ذکر قرآن میں اہل ایمان لوگوں سے علیحدہ کیا گیا ہے۔

تاویل صرف دو طریقے سے پیش ہو سکتی ہے یا تو پیش کرنے والا خود راسخ فی العلم ہو یا کسی راسخ فی العلم کا قول نقل کر رہا ہو۔

اب ذرا حقیقت قرآن پر غور کیا جائے ہمارے کلام کا طریقہ کیا ہے ؟ ہمارے دل و دماغ میں ایک مطلب یا خیال پیدا ہوتا ہے جس کو بذریعہ الفاظ دوسروں تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں، یعنی مطلب مقدم ہوتا ہے اور الفاظ مؤخر۔ کیا کلام خدا کو بھی یونہی تصور کیا جا سکتا ہے۔ یہاں نہ زبان ہے نہ حرف نہ صوت۔ کس طرح ممکن ہے کہ ایک محدود علم و ادراک والا انسان خالق کے منشا کو کما حقہٗ سمجھ سکے۔ کلام اللہ کتابی صورت میں نازل نہیں ہوا، بلکہ نزول بہ روح الامین علیٰ قلبک (الشعراء - ۱۹۳) حقیقت قرآنیہ قلب محمدؐ نازل ہوئی۔ انہ القرآن کریم فی کتاب مکنون بیشک قرآن حکیم کی حقیقت ایک پوشیدہ کتاب ہے جس کی حقیقت زبان رسالت

Presented by www.ziaraat.com

سے ادا ہونے پر قرآن کہلائی۔ باطن پیغمبرؐ وہ کتاب ہے۔ اس حقیقت قرآنیہ باطن محمدیہ کو غیر مطہر مس نہیں کر سکتے۔ لا یمسہ الا المطہرون۔

حقیقت قرآن خلق و باطن پیغمبر ہے۔ تزکیہ نفس کر کے انسان جس قدر باطن محمدؐ سے اتصال روحانی پیدا کرے گا۔ اس قدر پر تو اس میں آجائے گا۔ اوصاف محمدیؐ رکھنے والی ہستی ہی حقیقت قرآن پر ۔ اس لئے عربی دانی کے ساتھ تطہیر الٰہی ہونا بھی ضروری ہے۔

قرآن مجید اسرار و رموز ربّانی کا حامل ہے۔ ذات ایزدی غائب ہے۔ اس کے منشاء کو معلوم کرنے کے لئے اس کی مشیت کا ظرف ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ سورہ دہر میں اس نے کچھ ہستیوں کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے۔ ما تشاؤن ان یشاء اللہ (دھر) تم چاہتے ہی نہیں یا چاہو گے ہی نہیں جب تک اللہ نہ چاہے۔ گویا ان کا وجود محلِ مشیت پروردگار ہے۔ وہی اسرار و رموز خالق سے آشنا ہیں۔ لہٰذا عربی دانی کے علاوہ ظرف مشیت ایزدی ہونا بھی ضروری ہے۔ یہی صاحبان اعجاز ہستیاں معجزہ قرآن کی حقیقت سے آگاہ ہوتی ہیں، نہ کہ عوام الناس۔

فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون (النحل ۴۳)

یہ آیت خود بتاتی ہے کہ قرآن کو سب نہیں جانتے ان میں انجان لوگ بھی ہیں یہ لا تعلمون کے مصداق نہ جاننے والے کون ہیں۔

واللہ اخرجکم من بطون امھاتکم لا تعلمون شیٔا

اللہ نے تمہیں ماں کے پیٹ سے پیدا کیا۔ درآنحالیکہ تم کچھ نہیں جانتے یعنی ورق سادہ جاہل مطلق پیدا ہوتے ہو۔ یہ الذکر کی طرف رجوع کرنے کا حکم ہے جو اہل زبان عربی دان لوگوں کو دیا گیا ہے۔ حکم کی نوعیت کیا ہے؟ یہ نہیں فرمایا کہ اگر نہیں جانتے ہو تو قیاس کر لیا کرو، یا کثرت رائے سے طے کر لیا کرو یا لغت کی کتابیں دیکھ لیا کرو یا کسی عربی دان پروفیسر یا مفسر کی تفسیر ملاحظہ کیا کرو بلکہ کہا کہ اہل الذکر سے پوچھا کرو۔ یہ اہل الذکر کون ہیں؟ آیت خود بتاتی ہے طریقہ تدبیر سے کام لیا جائے۔ پوچھنے پر کوئی پابندی عائد نہیں



کہ فلاں بات پوچھی جائے اور فلاں بات نہ پوچھی جائے بلکہ جو کچھ بھی نہیں جانتے ہو اہل الذکر سے پوچھو۔ لہٰذا جن سے پوچھنے کی ہدایت کی گئی ہے وہ وہی ہو سکتے ہیں جنہیں سب چیزوں کا علم عطا کر رکھا ہے۔ مادر زاد جاہل لوگوں کو حکم ہے کہ اپنی جہالت کو دور کرنے کے لئے علیم ہستی کی طرف رجوع کریں۔ جو فطرتاً علم ساتھ لے کر آئے۔ وہ کبھی یہ نہیں کہے گا کہ میں نہیں جانتا۔ چنانچہ زمانہ رسالتؐ میں اس ہدایت پر عمل ہوتا رہا۔

آیہ لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین سے معلوم ہوا کہ قرآن مجید کے اندر ہر چیز کا بیان ہے۔

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ "خداوند عالم نے قرآن مجید میں سب چیزیں بیان کر دی ہیں۔ خدا نے کوئی بات ایسی نہیں چھوڑی جس کے بندے محتاج ہیں کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ فلاں شے قرآن میں نہیں ملتی۔ خدا نے تمہارے نبیؐ پر انبیاء کو ختم کیا اور قرآن کو کتابوں پر ختم کیا۔ اس کے بعد اور کوئی کتاب نازل نہیں ہوگی۔ اس میں سب چیزیں بیان کر دی ہیں۔ انسانی پیدائش، آسمان و زمین کی خلقت، تم سے پہلے کی خبریں، تمہارے زمانے کے احکام اور تمہارے بعد کی خبریں اور بہشت اور دوزخ کے حالات۔ تمہارا آخری انجام سب کچھ بیان کر دیا ہے۔"

پھر امام نے فرمایا۔ "کوئی چیز ایسی نہیں جس میں دو آدمی اختلاف کریں اور اس کے لئے کوئی قاعدہ قرآن میں نہ ہو لیکن تمہاری عقلیں اس تک پہنچ نہیں سکیں۔"

امام حسنؑ کو شرمندہ کرنے کے لئے معاویہ نے ان سے پوچھا کہ "خدا کہتا ہے کہ ہر خشک و تر قرآن میں ہے تو کیا آپ کی میری داڑھی کا بھی ذکر ہے؟"

حضرت نے فرمایا سورہ اعراف میں ۵۸ ویں آیت (پاک زمین میں حکمِ خدا سے گھنی گھاس اُگتی ہے اور شورہ زار زمین میں چھدری چھدری اُگتی ہے۔ حضرت کی داڑھی گھنی تھی اور معاویہ کی چھدری۔

حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا کہ "عنقریب بہت سے فتنے پیدا ہونے والے ہیں۔" کسی نے پوچھا نجات دینے والی کیا چیز ہو گی؟" فرمایا۔ "کتاب خدا، جس

Presented by www.ziaraat.com

میں تم سے پہلے کی خبریں ہیں، تمہارے بعد کی اور تمہارے زمانہ کے احکام" عبداللہ بن عباس کہتے ہیں کہ اگر میرے اونٹ کا پیکڑا گم ہو جائے تو میں اس کا پتہ بھی قرآن سے لوں گا۔

بہر حال ہر شے قرآن کے اندر موجود ہے یا اس کے لئے کوئی قاعدہ مذکور ہے۔ خواہ وہ قاعدہ خاص اس قسم کے لئے ہو یا عام ہو جس سے بہت سی چیزوں کے احکام نکالے جاسکیں۔ جس نے اس قاعدہ کو سمجھا اس نے اس چیز کے حکم کو سمجھا اور جس نے نہ سمجھا اسے کچھ نہ ملا۔

صرفی، نحوی، لغوی، فلسفی، نجومی، ریاضی، مؤرخی، اصولی، فقیہ، طبیب غرض ہر فن والوں نے اپنے اپنے فن میں قرآن سے مطالب لئے ہیں اور فائدہ اٹھایا ہے۔

محمدؐ و آلِ محمدؐ ہی راسخون فی العلم اور علم کتاب کے وارث ہیں۔ ان میں اور قرآن میں جدائی نہ ہوگی۔

---

**حضرت علیؑ (مس رُوپ کماری کی نظر میں)**

بہار باغ جناں ان کے فیض عام سے ہے
عروج نیر تاباں شہ انام سے ہے
شرف ستاروں کی تسبیح کو امام سے ہے
تمام نظم جہاں ان کے انتظام سے ہے
انہی سے گلشنِ عالم کی زیب و زینت ہے
انہی کے مسکن عالی کا نام جنت ہے



# آئمہ اُمت محمدیؐ پر گواہ

كيف اذا جئنا من كل امة بشهيد وجئنا بك
على هولاء شهيدا (قران)

اس وقت لوگوں کا کیا حال ہو گا جب ہم ہر نبی کی امت کو اس کے گواہ کے ساتھ بلائیں گے اور اے رسولؐ اور آپ کو ان سب پہ گواہ قرار دیں گے۔

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

يوم ندعو كل اناس بامامهم

روز قیامت ہم لوگوں کی ہر جماعت کو ان کے امام کے ساتھ بلائیں گے۔

ان دونوں آیات سے معلوم ہوا کہ ہر اُمت کا ہادی اور امام اس امت کا گواہ بن کر آئے گا۔ اور ہمارے رسولؐ ان سب پہ گواہ ہوں گے۔ رسولؐ کی گواہی کیسے ہو گی جبکہ وہ نبی آخر الزمان ہیں اور سب سے آخر میں پیدا ہوئے ہیں۔ گواہی تو عینی ہونی چاہیئے نہ کہ سماعی۔

احادیث نبوی سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ کا نور آدم سے لے کر آخر نبی تک سب کے ساتھ رہا اور اصلاب طاہرہ سے ارحام طاہرہ کی طرف منتقل ہوتا چلا آیا اس کی علامت غائی یہی تھی کہ آپ ہر اُمت کے ساتھ موجود رہیں تاکہ روزِ قیامت

Presented by www.ziaraat.com

ان پر گواہ ہوں۔ قیامت میں ہر امت سے یہ سوال کیا جائے گا کہ ہمارے پیغمبر نے ہمارے پیغام تم تک پہنچائے تھے اور پیغمبر سے بھی یہ سوال کیا جائے گا۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ولنسئلن الذین ارسل الیھم ولنسئلن المرسلین:

ہم ان سے بھی سوال کریں گے جن کی طرف اپنے رسول کو بھیجا تھا اور رسول سے بھی پوچھیں گے کہ تم نے ہمارے احکام پہنچائے تھے۔

اس وقت ہر امت کے کفار انکار کریں گے "ماجاء نا من نذیر" ہمارے پاس تیرے عذاب سے ڈرانے والا کوئی نہیں آیا تھا۔ یہ نبی جھوٹا ہے اس وقت ہمارے رسولؐ کی گواہی لی جائے گی اور رسولؐ اس نبی کی تصدیق تبلیغ کریں گے۔

اسی طرح ہمارے رسولؐ کی اُمت سے بھی سوال کیا جائے گا اور رسولؐ سے بھی لہٰذا جب کفار اُمت آپ کو جھٹلانا چاہیں تو کوئی گواہ اس وقت بھی ہونا چاہیئے پس وہ آئمہ ہوں گے جن میں کوئی نہ کوئی ہر زمانہ میں امت محمدیؐ کے درمیان موجود رہے گا کہ خدا کی کتاب امر و نواہی کے متعلق ہر زمانہ میں موجود رہی اور ہم اس کے تعلیم کرنے والے بھی موجود رہے۔ جب تک حضور دنیا میں رہے۔ خود تبلیغ کی، اس کے بعد ہم نے کی۔ اسی طرح ہر امام اپنے سے ماقبل کی تصدیق کرے گا۔ یہی منشا ہے اس آیت کا۔

وجعلناکم امۃً وسطًا لتکونوا شھداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیدا

یہ امت وسط کون ہے جو شہید علی الناس ہے اگر امت کا ایک شخص دوسرے کا گواہ فرض کیا جائے تو اول تو نگران ایک دوسرے کا ہو نہیں سکتا کیونکہ سایہ کی طرح کسی کے ساتھ رہے تب ہر عمل کا گواہ ہو سکتا ہے دوسرے غیر معصوم کی گواہی کیسے معتبر ہو گی۔ کذب بیانی کا امکان ہے۔ یہ گواہ تو ایسا ہونا چاہیئے کہ اپنی جگہ پہ رہے اور سب کے احوال کا نگران ہو۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے قمر کہ وہ



ایک جگہ ہے اور زمین کے ہر خطہ پہ اس کی نظر ہے۔ (امام رضاؑ)

مدینۃ العاجز میں امام جعفر صادقؑ کی حدیث درج ہے۔ "خزانہ امام اس کی انگشتری میں ہے اور دنیا اس کے نزدیک ایک ظرف صغیر کے ہے۔ اور مثل ایک صحیفہ کے ہیں۔ یہ بات نہ ہوتی تو ہم امام نہ ہوتے اور مثل دوسرے لوگوں کے ہوتے"۔

امام محمد باقرؑ نے فرمایا: اسم اعظم تہتّر حروف ہیں ان میں سے ایک حرف کا علم آصف بن برخیا وزیر جناب سلیمانؑ کو تھا جس کے زور پر وہ چشم زدن میں بلقیس کو مع تخت کے اٹھا لایا۔ پھر امام نے فرمایا ہمارے پاس اس اسم اعظم کے بہتر۷۲ حروف ہیں۔

آصف بن برخیا کے متعلق قرآن میں ہے:

وقال من عندہٗ علم من الکتاب

(اس نے کہا جس کے پاس کتاب خدا کا تھوڑا سا علم تھا) کہ میں پل جھپکنے میں اٹھا لاؤں گا۔ جب تھوڑا سا علم رکھنے والے کی یہ طاقت تھی تو جس کے پاس (علیؑ) کل کتاب کا علم ہو اس کی طاقت کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔

کل شیء احصیناہ فی امام مبین کے متعلق امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ یہ آیت حضرت علیؑ کی شان میں ہے۔ حضرت رسولؐ خدا نے امیرالمومنین کی طرف اشارہ کر کے فرمایا تھا:

ھو ھذا انّہ الامام الذی احصی اللہ تبارک تعالیٰ فیہ علم کل شیٔ

مفہوم یہ ہے کہ بتوفیق ایزدی ان کو ہر شے کا علم حاصل ہے لیکن ہر چیز کا اظہار بدون اذن الٰہی وہ کرتے نہیں۔ امام حجت خدا ہوتا ہے خلق پہ۔ پس جب تک مخلوق الٰہی کے متعلق اس کو علم نہ ہو وہ حجت خدا کیسے کہلا سکتا ہے، اور وہ بغیر علم کائنات کسی کی دلیل کو کیسے منقطع کر سکتا ہے۔ امام زمانہ کو ہر شب قدر میں ان امام امور سے آگاہ کر دیا جاتا ہے جو سال آئندہ میں ہونے والے ہوتے ہیں۔ اس کا ثبوت سورہ "انا انزلناہ" ہے کہ اس میں ملائکہ اور روح

Presented by www.ziaraat.com

صبح تک ہر امر لے کر نازل ہوتے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ اگر کوئی صاحب الامر ہر زمانہ میں موجود نہ ہو تو یہ فرشتے کس کے پاس آتے ہیں اور ہر امر کو کس تک پہنچاتے ہیں۔ شب قدر تو ہر سال آتی رہی ہے۔ رسولؐ کے زمانہ سے آج تک اور آج سے قیامت تک شب قدر آئے گی اور آتی رہے گی۔ پھر رسولؐ کے بعد اگر ہر زمانہ میں وجود امام منصوص من اللہ ثابت نہیں تو یہ امر کس کو پہنچایا جاتا ہے۔ آج تک دنیا کے کسی عالم نے یہ دعویٰ نہ کیا ہے کہ مجھ پہ فرشتے نازل ہوئے اور یہ امر پہنچایا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ ہر امر نظام عالم کے متعلق ہوگا۔

عیون اخبار الرضا میں ہے کسی نے امام رضاؑ سے پوچھا کہ آپ حضرات لوگوں کے دل کی بات کیسے بتا دیتے ہیں۔ فرمایا کہ تم نے رسولؐ کی یہ حدیث نہیں سنی۔ (فراست مومن سے بچو کہ وہ نور خدا سے دیکھتا ہے) خدا فرماتا ہے (خدا کی قدرت کی نشانیاں ہیں متوسلین کے لئے) اوّل رسولؐ خدا ہیں پھر علیؑ، پھر حسنؑ، پھر حسینؑ اور باقی آئمہ۔ لہذا اسی فراست سے وہ احوال مردم بھی معلوم کرتے ہیں اور آیات قرآنی سے اسرار الٰہیہ بھی۔

عام لوگوں کی فراست کے نتائج غلط ہو سکتے ہیں مگر آئمہ کے لئے ایسا نہیں رسولؐ کریم نے قرآن کے ساتھ اہل بیت کو کیا ہے تو ان دونوں کے درمیان کوئی وجہ جامع ضرور ہے۔

قرآن اللہ کی طرف سے نازل ہوا، کسی بندہ کا کلام نہیں۔ بندوں کی بنائی ہوئی کتابوں کو قرآن سے کیا نسبت۔ اسی طرح منصوص من اللہ امام ہیں۔ ان کو ان لوگوں سے کیا نسبت جن کو بندوں نے امام بنایا۔

---



# مظہر العجائب

یہ دنیا آسمان پہ جانے کی کوشش میں ہے لیکن سورج پہ جانے سے کتراتی ہے کیونکہ اس سے جلنے کا خوف۔ لیکن علیؑ شمس غائب پلٹانے میں مظہر العجائب۔ یہ سورج جس پر قیام دنیا کا دار و مدار دنیا سمجھے بیٹھی ہے اور وہ یہ کہہ رہی ہے کہ ہماری جتنی دنیا ہے یہ تمام کی تمام نظام شمسی کے ماتحت چل رہی ہے اللہ جانے اس پر کتنی بنیادیں استوار کر رہی ہے اور بلند کر رہی ہے۔ ہماری یہ دنیا جس پہ ساری کائنات بس رہی ہے۔ زمین ربع مسکوں ہے جو پانی سے باہر ہے۔ یعنی ۱/۴ حصّہ اور تین حصّہ ہے پانی ۳/۴ حصّہ۔ لیکن دنیا اس چوتھے حصّے کا بھی پوری طرح پتہ نہیں لگا سکی۔ نت نئے جزیرے پیدا ہوتے ہیں اور یہ مظہر العجائب آج سے قریب چودہ سو سال پہلے کہہ چکا تھا۔ ان کے راستوں کا میں واقف ہوں۔ دنیائے سائنس کہتی ہے۔ سات سیارے ہیں جو سورج کی کشش کے اوپر قائم ہیں۔ ہماری یہ زمین سورج سے ۹ کروڑ تیس لاکھ میل کے فاصلہ پہ ہے اور عطارد ستارہ سے ساڑھے

Presented by www.ziaraat.com

تین کروڑ میل کے فاصلہ پہ سورج سے، ساڑھے سات کروڑ میل کے فاصلے پہ ہے ستارہ زہرہ اور اڑتالیس کروڑ میل کے فاصلہ پہ ہے ستارہ مشتری۔ ایک ارب ۸۶ کروڑ میل کے فاصلہ پہ ہے ستارہ یورانس۔ دو ارب ۸۶ کروڑ میل کے فاصلہ پہ ہے نیپچون اور ان کروڑوں میل کے فاصلہ پہ ہے سورج کی حکومت۔ ہماری زمین سے جس پہ ہم لبس رہے ہیں سورج ۱۳ لاکھ حصے بڑا ہے۔ اندازہ لگائیں کہ زمین کتنی وزنی ہوگی جو سورج کی کشش پہ کھڑی ہے۔ ایک رسالے میں سائنسدانوں نے بتایا سات لاکھ سنکھ ٹن وزنی ہے اگر مان بھی لیں تو پھر اگر ۱۵ کے عدد پہ ضرب کھائے تو ایک عدد ریاضی ختم ہو جائیں گے جس سے سورج اپنی طرف کھینچ کے روکے ہوئے ہے اپنے مقام پہ۔ پھر اس کے بعد بڑے بڑے سیارے، اُن کو ملاحظہ فرمائیں تو اُس میں اُن وزن کتنا ہوگا۔ گویا اس قدر نظام شمسی کشش سورج پہ قائم ہے اور ان تمام نظاموں کو بقول سائنس سورج سنبھالے ہوتے ہے۔

اب جس دن مظہر العجائب نے اپنے اشارے سے ڈوبتے سورج کو پلٹایا۔ اللہ جانے دنیا کا نظام کتنا پلٹا ہوگا۔ کیونکہ سائنسدانوں کے قول کے مطابق سورج اپنے مقام پہ کھڑا ہے اور زمین اس کے گرد چکر لگاتی ہے اور بقول بعضوں کے سورج آسمانوں میں گڑا ہوا ہے اور آسمان چکر لگاتا ہے اس طرح محض سورج نہیں پلٹا اگر زمین چکر کھاتی ہے تو زمین پلٹی۔ سورج حرکت کرتا تھا سورج پلٹا اگر آسمانوں کو چکر تھا تو آسمان پلٹا۔ اگر یہ تینوں چیزیں متحرک ہیں تو مظہر العجائب کے اشارے سے زمین پلٹی، سورج پلٹا، آسمان پلٹا، سورج کا نظام پلٹا تو ستاروں کا نظام بھی بدلا۔



مظہر العجائب کیا کہنا تیری طاقت کا کہ تو نے ایک انگلی کے اشارے سے سائنس کا نظام بدلا۔

اگر مسلمانوں کا نظام لیں تو سورج کی کشش نہیں۔ یہ آفتاب طلوع اور غروب کرکے رات و دن بناتا ہے۔ آؤ بقول شریعت کے۔ ستّر ہزار فرشتے سورج کی نوری طنابوں کو پکڑ کر مشرق سے نکال کر کھینچتے ہوئے مغرب کی طرف لے جاتے ہیں۔ اب ستّر ہزار فرشتوں کی طاقت ایک طرف اور مظہر العجائب کے انگلی کے اشارے کی طاقت ایک طرف اور سورج کا وزن بھی ایک طرف۔ اتنے وزن کو پلٹایا۔ وزن بھی ایسا نہیں جو چڑھتا ہو۔ چڑھتے وزن کو روکنا آسان ہے اور ڈوبے وزن کو روکنا مشکل ہے۔ سورج کا وزن اپنے مقام پر اب اتنا بھاری وزن کھینچنے کے لئے ۷۰ ہزار فرشتوں کا وزن بھی ایک طرف۔ اب اس وزن کو کتنی جلدی، جس وزن کو ستّر ہزار فرشتے چھ گھنٹے میں کھینچتے ہوئے زوال تک لے آئے اور پھر زوال سے چھ گھنٹے میں غروب تک لے گئے۔ مظہر العجائب نے گھنٹے وغیرہ نہیں سیکنڈ بھی نہیں لگایا اور پلٹا دیا۔ اللہ جانے کتنی جلدی پلٹایا کوئی دیر نہیں لگی۔

کتنی تیز رفتاری ہوگی، آپ مجھے کہنے دیجئے۔ وہ ستّر ہزار فرشتے پھرکی کی طرح چکر لگاتے آئے ہوں گے بلکہ اب یہ سائنس پھر کہتی ہے کہ سورج جہاں نکلے وہاں دن اور جہاں غروب ہوتا ہے وہاں رات۔ اب ذرا پوچھئے قرآن سے کہ یہ ہے کیا چیز۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ (یٰسٓ)

سورج اپنے مقررہ راستے پر چلتا ہے اور عزیز علیم کی بنائی

Presented by www.ziaraat.com

ہوتی تقدیر یہی ہے۔ اس طرح سورج کی تقدیر پلٹی اور ساتوں ستارے جو اس کے متعلق تھے ان سب کی تقدیر پلٹی۔ شمس غائب کو پلٹانے والی علی مظہر العجائب ہے اور نجم ثاقب کو در پہ اتارنے والا علی مظہر العجائب۔

مسجد کوفہ میں منبر پہ بیٹھنے والا جب یہ دعویٰ کرتا ہے کہ "پوچھ لو جو کچھ پوچھنا ہے قبل اس کے کہ مجھے نہ پاؤ۔ میں زمین کے راستوں سے آسمان کے راستوں کو بہتر جانتا ہوں" ایک دفعہ پھر دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتا ہے کہ بیٹھا زمین پر ہے اور باتیں آسمان کی کرتا ہے۔

ایک مسلمان مجمع میں سے اُٹھا۔ سوال آسمان کے راستوں کا نہیں کیا۔ مگر وہ کہتا ہے کہ "میرے سر میں کتنے بال ہیں"۔ مگر کیا کہنا مظہر العجائب تیرے حوصلے کا۔ فرماتے ہیں دیکھو بھائی بتانے میں تو مجھے کوئی عذر نہیں۔ بتا سکتا ہوں کہ کتنے بال ہیں پہلے تو وعدہ کر کہ گن بھی سکے گا یا نہیں۔ گننے کا وعدہ کر میں سر منڈواتا ہوں اب وہ چپ ہو گیا۔

انوار الحدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ حضرت علیؑ کے فرمان کے بعد انسانی شکل کا ایک آدمی اُٹھا۔ مجلس سے اور پوچھا یہ بتائیں کہ جبرائیل کہاں ہیں۔ آپ نے مشرق میں دیکھا، مغرب میں دیکھا، شمال دیکھا، جنوب دیکھا، زمین دیکھی آسمان دیکھا۔ فر تمام دیکھ آیا لیکن جبرائیل کہیں نظر نہ آیا۔ اَنْتَ جِبْرَائِیْلُ۔ تو ہی جبرائیل ہے اور وہ پرواز کر کے چلا گیا۔ مجمع نے تصدیق کر کہ تھا۔ اگر انسان ہوتا تو پرواز فضا میں کیوں کرتا۔ اب لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ معمولی چیزیں علیؑ کو دیکھنی پڑیں۔



حضور پوچھنے والا بھی کوئی معمولی شخصیت نہیں۔ مقرب ترین فرشتہ ہے۔ اور حکماء نے یہ تعریف کی فرشتے کی۔ ملک ایک نوری جسم ہے جو کائنات کی ساری شکلیں اختیار کر سکتا ہے سوائے کتے اور خنزیر کے جو نجس العین جانور ہیں۔

تو اب علیؑ نے چشم زدن میں مشرق و مغرب، شمال و جنوب کے تمام انسانوں کو دیکھا، جتنے ملائکہ تھے ان سب کو دیکھا، جتنے جن تھے ان سب کو دیکھا کیونکہ ان کی شکل بھی بن سکتا تھا۔ جتنے اشجار تھے ان کی شاخیں دیکھیں ان میں جتنے پرندے تھے گھونسلے تھے ان سب کو دیکھا۔ جتنے دریا سمندر تھے ان سب کی گہرائیوں کو کھنگالا، تمام رینگنے والے نیز چرند پرند درند تھے سب کو دیکھا۔ اس کے بعد تحت السریٰ تک دیکھا اور سدرۃ المنتہیٰ تک چشم زدن میں مطالعہ کیا پھر فرمایا تو ہی جبرائیل ہے۔

یہی اعلان علوی جب ایک جرمن فلاسفر سنتا ہے تو سر دُھنتا ہے اور کہتا ہے کہ اے عرب! تیری عقل پہ پتھر پڑ گئے تھے۔ افسوس ہم اس وقت نہ ہوئے ورنہ ہم اس دن اس سے پوچھ لیتے کہ جائیں کیسے تو وہ بتا دیتا۔ جو راستہ بتاتا تھا وہ یہ بھی بتا سکتا تھا کہ جایا کیسے جا سکتا ہے۔ ہم چودہ سو سال پیچھے نہ ہوتے۔

Presented by www.ziaraat.com

# سائنسدانوں کے لئے مظہر العجائب

دنیا کو معلوم نہیں کہ سائنس کی ترقیاں مظہر العجائب کی بتائی ہوئی ہیں غور نہیں کیا۔ ان کو کیسے معلوم تھا کہ آسمانوں پہ کیسے جایا جاتا ہے۔ جب دنیا کے نزدیک محال عقلی نظر آرہا تھا تو اب علیؑ نے آکے واضح کیا۔ ایک تو قرآن نے واضح کیا اور چونکہ یہ ہیں قرآن کے واقف اور قرآن بھی لوگوں کی نگا ہوں کے سامنے۔

اِنَّا سَمِعنا قرآناً عجباً۔ تو اب جو اس کا عالم ہوگا اور اس سے اب وہ علم ظاہر ہو تو اور زیادہ مظہر العجائب ہوگا۔ تو یہ ہے عالم علم کتاب

وَکُلَّ شیءٍ اَحصَینٰہُ فِیْ اِمَامٍ مُّبِین ہ

اور ہم نے ہر چیز کو ایک صریح اور روشن پیشوا میں گھیر دیا ہے۔

اب کس میں تھا وہ سارا علم جبکہ قرآن حکیم میں اعلان ہو چکا تھا:

یَامَعشَرَ الجِنِّ وَالاِنسِ اِنِ استَطَعتُم اَن تَنفُذُوا مِن اَقطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ فَانفُذُوا لَا تَنفُذُونَ اِلَّا بِسُلطَانٍ ہ

ترجمہ: اے جنات اور انسانو! تم آسمانوں اور زمینوں کے اطراف



جوانب میں آنا جانا چاہتے ہو تو بے شک آؤ اور جاؤ لیکن جا نہیں سکتے۔ اِلاّ بسُلطَان۔ بغیر سلطان کے، بغیر طاقت کے۔ تو اب قرآن نے اس کو سلطان کہا، سائنس نے اس کو ایٹم کہا کیونکہ اس کے معنی بھی طاقت کے۔ غیر مسلم سائنسدانوں نے غور کیا کہ آسمانوں اور زمینوں کے اطراف و جوانب میں آنا جانا ممکن ہے۔ ورنہ قرآن جو اعجازی طاقت کے لئے آیا جس نے دنیا کو مبہوت اور حیرت میں ڈال دیا، ساری دنیا متعجب، وہ کبھی غلط نہیں کہے گا کہ آ جا سکتے ہو۔ تو اس میں انہوں نے سلطان تلاش کیا کہ وہ سلطان کون ہے اور طاقت کون ہے۔ تب انہوں نے غور کیا تو وہ رعایا تھا۔ اب انہوں نے پڑھا قرآن کی آیت:

رَبِّ اَخرِجنِی مُدخَلا صِدقًا وَاَدخِلنِی مُدخَلا صدقًا وجعلنی مَن الّدنک سُلطانًا نصیرا۔

ترجمہ: رسولؐ طاقتور مدد مانگ رہا ہے اور وہ طاقتور مددگار خدا سے مانگ رہا ہے۔

اور جب سے سلطان نصیر ملا۔ دیکھیں یہ سلطان نصیر میں طاقت کہاں سے آئی۔ جب انہوں نے دیکھا کہ رسولؐ تو اُسے بار بار ابوتراب، ابوتراب کہہ کے بلاتا ہے۔ تو اس سے معلوم ہوا کہ اس سلطان میں ابوتراب ہونے کو بھی دخل ہے۔ یقین کر لیا کہ تراب کوئی طاقت ہے جو یہ ابوتراب بنا۔

اب سائنسدانوں نے اجزائے لاتجزائے ترابیہ کو نکال کر اس کا ایٹم بنایا، اور آسمانوں پہ بھیج رہے ہیں۔ انہوں نے سمجھ لیا کہ یہ ہے طاقت والا۔ یہ ہے وہ سلطان نصیر۔ اس سے طاقت ملے گی۔ انہوں نے تراب سے طاقت نکالی اور خدا جانے کتنے ٹنوں کے راکٹ اور اپالو فضا میں بھیج رہے ہیں۔ اب اسے نہ تو مرکز خاکی کی کشش کوئی نقصان پہنچاتی ہے اور نہ ہوا سے نکلتے اس کو کوئی نقصان پہنچ سکتا ہے اور نہ کرۂ زمہریر میں جاتے ہوئے وہ ٹھنڈا ہوتا ہے بلکہ کرۂ نار بھی اسے نقصان نہیں پہنچاتا۔ کیونکہ تراب کی طاقت پہ یہ مرکز اثر انداز نہیں ہو سکتے۔

Presented by www.ziaraat.com

جب منبر کوفہ پہ بیٹھنے والا یہ دعویٰ کرتا ہے: "پوچھ لو جو کچھ پوچھنا ہے قبل اس کے کہ مجھے نہ پاؤ۔ میں زمین کے راستوں سے آسمان کے راستوں کو بہتر جانتا ہوں۔" تو ایک غیر مسلم فلاسفر اور سائنسدان سر دھنتا ہے لیکن افسوس کہ ہم نے غور نہ کیا۔

معاف کرے گی دنیا علم اور سائنس نے اتنی ترقی کر لی ہے کہ بیچولر سے ماسٹر، بلکہ ڈاکٹر کی ڈگریاں حاصل کر چکی ہے اور اب جغرافیہ کی ڈھکی چھپی بات نہیں لیکن آج ان سے پوچھا کہ پاکستان کے راستوں کو بتاؤ کہ وہ کتنے ہیں تو وہ بھی نہیں بتا سکتے کہ کتنے راستے اور کتنی سڑکیں ہیں۔ جب یہ بڑی بڑی سڑکیں نہیں بتا سکتے تو پہاڑوں غاروں اور وادیوں کے راستوں کو یہ کیا بتا سکتے ہیں۔ لیکن منبر کوفہ پہ بیٹھنے والا اس وقت یہ اعلان کرتا ہے۔ جبکہ نہ علم جغرافیہ تھا اور نہ اس کی تدوین ہوئی تھی۔ نہ لوگوں نے کوہ پیمائی اور فلک پیمائی کی تھی۔

انوار نعمانیہ میں سید نعمت اللہ جزائری نے لکھا ہے۔

سلیمان فارسی نے رسالتمآب کی وفات کے بعد عرض کیا۔

"یا علیؑ! وفات رسولؐ کے بعد جو صدمہ دل پہ پہنچا ہے اب تک وہ نہیں ہٹا۔ اللہ نے مظہریت کی جو طاقتیں دی ہیں، ذرا آج ہمیں کوئی طاقت دکھائیں جس سے میرے دل کا غبار نکلے۔"

آپ نے فوراً حکم دیا۔ "رسولؐ اللہ کے دو خچر ہیں انہیں میرے سامنے لاؤ۔"

چنانچہ حکم کی تعمیل ہوئی اور وہ فوراً حاضر کئے گئے۔ ایک پر خود سوار ہوئے اور دوسرے پر سلیمان۔ سلیمان کہتا ہے۔ مدینے سے ہم باہر نکلے، علیؑ نے ایک ترچھی نگاہ ڈالی ان خچروں پر تو ان کے پر نمودار ہو گئے۔ سلطان نصیر کی نگاہ تھی جب چاہے ایسا کر سکتا ہے۔ پر نمودار ہوئے اور وہ ہوا میں اڑنے لگے۔ اتنے بلند ہو گئے کہ زمین کے آثار نظر نہیں آ رہے تھے۔ اور اوپر جا کر ہمیں کچھ آوازیں تسبیح و تحلیل کی سنائی دینے لگیں۔ یہ چشم



زدن کا قصہ ہے (راکٹ تو پھر بھی وقت لیتے ہیں)

سلمان نے عرض کی مولا یہاں کوئی شہر ہے۔ آپ نے فرمایا نہیں سلمان! ہم آسمان اوّل پہ پہنچ گئے ہیں۔ یہ فرشتوں کی تسبیح و تحلیل کی آواز آ رہی ہے پھر علیؑ نے کچھ اشارہ کیا اور سواریاں اترنا شروع ہوئیں یہاں تک کہ ہم ایک بحرِ ذخار کے کنارے پہنچے جس کی موجیں فلک سے ٹکر لے رہی تھیں۔ اتنا طلاطم تھا۔ جب وہاں پہ ہم آئے تو علیؑ نے ایک ترچھی نگاہ ڈالی۔ سمندر ایسے ٹھہر گیا جیسے اس میں کوئی حرکت نہ تھی۔ معلوم ہو رہا تھا فرش بچھا ہوا ہے۔ مولا اور ہم اس پانی پر روانہ ہو گئے۔ ہماری سواریاں بھی جا رہی تھیں۔ ہم پانی پر چل رہے تھے لیکن ہماری جوتیاں تک نہیں بھیگی تھیں اور ہم چشمِ زدن میں پار ہو گئے اللہ جانے مہینوں گزر جاتے آر پار ہوتے سمندروں میں۔

جب ہم فوراً پار ہوئے تو ہم نے دیکھا سبز سی دیوار نظر آ رہی تھی وہ بھی بلند اور بہت اونچی۔ جتنا قریب ہوتے جاتے دیوار کا رنگ ہمیں سفید نظر آنے لگا۔ ہم نے وہاں پر دیکھا کہ بہت سے نوجوان بچوں نے استقبال کیا اور علیؑ کے قدموں پر گر گئے اور گریہ و بکا کی آواز بلند ہو گئی۔

"مولا! ہمارے اندر کوئی نقص تھا، کوئی قصور کیا تھا جو ایک ہفتہ سے ہمیں اپنی زیارت سے محروم کر دیا۔"

معلوم ہوا کہ علیؑ روزانہ جایا کرتے تھے۔ وہاں پہ آپ بیٹھ گئے۔ عجیب سماں دیکھا۔ سلمان نے عرض کیا۔ مولا یہ کونسا مقام ہے۔

فرمایا کہ یہ وہ جگہ ہے کہ روح قبض کے بعد شب باشی کے لئے یہاں آتا ہے اور دن میں ہمارے پاس وادی سلام میں رہتا ہے ........

پھر ان نوعمر بچوں نے دروازے تک حضرت علیؑ کو پہنچایا اور قدم بوسی کر کے ہٹ گئے اور فوراً آپ پھر مدینے پہنچے۔ اتنی منزلیں آسمان اول سے طے کر کے آئے ہیں اور تھوڑی دیر لگی تھی لیکن اب اس تھوڑی دیر کو دنیا تعجب کی نگاہ سے دیکھتی ہے لیکن علیؑ کو مظہر العجائب نہیں سمجھتی۔ چشم زدن میں فلک کی منزلوں کو طے کر کے اور جنت دنیا کی سیر کر کے پھر اپنے مقام پہ آ جانا،

Presented by www.ziaraat.com

یہ مظہر العجائب ہی کا کام ہے۔

مظہر العجائب ایک مقام پہ فرماتے ہیں کہ شائد تم سمجھتے ہو دنیا وسیع ہے ہم نہیں جانتے؟ دنیا تو ہماری مٹھی میں ایک اخروٹ کے برابر ہے جب چاہوں میں اسے حرکت دے دوں۔

آج بھی سائنس کہتی ہے گھڑے کی شکل ہے، علیؑ بھی فرماتے ہیں کہ اخروٹ کی شکل ہے۔

## نجم ثاقب کو در پر بلانے میں مظہر العجائب

خلاق دو عالم کا یہ ارشاد کہ "لولاک لما خلقت الافلاک" خاتم الانبیاءؑ جناب محمدؐ مصطفیٰ کی عظمت و جلالت پہ صادر رہے۔ عام طور پہ اس ارشادِ ربانی کو یوں ذہن نشین کرایا جاتا ہے کہ:

"اے میرے حبیب اگر تجھے اس عالم کون و مکان میں بھیجنا مقصود نہ ہوتا تو میں دنیا و مافیہا کی کوئی شئے بھی خلق نہ کرتا"

مقصود باری اگر چہ یہی ہے لیکن لفظی ترجمہ اگر کیا جائے تو کوئی شئے کی بجائے "افلاک کو پیدا نہ کرتا" ہی صحیح ترجمہ ہوگا۔

مجھے نہ منطق میں جانا ہے نہ فلسفہ سے بحث کرنا ہے بلکہ یہاں صرف اتنا عرض کرنا مقصود ہے کہ زمین اور روئے زمین کی ہر شئے افلاک ہی کے سبب ہے زمین کا لا متناعی اور غیر فانی رشتہ افلاک سے وابستہ ہے اور افلاک کے باہمی رشتے بھی ایک دوسرے سے اتنے ہی زیادہ مستحکم اور مربوط ہیں کہ چشم زدن کے لئے بھی اگر ان میں جدائی ہو جائے تو نظام کائنات درہم برہم ہو جائے گا۔ کرۂ ارضی کی تمام تر باغ و بہار اور وابستگی افلاک ہی کے سبب ہے جس دن یہ ارضی و سماوی ارتباط منقطع ہو جائے گا قیامت آجائے گی۔

رسولؐ کریم کے سبب دنیا و مافیہا کو تخلیق فرما کر ذات احدیت نے نظام



شمسی و قمری پر بھی اپنے حبیب کو حق تصرف مرحمت فرما دیا۔ جیسا کہ قرآن میں ارشاد ہوتا ہے۔

"سخر لکم الشمس والقمر والنجوم سخرات بامرہ"

یعنی اے ہمارے حبیب! ہم نے شمس و قمر جیسے عظیم سیاروں کو بھی تمہارا تابع فرمان فرمایا ہے لیکن ان چھوٹے چھوٹے چمکیلے ستاروں کو ہم نے اپنا ہی تابع فرمان رکھا ہے۔

بظاہر بات کچھ عجیب سی معلوم ہوتی ہے کہ آفتاب و ماہتاب جیسے عظیم سیاروں کو تابع حکم رسولؐ کر دیا جائے لیکن چھوٹے چھوٹے ٹمٹمانے والے ان ستاروں پہ رسولؐ کو کوئی حق تصرف نہ ہو۔ کیوں؟ بس خدا کی باتیں خدا ہی جانے۔

اعلان نبوت کے بعد ایک ایسا وقت بھی آتا ہے جب جہلائے عرب یہ کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ اگر آپ خدا کے سچے نبی ہیں تو ذرا چاند کے دو ٹکڑے تو کر کے دکھلائیے؟

رسولؐ کریم کو علم ہے کہ خدا نے شمس و قمر کو میرا تابع فرمان کر دیا ہے اور یہ بھی جانتے ہیں کہ وہ اس معجزہ نمائی پہ بھی ایمان نہ لائیں گے لیکن یہ بھی خیال کہ اگر ان کی اس جاہلانہ فرمائش کو پورا نہ کیا تو عاجز سمجھا جاؤں گا۔ خدا کے رسولؐ نے ان جہلا کے مطالبہ پہ غور فرمانے کے بعد انہیں معجزہ دکھانا ہی طے فرما لیا۔

لہٰذا معجزہ نمائی کے طور پہ صرف ایک انگشت مبارک کے اشارہ سے چاند دو نیم ہو کر دکھائی دیتا ہے اور نظام فلکی میں بھی کوئی فرق نہیں پڑتا۔

تسخیر شمس کا واقعہ بھی کتب تواریخ میں موجود ہے اختلاف صرف اتنا ہے کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ رسولؐ کی دعا سے سورج مغرب سے پلٹا، لیکن آیاتِ قرآنی پر ایمان رکھنے والوں کا اعتقاد ہے کہ رسولؐ نے صاحبِ مرضات اللہ کو موقع دیا کہ وہ اپنی نماز کی ادائیگی کے لئے خود آفتاب کو واپسی کا

Presented by www.ziaraat.com

حکم دیں۔

یہ بات بین المسلمین متفق علیہ ہے کہ آفتاب پلٹا اور علیؑ نے قیام وقعود اور رکوع وسجود کے ساتھ نماز ادا فرمائی۔

قرین قیاس یہی ہے کہ علیؑ نے آفتاب کو پلٹایا۔ قرآن جناب ابراہیمؑ و نمرود کے واقعات ہیں ایک نظیر بیان کرتا ہے کہ جناب ابراہیمؑ نے نمرود کے دربار میں جاکر کہا کہ میرا خدا وہ ہے جو مشرق سے آفتاب کو طلوع کرتا ہے اگر تو اپنی خدائی کے دعوے میں سچّا ہے تو آفتاب کو مغرب سے نکال کر دکھا گویا از روئے قرآن جو مغرب سے آفتاب کو نکال دے وہ خدا مانا جا سکتا ہے علیؑ کو خدا سمجھنے والی قوم موجود تھی، طرح طرح سے ذاتِ علیؑ پر خدائی کا دھ تھا۔ لہٰذا نصیریوں کو اپنے عقیدے کی تقویت کے لئے ایک قرآنی ثبوت مل رہا تھا۔ ادھر علیؑ نے آفتاب پلٹایا اور فوراً عبادتِ خدا میں مشغول ہو گئے تاکہ علیؑ کی ذات پر دھوکہ کھانے والے یہ دیکھ لیں کہ اگر علیؑ خدا ہوتے تو کسی کی عبادت نہ کرتے۔

سخرلکم الشمس والقمر کی مثالیں تو دنیا کے سامنے آگئیں لیکن والنجوم مسخّرات بامرہٖ کا راز خداوندی اس وقت تک معمہ بنا رہا جب تک کہ معصومہ کونین جناب فاطمہ زہراؑ کی خواستگاری کا وقت نہ آیا۔ لوگ بڑی بڑی اُمیدوں اور آرزوؤں کے ساتھ خدمت جناب رسالتمآبؐ میں حاضر ہوئے۔ عرض مد کیا اور اپنا سا منہ لے کر چلے گئے۔ جب سلسلہ پیغامات بڑھا تو زبان وحی ترجمان سے ارشاد ہوا۔

"آج کی شب جس کے گھر تارہ اترے میری بیٹی اسی گھر میں بیاہ کر جائے گی۔"

دنیائے اسلام مانتی ہے کہ تارا علیؑ کے گھر میں اُترا۔ اب مصلحت ایزدی واضح ہوئی کہ نجوم کو کیوں تابع فرمان رکھا تھا۔ اگر نجوم بھی اپنے حبیبؐ کے تابع فرمان کر دیئے جاتے تو آج یقیناً رسولؐ پر انگشت نمائی کی جاتی کہ اپنی سے تارہ کو اپنے ابن عم کے گھر اتار دیا۔ خدا نہیں چاہتا تھا کہ اپنے رسولؐ



اس اتہام کو برداشت کرے۔

مناقب خوارزمی میں ہے کہ رسولؐ اللہ اُمّ سلمٰی کے گھر میں تشریف رکھتے تھے حضرت علیؑ خواستگاری کے لئے حاضر ہوئے۔ حضورؐ نے فرمایا:

"اے علیؑ میں خوشخبری دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارا نکاح آسمان پر فاطمہؑ سے کر دیا۔ تمہارے آنے سے پہلے جبرائیل میرے پاس آئے اور حریر جنت کا ایک ٹکڑہ میرے سامنے رکھ دیا۔ جس میں دو سطریں قلمِ نور سے لکھی ہوئی تھیں۔ میں نے جبرائیل سے پوچھا یہ حریر کیسا ہے؟ اور اس پر کیا لکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اہل زمین کی طرف نظر کی اور آپ کو تمام مخلوق میں برگزیدہ کیا اور اپنی رسالت کے ساتھ مخصوص کیا۔

دوبارہ پھر سطح زمین نظر ڈالی اور آپ کے واسطے ایک بھائی، وزیر مصائب اور داماد اختیار کیا اور آپ کی دختر کا (فاطمہؑ) اس سے عقد کیا۔ میں نے پوچھا وہ کون ہے۔ کہا تمہارا بھائی دنیا اور آخرت میں اور تمہارا ابن عم نسب میں یعنی علیؑ ابن ابی طالب اور یہ بھی کہا کہ اس خوشی میں اشجار جنت اور درخت طوبیٰ میں پھل لگے ہیں اور بحکم الٰہی ان کو آراستہ کیا گیا ہے۔ حوروں نے اپنے آپ کو زیور سے سجایا ہے اور ملائکہ حوالی بیت المعمور میں جمع ہوئے ہیں۔ رضوان نے منبر نور نصب کیا ہے اور روحیل فرشتہ کو جو طاقت لسانی اور حسن بیان سے متصف ہے۔ اس منبر پر حمد وثنائے الٰہی بیان کر کے ساکنان سمٰوٰت کو مسرور کیا ہے اور پھر خدا نے مجھ پر وحی کی ہے کہ میں نے اپنی کنیز اپنے حبیب محمدؐ مصطفیٰ کی بیٹی فاطمہؑ سے اپنے بندہ علیؑ کی تزویج کی تو نکاح پڑھا دے۔ پس میں نے نکاح پڑھا دیا اور اس پر تمام ملائکہ کی گواہی کرائی۔ یہی گواہی پارہ حریر پر لکھی ہوتی ہے۔ اور میرے رب نے حکم دیا ہے کہ اسے آپ کے سامنے پیش کر دوں اور اس پر مُشک کی مہر لگا کر رضوان کے حوالے کر دوں۔ جب اللہ تعالیٰ فاطمہؑ کے نکاح پر گواہ کر چکا۔ تو شجر طوبیٰ کو حکم دیا کہ اپنے پھلوں کو نثار کرے ملائکہ اور حوروں نے ان پھلوں کو چُن لیا۔ یا رسولؐ اللہ خدا کا حکم ہے کہ آپ زمین پر بھی یہ عقد منعقد کریں۔ چنانچہ حضرت نے یہ عقد پڑھا دیا۔

Presented by www.ziaraat.com

# معلم موسیٰؑ۔ تذکرہ ملک صدق

واجعل لی لسان صدقٍ فی الاٰخرین ٥ ۹/۹

یجدونہ مکتوباً عندھم فی التورٰتہ والانجیل ۹/۹

ترجمہ: کہ اس کا ذکر اپنے پاس توریت اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔

آخری جملہ اس طرح ہے۔

اتبعوا النور الذی انزل معہ اولئک ھم المفلحون ۹/۹

ترجمہ: اور تابع ہوئے اس نور کے جو اس کے ساتھ اترا ہے۔ وہی پہنچے مراد کو۔ (شاہ عبدالقادر دہلوی)

پس اس نور کی تلاش کے لئے ان کتب کو حاصل کیا گیا لیکن اصل زبان جن میں توریت، انجیل اور زبور نازل ہوئی تھیں وہ حاصل نہ ہوسکی۔ ان کی جگہ کتب سمادیہ کا ترجمہ ہی حاصل ہوا۔ وہ بھی اہل اسلام کا نہ ملا۔ بلکہ بائیبل سوسائٹی کا ملا۔ پھر اس کی بھی یہی حالت معلوم ہوئی کہ ہر صدی کا ترجمہ اپنی ترکیبوں سے بدلا گیا۔



جہاں کہیں بھی محمدؐ وآل محمدؐ کا ذکر ہے ترجمہ میں ہر صدی کے لوگوں نے تبدیلیاں کی ہیں لیکن تدبر و تفکر کرنے پر اصلیت روشن ہوجاتی ہے۔

کتاب پیدائش۔ باب ۱۴۔ آیت ۱۸۔ ۱۹۔ ۲۰۔

اور ملک صدق سالم کا بادشاہ روٹی اور مَے نکال لایا۔ وہ خدا کا کاہن تھا اور اس نے اس کو برکت دے کر کہا کہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے جو زمین و آسمان کا خدا اور مالک ہے۔ اے ابرام مبارک اور مبارک خدائے تعالیٰ جس نے تیرے دشمنوں کو تیرے ہاتھ میں حوالہ کیا اور ابرام نے سب کا دسواں حصّہ اس کو دیا۔

تشریح: اس آیت سے ظاہر ہے کہ "ملک صدق" عبرانی کے جس لفظ کا ترجمہ ہے اس کا مفہوم اس کے سوا اس سے واضح کوئی اور ترجمہ بھی ہوسکتا ہو کا جس کو مسیحی علماء نے مخفی رکھا ہے۔

بہر حال ظاہر ہے کہ "ملک صدق" سلامتی کا بادشاہ ہے جو خداوند عالم کی طرف سے کاہن ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ اس نے خدا کی طرف سے ابراہیمؑ کو مبارک دی۔

یہ ظاہر ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے اس کو ہر چیز میں سے دسواں حصّہ نذرانہ دیا۔

یہ بھی ظاہر ہے کہ ملک صدق نے ابراہیمؑ کو روٹی وغیرہ کھلائی۔

یہ بھی ظاہر ہے کہ ملک صدق نے ابراہیمؑ کو برکت دی۔

پھر "ملک صدق" کا ذکر حضرت داؤدؑ نے زبور باب ۱۱۰ میں اس طرح کیا ہے۔

"خداوند نے میرے خداوند کو فرمایا تو میرے داہنے ہاتھ بیٹھ کر۔ جب تک میں تیرے دشمنوں کو تیرے پاؤں تلے چوکی بناؤں۔ خداوند تیرے زور کا عصا صیہون میں بھیجے گا۔ تو اپنے دشمنوں کے درمیان حکمرانی کرے۔ تیرے لوگ تیری قوت کے دن حسن تقدس کے ساتھ آپ مستعد ہوں گے۔ تیری جوانی اس صبح کی رحم والی کی نسبت زیادہ ہوگی۔ خداوند نے قسم کھائی ہے اور وہ نہ پچھتائے گا تو ملک صدق کے طور پر ابد تک کاہن ہے۔"

اس سے واضح ہے کہ حضرت داؤدؑ نے فرمایا "میرے خداوند" کو "حقیقی خداوند" نے فرمایا کہ تو وقت مبشرہ تک صبر کر جس سے ظاہر ہے کہ حقیقی خدا اور ہے

Presented by www.ziaraat.com

اور مجازی خدا اور ہے ۔ مگر دونوں کو ایک ہی نام سے پکارا ہے اور صبر کا دفتر صیہون یعنی مقام مقدس میں ایک زور دار عصا کے آجانے تک ہے ۔ جس کے سبب سے مجازی خدا اپنے دشمنوں پہ حکمرانی کرے ۔

اس کے بعد ہے کہ تو" ملک صدق کے طور پہ ابد تک کاہن ہے"۔ جس سے معلوم ہوا کہ خداوند داؤدؑ اور " ملک معرفت" کی معرفت یوں کرائی ہے ۔

عبرانیون باب ۷ ، آیت ۱ تا ۱۰

"کیونکہ یہ ملک صدق شالیم کا بادشاہ خدا تعالیٰ کا کاہن تھا جس نے ابرام (جب وہ بادشاہوں کو مار کر پھرا آتا تھا) استقبال کیا اور اس کے لئے برکت چاہی جس کو ابراہیمؑ نے سب چیزوں کی دہ یکی ۱/۱۰ دی ۔ وہ پہلے اپنے نام کے معنوں کے موافق راستی کا بادشاہ ہے ۔ پھر شالیم (یعنی سلامتی) کا بادشاہ ہے ۔ یہ بے باپ ، بے ماں بے نسب نامہ جس کے نہ دنوں کا شروع ، نہ زندگی کا آخر مگر وہ خدا کے بیٹے کے مشابہ ٹھہر کے ہمیشہ کاہن رہتا ہے ۔

اب غور کرو یہ کیسا بزرگ تھا جس کو ابراہام ہمارے دادا ہی نے لوٹ کے مال سے دہ یکی دی ۔ اب لاوی کی اولاد کو جو کہانت کا کام پاتے ہیں ، حکم ہے کہ لوگوں یعنی اپنے بھائیوں سے اگرچہ وہ ابراہام کی پشت سے پیدا ہوئے ہوں شریعت کے مطابق دہ یکی لیں ۔ پھر اس نے باوجودیکہ اس کا نسب نامہ ان میں نہیں گنا جاتا ہے ابراہام سے دہ یکی لی اور اس کے لئے جس سے وعدے کئے گئے برکت چاہی اور بلا کلام چھوٹا بڑے سے برکت پایا ہے جس وقت ملک صدق ابراہام سے آملا تھا وہ ہنوز اپنے باپ کے صلب میں تھا ۔

عیسائیوں کے پولوس رسول کے اس بیان میں ملک صدق کے یہ اوصاف مذکور ہیں ۔

۱۔ اول یہ کہ وہ سلامتی و راستی و سچائی کا بادشاہ تھا ۔

۲۔ وہ اس وقت بے ماں باپ اور بلا نسب و نامہ تھا یعنی اس وقت تک دنیا میں کسی کے گھر پیدا نہ ہوا تھا ۔

۳۔ یہ کہ اس کی ابتدا اور انتہا نہ تھی ۔



۴۔ یہ کہ وہ خدا کا بیٹا تو نہیں مگر خدا کے بیٹے سے مشابہ تھا ۔

۵۔ یہ کہ وہ خداوند عالم کی طرف سے ہمیشہ کے لئے کاہن ہے ۔

۶۔ یہ کہ وہ حضرت ابراہیمؑ سے بزرگ تھا ۔

۷۔ یہ کہ وہ برکت دینے والا ہے ۔

۸۔ یہ کہ وہ بنی اسرائیل سے نہ تھا ۔

۹۔ یہ کہ وہ اس وقت باپ کے صُلب میں بھی تھا ۔

۱۰۔ یہ کہ ابراہیمؑ نے اس کو لوٹ کے مال میں سے دہ یکی ۱/۱۰ حصّہ (دسواں) نذرانہ دیا ۔

ان اوصاف میں چوتھا وصف یہ ہے کہ ملک صدق خدا کا بیٹا نہیں مگر خدا کے بیٹے کے مشابہ ہے اور خدا کا بیٹا بطور نسب و نسل تو کوئی ہو نہیں سکتا لیکن یہ کہ خدا کسی کو بیٹا کہہ دے جیسا کہ زبور باب ۲ آیت ۷ ، سے واضح ہے کہ حضرت داؤدؑ فرماتے ہیں کہ :

"خداوند نے میرے حق میں فرمایا ہے تُو میرا بیٹا ہے اور میں آج کے دن تیرا باپ ہوا"۔

پس اس سے معلوم ہوا کہ " ملک صدق" خدا کا بیٹا یعنی خدا کا رسول نہیں ، مگر رسول کے مشابہ ضرور ہے ۔ اس کو نبی رسول نہ کہا جائے گا مگر اوصاف رسول رکھتا ہو گا پانچواں صفت ثابت کرتا ہے کہ رسول کو کاہن نہیں کہا جاتا اور ملک صدق دائمی کاہن تو ضرور ہے لیکن رسول نہیں اور کاہن سے مراد امام اور سردار ہے پس ملک صدق رسول نہیں مگر دائمی امام و سردار و پیشوا ہے ( دائمی کاہن ظاہر ہے دوام سے تعلق رکھتا ہے ۔ چونکہ ختم المرسلین حضرت محمدؐ ہیں ۔ حضورؐ کے بعد علیؑ کی اولاد قیامت تک ہو گی اور ان کا آخری جناب مہدی امام آخر الزمان ہیں لہٰذا علیؑ کے لئے دائمی کا لفظ آسکتا ہے ۔ چونکہ جناب علیؑ کعبہ میں پیدا ہوئے اس سبب سے وہ ابن اللہ کہلا سکتے ہیں مگر بوقت پیدائش جناب عیسیٰؑ ، جناب مریم کو بیت المقدس سے باہر ہو جانے کے خدائی حکم نے ہمیشہ کے لئے اس امر پہ مہر لگا دی کہ وہ ابن اللہ نہیں کہلا سکتے ۔

Presented by www.ziaraat.com

چھٹے اور ساتویں وصف سے ظاہر ہے کہ ملک صدق باوجود رسول نہ ہونے کے بھی حضرت ابراہیمؑ سے افضل تھا۔

آٹھویں وصف سے ثابت ہے کہ وہ بنی اسرائیل سے نہ تھا۔

نویں وصف سے ثابت ہے کہ ملک صدق باپ کی پشت سے دنیا میں ضرور آنے والا ہے جو پولوس کے اس خط تک دنیا میں نہ آیا تھا۔ ورنہ پولوس اس کا ذکر ضرور کرتا۔ کہ وہ فلاں قبیلہ میں فلاں شخص کے گھر پیدا ہوا ہے جس سے ثابت ہے ملک صدق حضرت مسیح نہ تھے کیونکہ وہ پولوس سے پہلے آچکے تھے۔ اور یہ امر بھی اس کا موئید ہے کہ ملک صدق باپ رکھتا ہے اور حضرت مسیح بن باپ تھے لہٰذا وہ ملک صدق نہ تھے۔ ثابت ہوا ملک صدق نہ تو مسیح تھے اور نہ ہی کوئی اور نہ ہی کوئی بنی اسرائیل میں سے تھا۔ جو پولوس رسول کے زمانہ تک بنی اسرائیل میں سے دنیا میں آیا تھا اور نہ ہی آج تک بنی اسرائیل سے ظاہر ہوا ہے۔

اسی بات کو پولوس نے اپنے خط کے چھٹے باب کے آخر میں بیان کیا ہے۔

"کہ وہ امید یعنی ملک صدق کی آمد کی اُمید ہماری جان کا ایسا لنگر ہے۔ جو ثابت اور قائم ہے اور پردہ کے اندر داخل ہوتا ہے جہاں پیشرو یسوع جو ملک صدق کے طور پہ ہمیشہ کے لئے سردار کاہن ہے ہمارے واسطے داخل ہوا۔"

یہ ترجمہ ۱۸۹۷ئہ کا ہے اور اس سے قبل کا اس طرح ہے۔

"وہ ملک صدق ہماری جان کا ایسا لنگر ہے جو ثابت اور قائم ہے اور پردے کے اندر بھی پہنچتا ہے۔ یہاں یسوع ہمیشہ کے لئے ملک صدق کے طریقہ پہ سردار کاہن بن کر ہماری خاطر پیشرو کے طور پہ داخل ہوا ہے۔"

بہر حال یہ تو ثابت ہے کہ حضرت مسیح ملک صدق کی مانند کسی کے پیشرو ہیں جس کا پیشرو ملک صدق ثابت ہوگا حضرت مسیح بھی اس کے پیشرو ثابت ہوں گے پس ملک صدق اور مسیح دونوں ہی کسی اور بزرگ کے پیشرو ہیں لیکن حضرت مسیح کے زمانہ تک ملک صدق ظاہر نہ ہوئے تھے۔ حضرت مسیح جس کے پیشرو تھے اس کا ذکر انہوں نے اس طرح فرمایا ہے۔

جیسا کہ یوحنا باب ۵ دباب ۱۶ میں درج ہے۔



"پھر جب وہ تسلی دینے والا جسے میں تمہارے باپ کی طرف سے بھیجوں گا۔ یعنی وہ روح حق جو باپ سے نکلتی ہے۔ آئے تو میرے لئے گواہی دے گا۔"

باب۱۶ میں ہے کہ :

"لیکن میں تمہیں سچ کہتا ہوں کہ تمہارے لئے میرا جانا ہی فائدہ ہے کیونکہ اگر میں نہ جاؤں تو تسلی دینے تمہارے پاس نہ آئے گا۔ پھر اگر میں جاؤں تو میں اسے تمہارے پاس بھیج دوں گا۔"

اور باب ۱۴ میں فرمایا ہے کہ :

"کہ بعد اس کے میں بات کلام نہ کروں گا اس لئے کہ اس جہاں کا سردار آتا ہے۔"

پس ان آیات سے واضح ہے کہ حضرت مسیح جس کو بھیجنے کا ذکر فرما رہے ہیں خود اسی کے پیشرو ہیں جس طرح کا ملک صدق پیشرو تھا یا کہ کاہن تھا۔ اس سے ثابت ہوا کہ حضرت مسیح اپنے باپ کے موعود کے پیش رو بطریق ملک صدق تھے وہ موعود تمام جہان کا سردار ہے اور ملک صدق اسی تمام جہان کے سردار کا پیش کا پیشرو اور اس کا داہنا ہاتھ ہے اور ایسا وجود اقدس بنی اسرائیل میں حضرت عیسٰی کے بعد کوئی نہیں آیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ ملک صدق کی طرح رسول موعود بھی بنی اسرائیل سے نہیں تھا۔

پس ثابت ہوا کہ ملک صدق اور رسول موعود دونوں ایک ہی قبیلہ سے ہیں مگر بنی اسرائیل نہیں ہے ہیں۔

ملک صدق کی تحقیق دوسرے عنوان سے اس طرح ثابت ہوتی ہے کہ حضرت یوحنا نبی کی گواہی تین وجودات اقدس سے بیان کی گئی ہے۔

صفحہ ۱۰۔ یوحنا باب ۱۔ آیت ۹۔

"بلکہ اقرار کیا کہ میں مسیح نہیں ہوں تب انہوں نے اس سے پوچھا تو اور کون ہے ؟ کیا تو الیاس ہے (ایلیا)۔ اس نے کہا میں نہیں ہوں۔ پس آیا تو وہ نبی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ نہیں۔"

بحوالہ حاشیہ انجیل مقدس وہ نبی سے مراد وہ نبی ہے جس کی آمد کا ذکر حضرت

Presented by www.ziaraat.com

کرتے ہوئے الیاہ کو بھی نبی لکھ دیا ہے جو دراصل نبی نہیں نبیوں کو برکت دینے والا ہے اوران کا معاون اور مددگار ہے جیسا کہ حضرت ابراہیمؑ کے واقعہ سے ظاہر ہے چونکہ حضرت مسیح کے بعد الیاس یا الیاہ نامی کوئی نبی اسرائیل سے نہیں آیا جس کا آنا لازمی و ضروری تھا۔ لہٰذا الیاہ یا کہ الیاس سے مراد وہی ملک صدق ہے جو کہ دائمی کاہن اور رسول موعود کا پیش کار و مددگار رہے اس ملک صدق کو فرشتہ بھی کہا گیا ہے۔

جیسا کہ کتاب خروج باب ۲۳۔ آیت ۲۰ سے ثابت ہے کہ:

"دیکھ میں ایک فرشتہ تیرے آگے بھیجتا ہوں کہ راہ میں تیرا نگہبان ہو اور تجھے اس جگہ جو میں نے تیار کی ہے لے آئے۔ اس کے آگے ہوشیار رہ اور اس کا کہا مان اسے مت چڑھا کیونکہ وہ تیری خطا نہ بخشے گا کہ میرا نام اس میں ہے۔"

اس آیت میں جس کو فرشتہ کہا گیا ہے اس میں خدا کا نام بھی بتایا گیا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ فرشتہ خدا کا ہم نام ہے اور فرشتوں اور نبیوں اور رسولوں کے ناموں کو دیکھ لو۔ کوئی ایک بھی خدا کا ہمنام ہے جس سے واضح ہے کہ اس فرشتہ سے مراد وہی ملک صدق ہے جو حضرت ابراہیمؑ کو برکت دینے والا تھا۔ غذا دینے والا تھا اور مدد بھی کرنے والا تھا۔ یہی ملک صدق دنیا میں آکر خدا کا ہمنام ہوا۔ دنیا میں اس کو ہی خدا کے نام سے پکارا جاتا ہے اور خدا کو عبرانی میں ایلیا یا کہ ایلی کے نام سے پکارتے ہیں جیسا کہ حضرت مسیح نے پکارا تھا "ایلی ایلی لما سبقتانی" (اے خدا تونے مجھے کیوں چھوڑ دیا)

پس ایلی یا ایلیا خدا کا نام ہے۔ اب حضرت ملاکی نبی کی پیشگوئی کو دیکھیں وہاں الیاہ لکھا ہے الیاہ اور ایلیا میں صرف ایک ہی حرف کا فرق ہے جیسا کہ الیاہ اور الیاس میں تھا پس ایلیا یا ایلیاہ کو ہی الیاہ اور الیاس بنایا گیا ہے۔ بنی اسرائیل میں ان اسماء کا وجود نہیں پیدا ہوا جس کا پیدا ہونا ضروری تھا۔ اسی وجہ سے وہ ان تبدیلیوں پر مجبور ہوئے کہ کس طرح اصلی راز ظاہر نہ ہو۔

پس جب خدا کے اسم کی ایلی کی عربی بنائی جائے تو اس سے اسم علیؑ پیدا ہوتا ہے اور عربی میں خدا کا اسم علی موجود ہے۔ قوم عرب کے پہلے اسلامی فرزند حضرت علیؑ

Presented by www.ziaraat.com



موسیٰؑ سے خداوند عالم نے کیا تھا۔"

کتاب استثنا۔ باب ۱۸۔ آیت ۱۵۔

"کہ تیرا خداوند تیرے لئے تیرے ہی درمیان سے، تیرے بھائیوں میں سے تیرے مانند ایک نبی برپا کروں گا۔" اسی کو مسیحؑ باپ کا موعود اور تمام جہاں کا سردار فرماتے ہیں۔ اس گواہی میں حضرت یوحنا سے پہلے حضرت مسیح کی بابت سوال کیا گیا ہے۔ پھر الیاس کا سوال ہے۔ الیاس ایک نبی بنی اسرائیل میں گزر چکا ہے پھر یہاں جس الیاس کا ذکر ہے وہ حضرت مسیح اور نبی موعود کی مانند ابھی آنے والا ہے جس نے مسیح کے بعد آنا ہے جس کی بابت ملاکی نبی نے باب ۴۔ آیت ۵ میں خبر دی تھی:

"دیکھو خدا کے بزرگ اور ہولناک دن کے آنے سے پیشتر میں الیاہ نبی کو تمہارے پاس بھیجوں گا۔"

اس خبر میں آنے والے کا نام الیاہ بیان فرمایا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ عبرانی کے اصل لفظ کا ترجمہ دونوں طرح ہوسکتا ہے لیکن اس بات کو دیکھتے ہوئے یقین نہیں آتا کہ مسیحی حضرات نے ان تینوں حضرات سے یعنی مسیح سے مراد بھی مسیح لی اور الیاس سے مراد بھی مسیح کو ہی لیتے ہیں اور نبی سے مراد بھی مسیح ہی لیتے ہیں۔ تین کا ایک اور ایک کے تین بنا لئے ہیں۔ ان کے ہاں تثلیث کی طرح یہ بات ممدوح ہو تو ہو مگر اہل علم اور اہل فکر اس کو تسلیم نہیں کر سکتے۔ کیونکہ حضرت یوحنا سے تینوں کا الگ الگ سوال کیا گیا تھا اور آپ نے جواب بھی الگ الگ ہی دیا تھا۔ جس سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح اور حضرت الیاہ یا کہ الیاس اور رسول موعود جو تمام جہاں کا سردار ہے الگ الگ وجود ہیں۔ الیاہ اور الیاس میں صرف "ہ" اور "س" کا فرق ہے۔ "ہ" کو "س" سے بدل دیا ہے جو اصل میں الیاہ ہی تھا۔ اس الیاہ یا کہ الیاس سے مراد وہی ملک صدق ہے جس کے طریق پر حضرت مسیح بھی کاہن ہوئے اور حضرت مسیح سے پہلے کوئی ملک صدق عالم دنیا میں نہیں آیا تھا جس کا آنا ضروری اور لازمی ہے۔ لہٰذا یوحنا کی گواہی جس الیاس کی بابت تھی وہ یہی ملک صدق ہے چونکہ مسیحی علماء کاہن سے مراد رسول بھی لے لیتے ہیں جیسا کہ حضرت مسیح کو تسلیم کیا گیا ہے۔ اس لئے ملاکی نبی کی پیش گوئیوں کا ذکر

ہی ہیں۔ سب سے پہلے یہ اسم مبارک خدا کی طرف سے انہی کو عطا ہوا۔

یہی وجود اقدس تمام انبیاء کے علاوہ بیت اللہ میں پیدا ہوا۔ پس ثابت ہوا کہ خدا کا ہمنام فرشتہ اور ملک صدق اور ایلیا اسی وجود اقدس کے اسماء مقدس ہیں۔ علی آپ کو خدا کا دیا ہوا نام ہے کہ خدا نے رکھا تھا اور ملک صدق وصفی نام تھا جو آپ کی سلامت روی سے مشہور ہوا یا انبیاء ماسلف کو ہر ہلاکت سے بچا کر سلامت رکھنے سے مشہور ہوا۔ فرشتہ آپ کو اس لئے کہا گیا کہ عالم دنیا میں اس وقت تک نہ آئے تھے اس واسطے وہ فرشتہ سیرت تھے۔

اس امر کو حضرت یعقوبؑ نے اپنی اولاد کو وصیت کرتے ہوئے بیان کیا تھا۔

پیدائش باب ۴۹۔ آیت ۱۰، ۱۱

"یہود سے ریاست کا عصا جدا نہ ہوگا اور نہ حاکم اس کے پاؤں کے درمیان سے جاتا رہے گا جب تک سیلا نہ آئے۔"

یہ ترجمہ ۱۸۹۷ء کا ہے اس سے قبل اس لفظ سیلا کو شیلا اور شلو اور شیلو لکھا جاتا رہا ہے۔ اس سے واضح ہے کہ یہودا کے قبیلہ کی حکومت شیلا یا کہ سیلا شتو وشیلو کے آنے تک قائم رہے گی پھر ختم ہو گی۔

اس امر کو حضرت یسعیا اس طرح بیان فرماتے ہیں۔

یسعیا باب ۹۔ آیت ۶

"کہ ہمارے لئے ایک لڑکا تولد ہوا (ہوگا) اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا (جائے گا) اور سلطنت اس کے کاندھے پہ ہوگی اور وہ اس نام سے کہلاتا ہے۔ عجیب، مشیر، خدائے قادر۔ بدیت کا باپ، سلامتی کا شہزادہ اس کی سلطنت کے اقبال اور سلامتی کی کچھ انتہا نہ ہوگی۔

پس اس فرمان سے سیلا یا کہ سیلا کی آمد کا ثبوت ملتا ہے جو ملک صدق جس کو سلامتی کا بادشاہ کہا گیا ہے۔ اسی آیت میں اس کو سلامتی کا شہزادہ کہا ہے وہی ہمنام خدا ہونے کی وجہ سے عجیب ہوا یعنی مظہر العجائب جس کو مشیر خدائے کہا گیا ہے سیلا یا کہ شیلا عبرانی لفظ ہے جس کا عربی ترجمہ اسد اللہ۔ شیر خدا ہے اور دوسری طرف شیلو یا شلو کا ترجمہ قاتل اژدر ہوتا ہے جس کو حی در۔



حیدر کہا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے تسمیہ کے باعث مرحب یہودی کے جواب میں حضرت علی نے فرمایا:

"انا الذی سمتنی امی حیدرہ"

"میں وہ ہوں جس کا نام ماں نے حیدر رکھا ہے"۔

حضرت عیسیٰؑ نے دنیا سے جانے کے قریب بنی اسرائیل کو فرمایا تھا۔

متی باب ۲۱۔ آیت ۴۳

"اس لئے میں تم سے کہتا ہوں کہ خدا کی بادشاہت تم سے لے لی جائے گی اور ایک اور قوم کو جو اس کے میوے لائے، دی جائے گی اور جو اس پتھر پہ گرے گا چور ہوگا اور جس پہ وہ گرے گا اسے پیس ڈالے گا"۔

حضرت عیسیٰ کے بعد خدائی حکومت یا نبوت قوم عرب کو ملی۔ جن میں سے حضرت رسولِ خدا محمدؐ ہوئے جن کے ساتھ ان کے پیش کار و پیشرو خدا کے ہمنام حضرت علیؑ پیدا ہوئے جنہوں نے یہودی حکومت اور طاقت کا مرحب، عنتر اور حارث خیبریوں کو قتل کر کے ختم کر دیا۔ جو باوجود نبی و رسول نہ ہونے کے ابدی یعنی امام خلق ہوئے اور رہبر اور پیشوائے عالم پیدا کئے گئے جو سردار جہاں بنی موعود کے پیشکار و پیشرو تھے جن کے طریق پہ حضرت عیسیٰ بھی اسی بنی موعود کے پیشرو تھے۔ یہی ملک صدق جو خدا کے ہمنام اور دربار کبریا کے ابدی کاہن تھے ان کے سوا اور کوئی وجود دنیا میں ان اوصاف کا نہیں پیدا ہوا۔ لہٰذا (ورڈ آف گاڈ اینڈ ورک آف گاڈ) کے مطابق خدا کے اس قول کا فعل ملک صدق ہمنام خدا کی اس درگاہ کا ابدی کاہن یہی وجود اقدس حضرت علیؑ ہی تھے اور ہیں جن کو ملاکی نبی اور حضرت عیسیٰ نے ایلیا کے مقدس نام سے یاد کیا۔ جن کی معرفت یسعیا نبی نے اپنے صحیفہ میں اس طرح کرائی ہے:

"جاگ جاگ توانائی پہن لے اے خداوند کے بازو جاگ۔ جیسا اگلے زمانے میں اور سلف کی پشتوں میں کیا۔ کیا تو وہی نہیں جس نے راہب کو کاٹا اور اژدھے کو گھائل کیا۔ کیا تو وہی نہیں جس نے سمندر اور بڑے گھرائیوں کا پانی سکھا ڈالا۔ جس نے دریا کی تھاہ کو رستہ بنا ڈالا تاکہ وہ جن کا فدیہ لیا گیا پار اتریں"۔ (یسعیا باب ۵۱۔ آیت ۹)

Presented by www.ziaraat.com

ان آیات میں خدا کے بازو کا ذکر ہے جس نے اگلے زمانے میں اور اگلی پشتوں میں کار ہائے عجیب دکھائے تھے اور وہ کار ہائے عجیب راہب کو کاٹنا، اژدھے کو مارنا، طوفان نوح کا پانی سکھانا اور دریائے نیل یا بحرہ قلزم کے پانی کو خشک کر کے موسیٰ اور قوم موسیٰ کے لئے خشک راستہ بنانا اور حضرت ابراہیمؑ کو صرف تین سو جوانوں کے ساتھ حضر الاعمار بادشاہِ عراق پہ فتح دلانا۔ اسی لڑائی سے واپسی پہ ملک صدق نے حضرت ابراہیمؑ کی دعوت کی تھی اور ان کو برکت دی تھی اور حضرت ابراہیمؑ نے ان کو ہر چیز کا دسواں حصہ نذر کیا تھا۔

---


**مصباح الجفر** مکمل

آئمہ معصومین کا پاک و پاکیزہ علم جفر سیکھنے کے لئے اس کا مطالعہ فرمائیں۔ دیباچہ میں علامہ حافظ کفایت حسینؒ رقمطراز ہیں اس سے بہتر کتاب علم جفر کی میری نظر سے نہیں گزری۔ اسکے پڑھنے سے مقصد تک آسانی ہوتی ہے۔

قیمت: -/۵۰ روپے

**مصباح الاعداد**

اگر آپ صرف اعداد ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹ سے پیشگوئی کرنے کے طریقے حاصل کرنا چاہتے ہیں تو مصباح الاعداد سے استفادہ کریں۔

قیمت: -/۲۰ روپے

**آپ کی تاریخ ولادت**

یہ کتاب آپ کو منجمین سے بے نیاز کر دے گی اور آپ اپنے ماضی، حال اور مستقبل کے حالات و واقعات، بشارت و حوادث سے آگاہ ہو سکیں گے۔

قیمت: -/۲۵ روپے




# توریت موسیٰؑ کے دو ممسوح

صحیفہ ذکریا میں ہے کہ:

"اس نے مجھ سے کہا کہ یہ دو ممسوح ہیں جو ساری مخلوق اور ساری زمین کے خداوند کے حضور میں کھڑے رہتے ہیں"۔

اور دوسری جگہ اسی صحیفہ میں ان کو " دو شمعدان اور دو زیتون" سے تشبیہ دی گئی ہے اور مکاشفہ یوحنا باب ۱۱۔ آیت ۴، اور زبور باب ۲۵۔ آیت ۸، اور سموائیل باب ۴، آیت ۴ میں مذکور ہے:

"انہوں نے سیلا میں لوگ بھیجے تاکہ رب الافواج کے عہد کے صندوق کو جو دو کروبیوں کے درمیان دھرا رہتا ہے وہاں سے لے آئیں"۔

اور گنتی باب ۷۔ آیت ۸۹ میں ہے کہ" دونوں کروبیوں میں سے کسی کی آواز سنی"۔

اور سموائیل باب ۲۔ آیت ۴ میں مذکور ہے کہ" اور داؤد اٹھا اور سارے چنے ہوئے لوگوں کو لے کے جو اس کے ساتھ تھے بعد یہوداہ سے چلا تاکہ خداوند کے صندوق کو جس کے پاس وہ نام یعنی رب الافواج کا نام لیا جاتا ہے جن کو دو کروبیوں کے بیچ میں سکونت کرتا ہے وہاں سے چھڑا لائے"۔

Presented by www.ziaraat.com

اور کتاب خروج میں ہے کہ:

"عہد کا صندوق یعنی تابوت سکینہ میں پتھر کی دو لوحیں رکھی تھیں ان کے ایک طرف احکامات خدا کندہ تھے اور دوسری طرف دو تصویریں کروبیوں کی بنی ہوئی تھیں عہد کا صندوق (تابوت سکینہ) اس معاہدے کی علامت تھا جو حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل سے لیا تھا احکام شریعت کی پیروی کے ساتھ ان ہر دو مقرب بارگاہ الٰہی سے توسل رکھیں گے اور ان کی عزت و توقیر بھی کیا کریں گے۔ احکامات کی پیروی کی قبولیت ان مقربین کے توسل پر منحصر تھی ان کی اطاعت اطاعت الٰہی تھی۔ ان کی مخالفت کی معافی نہ تھی۔

ان آیات سے ثابت ہے کہ مقرب بارگاہ کبریا دو ہستیاں ہیں جن کو کروبی کہا گیا ہے۔ ان دونوں میں سے ایک کو کتاب خروج باب ۲۲۔ آیت ۲۰۔۲۲ میں فرشتہ کہا گیا ہے اور ہمنام خدا بھی کہا گیا ہے اور اسی کو حضرت عیسیٰؑ نے ایلی ایلی کے نام سے پکارا تھا۔ جس کا ماحصل صاف ہے کہ تو نے ناصر الکل سلطاناً نصیراً ہو کر مجھے کیوں بے مدد چھوڑ دیا ہے۔ پس ثابت ہے کہ ملک صدق اور دیگر تمام نام مذکورۃ الصدر اسی ہمنام خدا حضرت علیؑ کے ہیں جس کی مخالفت کی معافی نہیں مل سکتی اور سموائیل حصہ دوم کے حوالہ سے ثابت ہے کہ:

"رب الافواج دو کروبیوں کے درمیان سکونت رکھتا ہے اور اس صندوق کے پاس اس کو صرف رب الافواج کے نام سے پکارتے اور یاد کرتے ہیں۔ رب الافواج کا مفہوم افواج کو پالنے پرورش کرنے والا ہے اور یہ دو کروبی اس کی خدمت پہ مامور ہیں کہ افواج یا گروہ ہائے مخلوقات کی پرورش کریں۔ عطیہ الٰہی اس کی مخلوقات کو پہنچائیں جس سے یہ دونوں مقرب بارگاہ خدا مربی عالم قرار پائے۔ خداوند عالم کا اسم اعظم ان دونوں کے درمیان ہوا یعنی خداوند عالم خالق مخلوقات ہے اور یہ دونوں میں ہی مشترک ہے۔"

اور حوالہ بالا سے یہ بھی ثابت ہے کہ کروبی صرف دو ہیں دو سے زیادہ نہیں لہٰذا یہ دو کروبی، دو ممسوح قرار پائے۔ صفات کا تقرب دوئی کی نفی کرتا ہے باوجود دو وجود یا کہ جسم ہونے کی صفات کی وحدت و یگانگت ایسا اتحاد پیدا کر دیتی ہے جس میں ایک کا قول و فعل دوسرے پر منطبق ہو سکتا ہے اور ایک کا قول و فعل دوسرے کا



قول و فعل قرار پاتا ہے۔ اسی واسطے خداوند عالم فرماتا ہے کہ:

"میں اپنا کلام رسول موعود کے منہ میں رکھ دوں گا" یعنی رسول موعود کا کلام، کلام خدا ہوا۔ اسی وجہ سے اس کے کلام کی مخالفت کی معافی نہیں مل سکتی۔

اور کتاب خروج سے ثابت ہے کہ اس فرشتہ کی مخالفت کی بھی معافی نہیں مل سکتی جو ہمنام خدا ایلی ہے۔

نتیجہ کلام یہ نکلا کہ خداوند عالم نے سب سے اوّل ایسی دو ہستیاں مقرب بارگاہ خلق فرمائی ہیں جن کی اطاعت، اطاعت خدا اور مخالفت خدا شمار ہوتی ہے۔ جن کو مذکورہ بالا آیات میں دو کروبی کہا گیا ہے۔ جن کے ناموں کے درمیان خدا کا نام رب العالمین پوشیدہ ہے ان میں سے ایک کا نام ایلی ہے اور دوسری ہستی کا نام جو رسول موعود ہے کتاب ارماطش یعنی یرمیاہ میں اسماطیل آیا ہے اور اسم رب کے عدد ر۲ ب۲ ۲۰۲ ہوتے ہیں اور اسی حساب سے اسماطیل کے اسم کے عدد (۱۵۱) ہوتے ہیں اور اسم ایلی کے اسی حساب سے (۵۱) ہوتے ہیں۔ دونوں اسما کے اعداد کو جمع کرنے سے ۲۰۲ ہوتے ہیں اور اسماطیل کی عربی محمدؐ اور ایلی کی عربی علی ہوتی ہے اور محمدؐ اور علی کے اعداد ۲۰۲ ہی ہوتے ہیں۔ جس سے ثابت ہوا کہ اسماطیل و علی یعنی محمدؐ و علی مربی عوالم ہیں۔ ان کی مخالفت کی خدا معافی نہیں دیتا۔ ان کی بابت ہی حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا۔ ان کو کروبی کہا گیا ہے۔ یہی مقرب بارگاہ ہو کر خدا کے یہ اعمال ہیں۔ یہی وہ دو ممسوح ہیں جن کو بروز محشر خدا فرمائے گا:

القیا فی جہنم کل کفار عنید ۲۶/۱۶

ترجمہ: "تم دونوں دوزخ میں ہر ناشکرے کو مخالف کو ڈال دو"

اور یہی دو چراغدان یعنی ہدایت کی روشنی دینے والے دو وجود جن کی بابت خدا نے قرآن میں فرمایا ہے۔

والشمس وضحھا والقمر اذا تلھا ۳/۱۶

ترجمہ: "اور سورج اور اس کی روشنی کی قسم ہے اور چاند کی جب کے اس کے پیچھے آئے۔"

اور یہی دو زیتون ہیں جن کو قرآن مجید میں شجرہ طیبہ سے مثال دی ہے۔ مثلاً

Presented by www.ziaraat.com

كلمة طيبة كشجرة طيبة الخ ۱۳/۱۶

پس یہی ہستیاں وسیلہ نجات عوالم اور مربی عوالم اور ناصر الکل ہیں ماسوی اللہ کے حضرت علیؑ سلطاناً نصیراً ہیں اور انہوں نے ہی تمام عوالم کی مخلوق کی مدد کی ہے اور کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ یہ عہدہ ان کا دائمی اور ابدی ہے جو ختم ہونے والا نہیں اور خدا کی ساری کتابیں اس کی شاہد و مبین ہیں اور ان کے ناصر الکل ہونے سے انکار خدا کی قدرت کا انکار ہے۔ جو قابل معافی نہیں ہوگا۔


**مصباح الفراست**

دست شناسی کے لئے حضرت شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ کی لاجواب تصنیف۔ زیر طبع

قیمت: ۳۰/- روپے

**مصباح الرمل** لفظوں اور لکیروں کے اس بے پایاں علم میں ماضی حال اور مستقبل کے واقعات پوشیدہ ہیں اور علوم فلکیات کے لئے اطمینان کا لاجواب و بے مثال مرقع ہے۔

قیمت: ۴۰/- روپے

روحانی ماہنامہ **آئینہ قسمت** لاہور

ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری، البیرونی تقویم بھی ہر سال باقاعدگی سے شائع ہوتی ہیں۔




# مہاتما بدھ اور ابلیس

مہاتما بدھ کا نام نامی محتاج تعارف نہیں۔ وہ ایک والئی ریاست کے فرزند ارجمند تھے ان کی ابتدائی زندگی اور پھر ان کی مہاتمائی وغیرہ سے متعلق تواریخ میں مختلف روایات ملتی ہیں جن میں مشہور عالم قصہ یہ ہے۔

جوتشیوں نے ان کے والد سے کہہ دیا تھا کہ راجہ! جو لڑکا تمہارے یہاں پیدا ہونے والا ہے وہ شباب کو پہنچنے سے پہلے سادھو اور جوگی بن کر جنگل میں رہائش کریگا اور راج کو تیاگ کر دنیا سے بے تعلق ہو جائے گا۔ تم اس کو جوان ہونے تک شاہی محلوں میں رکھیو اور اس کی تعلیم و تربیت کا انتظام بھی شاہی محلوں میں ہی کیجئیو چنانچہ بدھ نے جنم لیا تو نجومیوں کی ہدایت پر عمل کیا گیا۔ محلات میں اس کی تربیت ہوتی رہی اور ان کو قابل ترین اتالیق کی نگرانی میں دے دیا گیا۔ بدھ جی جوان ہوئے تو ان کی شادی بھی کر دی گئی مگر اس بات کی سخت احتیاط رکھی گئی کہ باہر کی ہوا ان کے قریب سے نہ گزرنے پائے اور وہ کوئی بیرونی مناظر نہ دیکھ سکیں۔

آخر ایک دن وہ باپ سے اجازت لے کر اپنے استاد کے ساتھ محل سے باہر نکلے تو سب سے پہلے ایک ضعیف العمر آدمی لاٹھی کے سہارے چلتا دکھائی دیا۔ بدھ نے استاد سے پوچھا۔ یہ کون ہے اور اس حالت میں کیوں ہے۔ استاد نے

Presented by www.ziaraat.com

کہا کہ ہر انسان کو بچے سے جوان اور جوان سے بوڑھا ہونا پڑتا ہے اور پھر وہ کمزور ہو کر لاٹھی کے سہارے چلنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ ذرا آگے بڑھے تو ایک بیمار درد اور تکلیف سے کراہ رہا تھا۔ بدھ نے اس کی کیفیت پوچھی تو جواب ملا کہ ہر شخص کو اپنی زندگی میں بعض مرتبہ بیمار بھی ہونا پڑتا ہے۔

اس سے آگے چلے تو ایک جنازہ نظر آیا جس کے ساتھ لوگ روتے پیٹتے جا رہے تھے۔ بدھ نے اس کا حال دریافت کیا تو انہیں بتایا گیا کہ ہر آدمی آخر کار اپنی زندگی گزار کر مر جائے گا۔ یہ شخص بھی مر چکا ہے اور اب اسے دفن کر دیں گے یا جلا دیں گے۔

پس اس قسم کے چند عبرت انگیز مناظر دیکھ کر بدھ جی نے دنیا وی جاہ و حشم کو خیر باد کہا اور وہیں سے جنگل میں جا کر گیان دھیان میں لگ گئے۔

مذکورہ واقعات کو اگر حقائق کی روشنی میں دیکھا جائے تو یہ ساری داستان خود ساختہ اور بعید از عقل و قیاس معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے کہ جناب بدھ ایک فرمانروا کے بیٹے تھے۔ اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ ان کے عقلمند باپ نے محض نجومیوں کے کہنے پر اپنے نور نظر کو طویل "قیدِ تنہائی" دے دی تھی اور ایک سنگین مجرم کی طرح انہیں کال کوٹھڑی میں بند کر دیا تھا۔ جب بھی یہ بات فہم و ادراک سے بالاتر ہے کہ کیا اٹھارہ بیس سال کے تعلیمی کورس میں بدھ نے ایک دفعہ بھی بوڑھے ہونے، بیمار پڑنے اور مرنے کا نام نہیں پڑھا یا سنا۔

حقائق پہ پردہ ڈالنے کی ناکام کوشش نہ کی جائے تو اصل حالات کو سامنے آتے دیر نہ لگے گی اور مہاتما جی کی روح خود زبان حال سے پکار اٹھے گی۔ بدھ جی کے درویش اور فقیر ہونے کا حقیقی واقعہ اگر ہم سنائیں گے تو ممکن ہے کسی کو یقین نہ آئے۔ آپ یہ واقعہ بدھ ودیا کے ایک گیانی شاستری ہی کی زبانی سنیئے۔

مسٹر ایل کے بھٹناگر۔ ایم۔ اے۔ آئی۔ ای۔ ایس (انڈین ایجوکیشن سروس) اپنی ایک تصنیف "بودھیا چمتکا" مطبوعہ انکار لپست کالیہ کانپور ۱۹۲۷ء میں لکھتے ہیں:

شری مہاتما بدھ جی کی اہنسا اور جیون[1] رکھشا، سادھوونت[2] اور ویدانت[3] اور ان

---

ترجمہ: ۱۔ جانوروں کی حفاظت، ۲۔ فقیری درویشی، ۳۔ اتحاد مذاہب۔



کی من پر کاشیا[1] اور یوگ جوگ[2] اور دوسرے آتمیہ[3] کایا کلپی کتھاؤں[4] کی بنو[5] جو اُن کی ودیا[6] اور ان کے شاستروں[7] سے ملتی ہے۔ صرف یہ کہ ایک دن شری پوجیہ[8] پاد مہاتما جی اپنے محل میں سوئے ہوئے تھے کہ ایک دم چیخ کر اٹھ بیٹھے ان کے نینوں سے آنسوؤں کی بڑی بڑی لڑیاں لٹک رہی تھیں اور وہ کسی بڑے ہی دکھ اور کلپنائیں[9] میں دکھائی دے رہے تھے۔

اُن کی چیخ سُن کر ان کا وِدیا منتری[10] بھی چونک اٹھا جو اُن کے پاس ہی نندیا[11] کر رہا تھا۔ اس نے بڑے پریم سے تھانپا دے کر پوچھا:

"راجکمار جی کیا ہوا آپ کو کیا کوئی بھیانک سپنا[12] دیکھا ہے؟ کیا کسی چیز سے ڈر لگا ہے؟"

مہاتما جی نے ٹھنڈی آہ بھر کر کہا! "دیکھا تو سپنا ہے مگر سپنا نہیں کچھ اور ہے! ہاں! کچھ اور ہے۔"

منتری نے ان کی سیوا میں بڑی بنتی[13] کی تب مہاتما جی نے کہا:

"منتری جی انے تم جانتے ہو کہ میں دھارمک[14] پستکیں بڑے غور سے پڑھتا ہوں اور دھرموں کے بکھیڑوں کی چھان بین کرتا رہتا ہوں۔ تم یہ بھی جانتے ہو کہ میں ایشور[15] بھگتی کی بڑی اِچھیا[16] رکھتا ہوں اور بھگوان کے چمتکار[17] دیکھنے کے لئے جنگلوں اور بنوں میں چلا جاتا ہوں اور آج کی نہ پوچھو کسی پرم آتما[18] نے مجھے اشیرباد[19] دی ہے کہ تمہاری تپسیا سپھل[20] ہوئی جاؤ میرے نام کی مالا جپو جو چاہو گے مل جائے گا۔ میرا نام آلیا ہے۔

---

| | | |
|---|---|---|
| ۱ روشن ضمیری | ۲ محویت، عبادت، ریاضت | ۳ روحانی انقلاب |
| ۴ واقعات قصے کہانیاں | ۵ بنیاد | ۶ علم و عرفان |
| ۷۔ کتب مذہبی | ۸ قابل پرستش | ۹ رنج و الم |
| ۱۰ وزیر تعلیم، اتالیق اعلیٰ | ۱۱ نیند، سونا | ۱۲ خوفناک خواب |
| ۱۳ گذارش | ۱۴ مذہبی کتابیں | ۱۵ خدا کی پوجا |
| ۱۶ خواہش، طلب | ۱۷ خدا کا جلوہ، معجزہ یا نظارہ | ۱۸ بہت بڑی روح عظیم ہستی |
| | ۱۹ مبارک باد | ۲۰ بندگی بار آور ہوئی۔ |

Presented by www.ziaraat.com

مجھے ملنا ہو تو میرا مکان پوتر استھان[۱] میں پھٹی ہوئی دیوار کے پاس ہے وہاں پر میں تمہیں ایک بالک[۲] کے روپ میں ملوں گا۔ مگر وہ سمے[۳] ابھی دور ہے۔

انجیل میں بھی جناب علیؑ کو "بچہ" کہا گیا ہے۔ ........ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ کوئی خدا کی بادشاہی کو بچے کی طرح قبول نہ کرے وہ اس میں ہرگز داخل نہ ہوگا۔

(مرقس۔ باب ۸۔ فقرہ ۱۵-۱۶[۴] وقت زمانہ)

غور فرمائیں اور بدھ جی کے خواب پر بار بار نگاہ کیجئے۔ ان کے خواب کا ایک ایک لفظ اپنی ترجمانی آپ کر رہا ہے۔ مہاتما جی کے پرم آتما نے کتنے صاف اور واضح الفاظ میں اپنا نام اور مقام ظاہر کیا ہے۔ آلیا۔ یعنی علیؑ جو عبرانی کے ایلیا اور علیؑ ہی کے مترادف ہے پھر اس فقرہ پر توجہ کیجئے۔

"مجھے ملنا ہو تو میرا مکان پوتر استھان میں پھٹی دیوار کے پاس ہے وہاں میں تمہیں ایک بالک کے روپ میں ملوں گا۔"

فرض کیجئے کہ پوتر استھان (پاک جگہ) اور بھی ہو سکتی ہے لیکن اس کی نشانی یہ بتائی ہے کہ اس (کعبہ) کی دیوار پھٹے گی اور میں وہاں ایک بالک کے روپ میں یعنی ایک بچے کے روپ میں ملوں گا۔

کیسے صریح لفظوں میں حرم کے اندر ولادت پانے کا اظہار فرمایا گیا۔ علاوہ بریں اپنا نام اور مقام بتانے کے ساتھ ہی ساتھ بدھ کو اپنی عظیم الشان مرتبت سے بھی روشناس کرا دیا اور ہدایت فرمائی ہے کہ میرے نام کی مالا جپو جو چاہو گے مل جائے گا۔ علیؑ سے تولا اور عقیدت رکھنے والا کون نہیں جانتا کہ آپ ہر دکھ کی دوا اور ہر مشکل میں حاجت روا ہیں۔ اگر خلوصِ ولا سے حضور کا دامن پکڑا جائے تو انشاءاللہ بلا تاخیر مشکل کشائی ہوتی ہے اور مانگنے والے کو در علیؑ سے سب کچھ ملتا ہے۔

بدھ جی نے اپنا خواب ابھی پوری طرح بیان نہیں کیا۔ آگے چل کر اپنے سپنے کا باقی حصہ یوں سناتے ہیں۔

منتری! یہ کہہ کر اس نے ایک چمکتی ہوئی تلوار نکالی اور گرجدار آواز میں کہا:

---

۱؎ مقام مقدس ۲؎ بچہ ۳؎ وقت



"دیکھ میں سنگھ[۱] ہوں۔ مجھے پرمیشور[۲] نے سنگھ بنا کر بھیجا ہے۔ جا سنسار کو پاپوں اور پرادھوں سے روک، من کے روگ ہٹا، ہرڈے[۳] کو ستھرا کر، پر البدھ[۴] ٹھیک ہو جائے گی۔ میرے مہاراج آنے والے ہیں۔ ان کا کہنا مان اور میرے مہاراج[۵] کے مہاراج کو بھی۔ دیکھ! میں تجھے اپنا چیلا[۶] اور گولا[۷] بنا کر اس ملک کی شودھنا[۸] کے لئے بھیجتا ہوں۔ دھوکہ نہ کھانا۔ جا! کبھی کشٹ[۹] کٹھن آ جائے تو میرا نام جپنا میں پہنچ جاؤں۔"

بدھ جی کے خواب کا یہ حصہ اور بھی قابل غور ہے۔ جناب آلیا (ایلی) ان کو اپنی ذوالفقار دکھا رہے ہیں اور پھر اپنا خطاب یا لقب بھی بنا دیا:

"پرمیشور نے مجھے سنگھ بنا کر بھیجا ہے۔"

یہ اسد اللہ الغالب یا شیر خدا کے ہم پلہ و ہم معنی الفاظ ہیں۔ یعنی میں خدا کا شیر بن کر آیا ہوں۔ کوئی بتائے کہ علیؑ کے سوا کون شیرِ خدا کہلایا۔ آدم سے لے کر آج تک کی تاریخ انشاءاللہ نفی میں سر ہلائے گی۔ اس سے اگلا فقرہ ملاحظہ فرمائیے:

"میرے مہاراج آنے والے ہیں۔ ان کا کہنا مان اور میرے مہاراج کے مہاراج کا بھی۔"

اس فقرہ میں جناب ایلیاؑ نے بدھ جی کو حضور ختم المرسلینؐ کی بعثت کا مژدہ سنایا ہے اور کہا ہے کہ ان کا ظہور کسی وقت ہونے والا ہے وہ تمام بادشاہوں کے بادشاہ ہوں گے۔ ان کی پاک تعلیم پر چلنا پڑے گا اور ان کے مہاراج یعنی خداوند قدوس کے احکام پر سر جھکانا ہوگا۔

ذرا اس سے اور آگے بڑھیے۔ حضرت ایلیاؑ مہاتما بدھ سے فرماتے ہیں:

"میں تجھے اپنا "گولا" اور "چیلا" بنا کر اس ملک کی شودھنا کے لئے بھیجتا ہوں دھوکا نہ کھانا۔"

یعنی میں نے تجھے اپنا غلام اور مرید بنا کر اس ملک کے تصفیہ اور تزکیہ کے لئے

Presented by www.ziaraat.com

مقرر کیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ ایسا نہ ہو کوئی اور شخص "ایلیا" بن کر تمہیں دھوکا دے جائے۔ میری اصلی اور حقیقی رنگ میں تمہارے سامنے آنے کی علامت یہ اور صرف یہ ہوگی کہ جب بھی کسی مشکل مصیبت میں یاد کروگے تمہاری مدد کو فوراً پہنچ جاؤں گا۔ ایک اور لطیف نکتہ بھی قابل توجہ ہے کہ مہاتما بدھ کو اکثر ساکی منی بھی کہا جاتا ہے۔ لفظ "ساکی" کے معنی بھارت کی قدیم زبانیں سنسکرت، ہندی، بھاشا، ناگری، شاکھا، مرہٹی، مدراسی گجراتی اور بنگالی وغیرہ کچھ ہی کریں مگر ہم تو یہی سمجھیں گے مذکورہ زبانیں چونکہ قافِ قرشت سے محروم ہیں اس لئے وہ اس کی بجائے کاف "کلمن" استعمال کر کے ساقی کو ساکی لکھتی ہیں۔

پس جناب بدھ کو بشارت دینے والے از بسکہ ایلیا ہیں اور وہ "ساقی کوثر" بھی کہلاتے ہیں لہٰذا ساقی منی کے معنی ہوئے وہ راہنما جسے ساقی کوثر[1] نے مقرر کیا ہے کیونکہ اسی نے بدھ کو اپنا "گولا" اور "چیلا" بنا کر بھیجا ہے۔

اب سن لیجئے کہ مہاتما بدھ ایک مرتبہ سخت مصیبت میں مبتلا ہو جاتے ہیں ایک تو جسمانی تکلیف رنج و ملال ہوئی دوسرے عوام کی مخالفت نے انہیں اور بھی پریشان کر دیا، برہمنوں اور اونچی ذات کے مہنتوں، پروہتوں وغیرہ نے ان سے خوب عداوت بڑھائی، اس لئے کہ بدھ کی تعلیمات (توحید الٰہی، مساوات، اتحاد اقوام، رحم و کرم اور عدم تشدد وغیرہ) نے مخلوق خدا کا خون چوسنے والے خود ساختہ جھوٹے رہنمایان مذہب کے اباطیل و اکاذیب کی بنیادیں ہلا دیں اور وہ اپنا سر پیٹتے رہ گئے۔ پس انہوں نے بدھ پر ظلم توڑنا شروع کر دیئے اور ان کے مشن کو ناکام بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ بدھ کے لئے اور

---

[1] دنیا کی اصلاح و ہدایت کے لئے ہر قوم اور ہر ملک میں ریفارمر بھیجے جاتے ہیں جیسا کہ قرآن کریم سے ثابت ہے: وَلِكُلِّ قَوْمٍ نَذِيرٌ ، وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ۔ ہر قوم میں ڈرانے اور ہدایت دینے والے مقرر کئے گئے۔ ہندوستان کے رشیوں، منیوں، مہاتماؤں اور اوتاروں کے حالات کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا ان میں سے کسی نے بھی بت پرستی اور کفر و شرک کی تعلیم نہیں دی۔ بعد میں ان کی تعلیمات مسخ ہو گئیں اور ایک خدا کو منوانے والے خود مشرکین کے معبود بن گئے۔



اس سے زیادہ مصیبت اور کیا ہو سکتی تھی؟ باوجودیکہ وہ دنیاوی تعلقات سے الگ ہو گئے تھے اور عالم کون و فساد کی ہر شے کو تیاگ کر بن میں جوت لگائے اور اوکھ جگائے مالک حقیقی کی یاد میں محو رہتے تھے مگر شدید مخالفت اور بدترین عداوت سے انہیں دوچار ہونا پڑا۔ اس وقت انہوں نے دعا فرمائی:

اے[1] پیاروں کے پیارے! اے آلیا! سب[2] پہ غالب آنے والے اپنا جلوہ دکھا، میری دستگیری کر۔ اے پرماتما[3] کے شیر! دنیا کی لومڑیاں مجھے کھا جانا چاہتی ہیں، تجھے اس کی قسم جس کا تو دست و بازو[4] ہے تجھے اس کی قسم جس کی شکتی[5] تیرے اندر ہے، میری مشکل کشائی کر، تیرا وعدہ ہے کہ مصیبت پہ پہنچوں گا۔ اب امداد کا وقت آیا ہے آ جلد آ! ورنہ میں برباد ہو جاؤں گا۔ تیرا[6] نام وہ ہے جو پرم آتما کا ہے۔ آکے تجھے دیکھنا ہزاروں ہزار تھناڈوں[7] کے برابر ہے تو بھگوان جی کا چہرہ ہے۔ میرے پیارے تو سب کچھ ہے اور میں تیرے بغیر کچھ بھی نہیں۔ تو سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ سب حال تیرے سامنے ہے میری تکلیفوں کا تجھے علم ہے تو ہی ان کو دور کر سکتا ہے۔ ادم آلیا، ادم آلیا، ادم آلیا۔

بدھ کی یہ دعا جو "بدھ یوگیا" کے نام سے معروف ہے بدھ مذہب کی اکثر کتابوں میں مذکور ہے۔ رسالہ "بدھ گیان" مصنفہ رام نرائن بنارسی مطبوعہ ۱۹۳۱ء کے صفحہ ۵ پر اس دعا کے ساتھ ایک چینی کتاب کے حوالے سے لکھا ہے کہ بدھ نے ذیل کے الفاظ بھی کہے تھے۔

"اپنے می تیریا" کے واسطے میری مدد کر۔ می تیریا کے معنی ہیں رحمت والا، رحمۃ اللعالمین۔

اس دعا کی تفصیل میں پڑنے کی ضرورت نہیں ایک ایک لفظ اپنی وضاحت کر رہا

---

[1] مطلوب کل طالب [2] غالب کل غالب [3] اسد اللہ
[4] اس سے مراد قوۃ اللہ بھی ہے اور بازوئے محمدؐ بھی۔ [5] طاقت
[6] علی جو خدا کا نام بھی ہے اور مرتضیٰؑ کا بھی۔
[7] النظر علی وجہ علیؑ عبادہ۔ علیؑ کے چہرہ مبارک کو دیکھنا بھی عبادت میں داخل ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

ہے البتہ اس کا نتیجہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ دُعا نے قبولیت کا لباس پہنا اور مشکل کشا نے بدھ کا ہاتھ پکڑا۔ دنیا جانتی ہے اور تاریخ اس پر پردہ نہیں ڈال سکتی کہ بُدھ کو اس کی بدولت کس قدر کامیابی ہوئی۔ عوام تو رہے درکنار بھارت کے راجوں مہاراجوں نے ان کا مذہب قبول کیا اور پھر ہندوستان کے علاوہ بدھ مذہب سری لنکا، برما، آسام، چین، جاپان، سیام اور تبت وغیرہ ایسے دور دراز ملکوں میں پھیل گیا اور یہ سب جناب ایلیاؑ کی ذرہ نوازی اور کرم فرمائی ہے۔ گو موجودہ بدھ مذہب کی اصلی یعنی ابتدائی تعلیمات سے کچھ تعلق نہیں ہے جس طرح کہ جناب عیسٰی اور حضرت موسیٰؑ وغیرھم کی اصلی تعلیم کو بدل ڈالا گیا اس طرح بدھ کی تعلیمات بھی بچ نہ سکیں اور ختم ہو گئیں۔

لیجئے بُدھ مہاراج بستر مرگ پر دراز ہو گئے۔ اب وہ چند لمحوں کے مہمان نظر آتے ہیں ان کا سب سے محبوب چیلا "آنند" ان کی سیوا میں بیٹھا ہے اور ان کی نازک حالت کو دیکھ کر زار و قطار رو رہا ہے۔ جب بدھ جی نے اپنے پیارے شاگرد کا یہ حال دیکھا تو اس کو بہت تسلی دی اور مسکراتے ہوئے کہا:

"پیارے آنند! غمگین نہ ہو۔ آنسو مت بہا۔ میں تجھے کئی مرتبہ پہلے بھی بتا چکا ہوں کہ اپنی محبوب و مطلوب اشیاء کو چھوڑنا اور اس دنیا میں ہر چیز سے جدا ہونا انسانی فطرت میں داخل ہے اگر میں جا رہا ہوں تو یہ کوئی انوکھی بات نہیں ہے۔"

آنند نے عرض کیا مہاراج! آپ کے بعد ہمارا کون والی ہوگا اور کون تعلیم دے گا؟

بُدھ نے جواب دیا:

"آنند خوب یاد رکھو۔ دنیا میں صرف میں ہی بدھ بن کر نہیں آیا ہوں اور نہ میں اس سلسلے کو ختم کرنے والا ہوں۔ جب وقت آئے گا تو ایک دوسرا بدھ مبعوث ہوگا جو خدا کا نور ہوگا۔ بہت ہی مقدس و مطہر اس کو حکمت کا وافر دیا جائے گا وہ اقبال مند ہوگا اسرار کائنات کا عالم، نسل انسانی کا بے نظیر ہادی وہ مصلح، جن و انس کا معلّم وہ انہی ازلی صداقتوں کو تم پہ ظاہر کرے گا جو میں نے تم کو سکھائی ہیں وہ اپنے دین کی تبلیغ و اشاعت میں ہر لحظہ مصروف رہے گا جو فی الحقیقت نہایت ہی شاندار ہوگی وہ اپنے حیرت انگیز کمال اور انتہائی عروج کی وجہ سے پُر شکوہ اور صاحب جلال و جمال ہوگا۔ اس کی تعلیم زندگی روح

---

اور اس کی تربیت کامل، مکمل، صاف، پاکیزہ اور بے عیب ہوگی۔ اگرچہ میرے شاگردوں کا شمار سینکڑوں تک ہے تو اس کے شاگردوں کی تعداد ہزاروں تک ہوں گے اور وہ می تیریا کے نام سے معروف[1] ہوگا۔

([1] ملاحظہ ہو کتاب "بودھیا پرکاش" مؤلف وید شاستری لالہ ہرگوبندا پرشاد مطبوعہ سرسوتی پریس بمبئی ۱۹۱۱ء)

آنند نے "می تیریا" کی وضاحت پوچھی تو مہاتما بُدھ نے کہا:

"اے آنند! می تیریا وہ ہے جو تمام رشیوں، نبیوں اور تمام مبعوث ہونے والوں کا سلسلہ ختم کر دے گا۔ اس کے سر پہ ایک پنج پہلو تاج ہوگا جو سورج اور چاند کی طرح ہوگا اس کے بڑے ہیرے کا نام آلیاؑ ہے۔ یاد رکھ یہ پاک جسم ابتدا سے پیدا ہو چکے ہیں مگر ان کے ظاہر ہونے میں ذرا دیر ہے۔ ظالم لوگ ان کے موتیوں کو سخت نقصان پہنچائیں گے اور ان کے برباد کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے مگر مالک اس کے نام اس کے کام اور اس کی نسل کو دنیا کے خاتمہ تک باقی رکھے گا۔

آنند! میری اور تیری طرح کروڑوں اس کے انتظار میں تھک جائیں گے۔ مگر خوش نصیب وہی ہوگا جو اس کا اور اس کے پاک ساتھیوں کا ساتھ دے گا۔ اب تجھے اس سے زیادہ کچھ نہیں بتا سکتا۔"

(نوٹ) مہاراجہ رام چندر نے بھی اجودھیا کے شاگردوں سے کہا تھا کہ وہ راجوں کا راجہ اپنی روشنی کے ساتھ ظاہر ہوگا جس کے ساتھ بڑا گروہ ہوگا وہ پانچ کنگروں والا تاج پہنے گا اور اس کے سب سے بڑے کنگرے کا نام "اہالیاہ" یعنی "ایلیا" ہوگا۔"

(اجودھیا کا بن باسی مصنفہ شنکر داس مطبوعہ آگرہ ۱۹۲۳ء)

مہاتما بُدھ کی اس وصیت میں سب سے پہلے خاتم الانبیاء کے ظہور پر نور کی پیشگوئی کی گئی ہے اور آپ کے اوصاف گرامی بیان کرنے کے بعد حضور کا رحمانی اور قرآنی خطاب بھی بتا دیا گیا ہے۔ می تیریا۔ یہ سنسکرت زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں بہت مہربان اور رحمت والا۔ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ کے مفہوم کے مطابق، کسی نبی یا رسول اللہ کو اللہ کی رحمت، رحمت عالم اور رحمۃ للعالمین کے خطاب سے مخاطب نہیں کیا گیا۔ بدھ نے می تیریا کہہ کر ایک بہت بڑی فضیلت آپ کی بیان کر دی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

وصیت کے دوسرے حصّہ میں بدھ جی نے جناب رحمتہ اللعالمین کی ایک صفت یہ بتائی ہے کہ وہ انبیاء اور مرسلین کا خاتم ہوگا اور اس کے سر پہ "پنج پہلو" تاج ہوگا، اس سے پاک نفوس پاک مراد ہیں۔ یہ بھی کہا ہے کہ وہ تاج سورج اور چاند کی طرح چمکتا ہوگا۔ یہاں حضورؐ کی حدیث (اَنَا کَالشَّمْسِ وَعَلِیٌ کَالْقَمَر) کی طرف اشارہ ہے اور القمر (علیؑ) کو ہیرے سے تشبیہ دے کر ایک بار پھر آپ کا نام (آلیا ایلیا) بتا دیا ہے اور یہاں تک ظاہر کر دیا ہے کہ ان کی اولاد کے ساتھ سخت ظلم و ستم کئے جائیں گے اور اس نام و نشان تک کو مٹانے کی کوشش کی جائے گی۔ مگر خداوند کریم ایلیا کے نام، کام اور نسل پاک کو قیامت تک باقی رکھے گا

آخر میں بدھ مہاراج کہتے ہیں۔

"خوش نصیب ہوگا جو اس کا اس کے پاک ساتھیوں کا ساتھ دے گا"

یہ فقرہ زیادہ محتاج تشریح نہیں اور اگر وضاحت کی ضرورت ہے تو خود غور فرما کر دیکھ لیجئے۔ نبی اور علیؑ کے "پاک ساتھی" کون ہیں۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ۔








# استمداد

میری غرض واقعات کی تفصیل بیان کرنا نہیں نہ ہی اوراق اس کے متحمل ہو سکتے ہیں لیکن موضوع کی نسبت سے مختصر ذکر کئے بغیر چارہ بھی نہ تھا۔

اِن ہستیوں کی حالت پر غور کرو جو اس دُنیا فانی میں اپنی زندگی کا پورا دور بڑے حزم و احتیاط سے گزارتے ہیں اور اپنے پاکیزہ نفس کو الائش دُنیا سے آغشتہ نہیں کرتے۔ احکام اِلٰہی کی پوری پابندی کرتے ہیں۔ اپنے نفس کو تکلیف میں رکھ کر دوسروں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ قدرت کی طرف سے ان کو نیکوکاری کا جو اجر عظیم ملتا ہے وہ ہمارے تصور سے باہر ہے چونکہ وہ اپنی جانوں کو راہِ خدا میں قربان کرتے ہیں لہٰذا وہ ان کو اس صلہ میں زندہ جاوید بناتا ہے اور یہ آزادی دیتا ہے کہ وہ اپنے جسم مثالی سے جہاں چاہیں چلے جائیں۔ مُقیّد کیا جاتا ہے ان لوگوں کو جو کسی سزا کے مستحق ہوتے ہیں نہ کہ وہ لوگ جنہوں نے دُنیا میں معصومانہ زندگی بسر کی ہو۔

اس اجرِ عظیم کی خبر اس نے پہلے ہی قرآن میں بایں الفاظ دی ہے کہ جو راہِ خدا میں شہید ہوں ان کو مردہ گمان نہ کرو۔ کیونکہ یہ غذائیں اور اللہ کی طرف سے رزق (روحانی) پاتے ہیں۔ اس سے ایسا کھانا پینا مراد نہیں جو اِس

Presented by www.ziaraat.com

دنیا والے کھاتے پیتے ہیں ان کے لئے تو وہ غذا درکار ہے جو جسم مثالی کے لئے مناسب ہے اور وہ غذا جسم مثالی کی محیر العقول قوت ہے جس کا اندازہ ہم نہیں کر سکتے۔ جسم مثالی کو جو رزق خدا کی طرف سے دیا جاتا ہے درحقیقت وہ اس قوت کا نام ہے جو ان کے اعضاء کو بخشی جاتی ہے۔ قدرت کی طرف سے یہ کہنا کہ شہیدان راہ خدا کو مردہ نہ جانو۔ یہی معنی رکھتا ہے کہ عام مردوں کی طرح ان کو ناکارہ اور بے بس وجود نہ سمجھو اور گمان نہ کرو کہ مرنے کے بعد ان میں کوئی قوت باقی نہیں رہی۔ ایسا نہیں ہے۔ ان کا جسم مثالی اب ایک ایسی نئی قوت کا مالک بن جاتا ہے جس کا عام لوگوں سے کوئی تعلق نہیں۔ وہ بے پناہ قوت کے مالک بن جاتے ہیں۔ یہ رزق یعنی غیر محدود قوت کسی وقت ان سے منقطع نہیں ہوتی۔ بلکہ ہر وقت خدا کی طرف سے اس کا نزول ان پہ ہوتا رہتا ہے۔ اس قوت کی بنا پر دُنیا کے تمام حالات سے با خبر رہتے ہیں۔ آنکھوں سے لوگوں کو دیکھتے ہیں، جب ان کو مدد کے لئے پکارتے ہیں تو وہ ان کی آواز سُنتے ہیں اور جب مدد درکار ہوتا ہے تو بجسد مثالی دنیا میں جا کر ان کی مدد کرتے ہیں خواہ وہ گھروں کے اندر رہوں یا قبروں کے اندر۔ دنیا ان کے سامنے ایک کف دست کے برابر ہوتی ہے۔

جسم مادی ایک وقت میں ایک ہی جگہ جا سکتا ہے کیونکہ اس کی قوت محدود ہوتی ہے لیکن شہدائے راہِ خدا کو جو رزق دیا جاتا ہے وہ عالم نور کی پیداوار ہوتا ہے اس کا سمجھنا عقل انسانی کے حدود سے باہر ہے۔

شہید سب برابر نہیں ہوتے ان کے درجات مختلف ہیں اور انہی کے اعتبار سے ان کا رزق مختلف قسم کا ہے۔ شہدا میں سب سے اونچا درجہ معصوم شہدا کا ہے۔ پھر محفوظ عن الخطا کا، پھر علمائے دین کا، پھر زہاد و اتقیا کا۔ ہم جو کچھ لکھ رہے ہیں اس کا تعلق معصوم شہداء سے ہے۔ یہ مرنے کے بعد بھی بقدرت الٰہی لوگوں کی مدد کر سکتے ہیں اور ہر جگہ آجا سکتے ہیں۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں جس کو غلو پر محمول کیا جائے۔ جس خدا نے ملک الموت کو یہ قوت دی ہے کہ وہ ایک وقت میں بے شمار مقامات پہ پہنچ جائے۔ جس نے



شیطان کو یہ طاقت دی ہے کہ لاتعداد انسانوں کو بیک وقت بہکا دے۔ کیا وہ اپنے خاص بندوں کو یہ قوت عطا نہیں کر سکتا۔

محمدؐ و آل محمدؐ کا مرتبہ فرشتوں سے زیادہ ہے وہ محمدؐ و آل محمدؐ کی تعظیم کرنے والوں میں ہیں۔ ان کے آستاں بوس ہیں۔ ان کی قبروں کی زیارت کرنے والوں میں ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ قدرت محمدؐ و آل محمدؐ کو ان بخششوں سے محروم رکھے جو ملائکہ کے لئے ہیں۔ ملک معصوم ضرور ہیں لیکن ان میں وہ اجزاء شامل ہی نہیں جو خلاف عصمت کام کرنے پر مجبور کریں۔ برخلاف محمدؐ و آل محمدؐ کہ انہوں نے تمدن و معاشرہ کے دائرہ میں رہ کر اپنے نفس پر اتنا قابو حاصل کیا کہ چادر طہارت و عصمت کا کوئی تار نہ ٹوٹنے پایا۔ پس شہداء کے لئے جو "عند ربھم یرزقون" آیا ہے اس کے یہی معنی ہیں کہ ان کے نفسوں کو قوتیں دی جاتی ہیں جو اوروں کو حاصل نہیں۔ جتنے نفوس انسانی ہیں ان کے اعمال حسنہ قوت میں ان اعمال حسنہ سے کوئی نسبت نہیں رکھتے جو محمدؐ و آل محمدؐ کے ہیں۔ جس علیؑ کی ایک ضربت عبادت ثقلین سے بہتر ہے۔ کس کی طاقت ہے کہ ان کے اعمال حسنہ کا وزن معلوم کر سکے۔ اگر اللہ تعالیٰ ان اعمال کے صلہ میں ان کے نفس کو اتنی قوت دے کہ وہ ہر جگہ موجود ہو جائیں، ہر ایک کی بات سُن لیں، ہر ایک کی حاجت برآری کے لئے خدا سے سفارش کر دیں تو کیا تعجب کی بات ہے۔

اوروں کا کیا ذکر بحکم خدا رسولؐ نے اپنی مدد کے لئے علیؑ کو پکارا۔ جس کو رسولؐ مدد کے لئے بلائیں اسے ہم کیوں نہ بلائیں۔ ہم ان کے وسیلہ سے درحقیقت خدا سے مدد چاہتے ہیں۔ خدا نے ہم کو وسیلہ بنانے کی اجازت دی ہے۔ اگر خدا کے سوا کسی دوسرے سے طلب اعانت کرنا جائز نہ ہوتا تو یہ کیوں فرماتا۔

واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ

"مدد چاہو روزہ اور نماز کے وسیلے سے۔"

اگر یہ وسیلہ بن سکتی ہیں تو امام معصوم کیوں نہیں بن سکتا۔

ان حضرات کے پاس جو کچھ قوت ہے وہ ذاتی نہیں بلکہ خدا کی دی ہوئی ہے پس ان سے مدد چاہنا درحقیقت خدا ہی سے مدد چاہنا ہے بمصداق

Presented by www.ziaraat.com

## ماتشاؤن الآمن یشاء اللہ

یہ مشیت ایزدی کے خلاف کوئی کرتے ہی نہیں۔ یہ ایسے امور کے لئے کبھی دعا نہیں کرتے جو قضا و قدر کے خلاف ہو۔ ان کے روحانی وقار کو لوگوں کے دلوں میں برقرار رکھنے اور اپنا محبوب بندہ ظاہر کرنے کے لئے اگر ان کے وسیلہ قرار دیا تو کیا تردد ہے۔ ان حضرات نے خدا کی معرفت لوگوں کو کرائی، اس کی توحید کے جھنڈے گاڑے، خدا اور بندوں کے درمیان ٹوٹے رشتے کو جوڑا۔ پس ایسی صورت ان کو اپنی سرکار کا مختار ۔ دیتا ہے تو اس کی رحمت سے کیا بعید ہے۔

سورہ توبہ پارہ دہم۔ ارشاد قدرت ہے:

"اے نبی کفار اور منافقین سے جہاد کرو۔"

یہاں پر صیغہ امر ہے۔ اب اگر رسول اکرمؐ حکم بجالائیں تو جنگ دکھائیں۔

ارشاد احمد مختار ہے:

"میں نے تنزیل قرآن پر جہاد کیا اور علیؑ تاویل قرآن پر جہاد کریں گے۔"

یعنی قرآن مجید میں مجھے جو حکم ملا ہے اس کے دو حصے ہوں گے۔ تنزیل کا تعلق کفار سے ہوا ان سے میری جنگ۔ جبکہ تاویل کا تعلق منافقین سے ہوا۔ ان سے علیؑ کی جنگ۔ جنگ علیؑ کریں گے فریضہ میرا ادا ہوگا۔ تلوار علیؑ کی ہوگی جہاد میرا ہوگا۔ عمل علیؑ میرا فعل ہوگا بلکہ علیؑ میری تکمیل نبوت میں شریک ہوگا۔ کیونکہ اگر علیؑ کی جنگ کو میری جنگ تسلیم نہ کیا جائے تو اس آیت پر عمل تشنہ رہے گا۔

اولنا محمد واوسطنا محمد وآخرنا محمد

وکلنا محمد:

مساوات کی صورت محمدؐ و آل محمدؐ ہیں۔

عظمت اہلبیت کی وضاحت کسی عام آدمی کی زبان سے نہیں بلکہ اُمت مسلمہ کے اس امام کی زبان جس کا فقہ نافذ العمل ہے پیش کر کے مضمون ختم کرتا ہوں۔

ترجمہ:

"اے اہل بیت رسول اللہ آپ کی محبت اللہ تعالیٰ نے تمام امت مسلمہ



پر قرآن مجید میں فرض کر دی ہے اور آپ کی عظمت اور قدر کے لئے یہی کافی ہے کہ جو نماز میں آپ پر درود نہ پڑھے اس کی نماز ہی قبول نہیں۔

شافعیؒ کا یہ قول ابن حجر مکی نے صواعق محرقہ صفحہ ۸۷،
الزرقانی نے شرح المواہب صفحہ ۷،
الحمزادی المالکی نے مشارق الانوار صفحہ ۸۸،
البشراوی نے الاستحاف صفحہ ۲۹ اور
الصبان نے الاسحاف صفحہ ۱۱۹ پر نقل فرمایا ہے۔

---


خزینہ جفر (حصہ دوم)
مصنف: لیاقت اللہ قریشی
اپنی زندگی کے ۵۰ سالہ راز دل کو خلقِ خدا کے لئے عام کرتے ہیں۔
قیمت ۳۵/- روپے اندازاً

حقائق ہمزاد
مصنف: بابر سلطان
تصور ہمزاد
یونان، ہند اور دیگر مذاہب میں ہمزاد کے حقائق و معارف اور تسخیر کے اصول و قوانین مشاہدات و تجربات کی روشنی میں۔
قیمت ۲۵/- روپے اندازاً


Presented by www.ziaraat.com

# اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ

ارشاد رب العزت ہے کہ بے شک اور بالیقین ہم نے کل شے کو پیدا کیا اور اس کل شے کو ہم نے قدر کے ساتھ پیدا کیا۔ صرف اتنا اشارہ کافی ہے کہ جس چیز کو ہم بناتے ہیں بنانے سے پہلے جانتے ہیں کہ کیوں بنا رہے ہیں۔ جب اس کو بناتے ہیں کو غرض خلقت کو ملحوظ رکھ کر۔ پھر اس کی تخلیق میں وہ صلاحیتیں اور قابلیتیں دیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ غرض کو مکمل کر سکے اور پورا کر سکے۔ اور اس میں کوئی غلطی نہیں ہوتی۔

اعلان ہو رہا ہے:

مَا تَرٰى فِي خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ

ترجمہ: تم کبھی نہیں دیکھو گے رحمٰن کی تخلیق میں کسی قسم کا فرق۔

کیونکہ ہم نے جس کو بنایا اس میں عیب نہیں ہو سکتا۔ عیب تو جب ہو جب علم نہ ہو۔ بنانے والا جانتا نہ ہو۔ ہم كُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ بھی ہیں اور كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بھی ہیں۔ اور غرض کو ملحوظ رکھ کر بناتے ہیں تو ہمارے بنائے ہوئے میں عیب نہیں پاؤ گے۔ چیلنج ہے اللہ کا۔ تمہاری ذمہ داری نہیں لیتے کہ تم جس کو بنا لو اس میں عیب نہ ہوگا یہ تو ہم اپنی ذمہ داری پہ کہہ رہے ہیں۔



یہ سن کر صادق آل محمدؐ پہ ایک شخص نے اعتراض کر دیا۔ وہ عرض کرنے لگا یہ اندھے، کانے، لولے لنگڑے اور اپاہج۔ یہ عیب نہیں ہے۔ امام نے فرمایا کہ تم ان لنگڑے، لولے، کانے اور اندھے کو کہتے ہو کہ ان کو اللہ نے بنایا ہے اور ان میں عیب ہے۔ تم عیب کے معنی نہیں سمجھتے۔ عیب کے معنی یہ ہیں کہ جو چیز جس کام کے لئے بنائی ہو وہ اس کام کو پورا نہ کر سکے تو تم نے کبھی سوچا کہ لولے لنگڑے کیوں بنائے۔ ان سے خدا کا رِہدایت و نصیحت لیتا ہے کہ ان کو دیکھ کر لوگوں کو خدا یاد آئے گا اور اس کا شکر ادا کریں گے کہ ہمیں ایسا نہ بنایا۔

سمجھ لیجئے جو غلط کام کرنے والے ہیں ان کے فعل کو قطعًا اپنا فعل نہیں کہے گا کبھی نہیں کہے گا اور جن کے فعل کو اپنا کہہ دے تو ماننا پڑے گا کہ وہ معصوم تھے جن کے افعال کو خدا اپنی طرف نسبت دے کہ اس کا کام میرا کام، اس کا فعل میرا فعل، اس کی اطاعت میری اطاعت، اس کی بیعت میری بیعت، اس کی مخالفت میری مخالفت، اس سے دشمنی مجھ سے دشمنی، اس کی محبت میری محبت قرار دے۔ چونکہ وہ عالم ہے جس کے بارے میں فیصلہ دے گا اس کا قول و فعل میرا قول و فعل ہے۔ اسے معلوم ہے کہ وہ غلطی نہیں کرے گا۔

اللہ نے علیؑ کو پیدا کیا ہی مدد کے لئے۔ ان کی غرض خلقت ہی مدد ہے نبی کے ذریعہ شریعت ملے گی، علیؑ کے ذریعے مدد ملے گی۔ جب انبیاء کو مسائل شرع کی ضرورت ہوتی جتنی جتنی حدیں ان کو نبوت دی گئی وہ مرکز نبوت محمدؐ عربی سے ملی۔ جتنی نبوت ملی اور جتنی جتنی ملی وہ حضورؐ کے ذریعہ سے اور جن جن کو کچھ ولایت کے قطرات نصیب ہوئے وہ علیؑ کے ذریعے سے۔ اور جب انبیاء کو کوئی مصیبت آجائے، کہیں کشتی طوفان میں آجائے یا کسی کو کنوئیں میں ڈال دیا جائے یا کہیں قید میں گرفتار ہو جائے یا کسی کو باتیں کرنا ہوں تو پھر وہ علی کو پکارتا ہے۔

۲۷ رجب شب معراج رسول مقبولؐ ہے جب پروردگار عالم نے اپنے حبیب کو رات کے سناٹے میں راز و نیاز اور اسرار الٰہی مزید سپرد کرنے کے لئے یاد فرمایا۔ ہمارے رسول آخر الزمان کو مقام قاب قوسین او ادنیٰ تک معہ نعلین بلایا۔ اللہ ہی جانے وہ کیا مذاکرات ہوں گے۔ جن احکام پہ عمل درآمد کرانے کے لئے

Presented by www.ziaraat.com

معلم الملکوت جبرئیلؑ جیسے مقرب بارگاہِ احدیث ملک کو بھی باخبر نہ رکھا گیا۔ بیشک اللہ ہر چیز پہ قادر مطلق ہے لیکن زمان و زبان کی قید سے مبرّا تو پھر رسولؑ گم سُم رہنے تو گئے نہیں تھے۔ تجلیات انوار الٰہی سے جہاں جبرئیل کے پر جل جائیں وہاں کس مصلحت کے لئے طلب کیا تھا۔

آیت تو کہتی ہے سرکار دوجہاں تشریف لے گئے آیت اللہ کو دیکھنے گئے عرش لوح قلم آسمان کرسی۔ سب کچھ ان کے سامنے بنا۔ یہ آیتیں قرآن کی ان کے نطق کرنے سے نہیں۔ قرآن کہتا ہے آیت اللہ کو دیکھنے گئے تھے جب دیکھا آیت اللہ کو دیکھا۔ اللہ کو نہیں۔ آیت اللہ کو جب دیکھا:

لَقَدْ رَاٰی مِنْ آیَاتِ رَبِّہِ الْکُبْرٰی۔ سورۂ والنجم

قرآن میں ہے: "مَا زَاغَ وَمَا طَغٰی" آنکھوں نے دیکھنے میں کوئی غلطی نہیں کی۔ صحیح دیکھا اور پہچان گئے۔ مگر خود جب پہنچے اتنی جلدی اور جب دیکھا اس آیت اللہ کو۔ دل میں آسکتی تھی بات کہ میں اتنی جلدی پہنچا تو یہ کیسے پہنچا۔

"مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی"

اور دل نے بھی نہیں جھٹلایا۔ قبول کر لیا۔ قرآن کی تصدیق۔ دل نے بھی مان لیا آنکھ نے بھی پہچان لیا کہ ہے وہی۔ تو تھا کہ؟ اب اس کے لئے لفظ آتے ہیں کہ وہ تھا کہ۔ قرآن بتا رہا ہے کہ اللہ کی آیت کبریٰ کو دیکھا۔ معلوم ہوا آیت اللہ دو قسم کی ہیں۔ آیت کبریٰ، آیت صغریٰ۔ چھوٹی آیتیں معرفت تو کراتی ہیں مگر آیت کبریٰ کے درجہ کی نہیں۔

حضورؐ نے دیکھا کیا آیت کبریٰ کو، سب سے بڑی آیت کو۔ سب سے بڑی آیت اللہ کی حضورؐ خود ہیں کیونکہ آپ سے افضل اور بہتر کون ہے جو معرفت حقیقی خدا کرا دے۔ حضورؐ نے جس کو دیکھا وہ بھی آیت کبریٰ۔ تو اب یوں کہئے کہ آیت کبریٰ نے آیت کبریٰ کو دیکھا۔ جس کو دیکھا آیت اللہ ہے اللہ نہیں۔ کوئی نبی مرسل نہیں، اُمّی نہیں، فرشتہ نہیں۔ یہ تو ہو سکتا ہے کہ جس کی جنس اور آپ کی جنس ایک ہو۔ تو مجھے عالم اسلام بتائے کہ کس نے کہا؟ رسولؐ نے کہا کہ میں اور وہ ایک نور سے ہیں۔ اب منکر بتائے کہ رسولؐ اللہ سے ہمکلام ہونے کے لئے کس کا



انتخاب ہوا۔ اس کا جواب اور تو کچھ نہیں بس اللہ جانے یا اس کا رسولؐ۔ البتہ مرد درویش شاہ شمس الحق پر غالباً القا ہوا ہوگا جو یوں لکھ دیا۔

آں شاہ سرفرانہ کہ اندر شب معراج
با احمد مختار یکے بود علی بود

حدیثیں بتاتی ہیں کہ گفتگو علیؑ کی زبان میں ہوئی (خاطبتک بلسان علیؑ) تو جس زبان سے بول رہا تھا اس کو "لسان اللہ" کہو گے۔ زبان تنہا نہیں ہو سکتی جب تک چہرہ نہ ہو۔ ماننا پڑے گا کہ پردے کے پار (وجہُ اللہ) چہرہ بدصورت ہوتا ہے اگر آنکھیں نہ ہوں تو ماننا پڑے گا کہ "عین اللہ" پردے کے پار تھا۔ چہرے کی خوبصورتی ختم ہو جاتی ہے۔ اگر کان نہ ہوں تو ماننا پڑے گا کہ "اذن اللہ" پردے کے پار تھا اتنا حصّہ ہو نہیں سکتا۔ اگر بازو نہ ہوں تو ماننا پڑے گا کہ "ید اللہ" پردے کے پار تھا۔ بازو ہو نہیں سکتے جب تک پہلو نہ ہو۔ ماننا پڑے گا "جنب اللہ" پردے کے پار تھا اور ترجمانی نہیں ہو سکتی جب تک دل نہ ہو۔ ماننا پڑے گا کہ "نفس اللہ" پردے کے پار بول رہا تھا۔

---

مفاتح الغیب حضور سیدنا صادق
آل محمد علیہ السلام کی تصنیف واقعی خزانۂ غیب کی
کلید ہے۔ ہدیہ: -/۲۰ روپے

خزینہ جفر عظیم و نادر، عربی، عبرانی و سریانی قواعد مستند کا مرقع۔ لیاقت اللہ قریشی
کی علم جفر پر مبتدی حضرات کے لئے ایک نہایت ہی لطیف سنبل کتاب جو آپ کو ہر طرح سے مطمئن کرے گی۔
قیمت: -/۳۵ روپے

Presented by www.ziaraat.com

# وَاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطَانًا نَّصِیۡرًا ۝ ۱۵/۹

(قرآن مجید)

ترجمہ : اور بنا میرے واسطے اپنے پاس سے ایک غالب نصرت والا۔

اے علیؑ! تمہیں خدا نے وہ فضیلت دی ہے کہ اگر میں اُسے بیان کروں تو لوگ تمہاری خاک قدم بطور تبرک اُٹھا کر رکھتے۔

نیابیع المودت

متذکرہ بالا ارشاد رب العزت اور حدیث رسولؐ کے بعد مجھے وہ الفاظ کہاں مل سکتے ہیں جو میرے تاثرات ظاہر کریں۔ جب میں ان کلمات کو پڑھتا ہوں جن کی تشریح میں زبان عاجز ہو کر ٹھہرتی ہے اور عقل حیران ہو جاتی ہے تو میرا قلم لرزہ براندام ہو کر رک جاتا ہے۔ لہٰذا اس موقع پہ میں صرف اپنے عجز اور کوتاہ بیانی کا اعتراف ہی کر لینا اچھا سمجھتا ہوں بہ نسبت قلم اٹھاؤں اور پھر موضوع کا حق ادا نہ کر سکوں۔ کیونکہ میرا تاثر اور قلبی احساس پڑھنے کے موقع پہ میری طاقت اظہار سے بالاتر ہے۔ اگرچہ زبور کے ترانے، تورات کے نغمے، انجیل کے زمزمے، سام وید اور شریمد بھگوت کی پرارتھنائیں، گرنتھ صاحب اور گیتا کی اپاسنائیں اور ژند اوستا میں زردشت کی گاتھائیں اور دوسرے ادیان عالم کے مقدس صحیفوں کی دعائیں بھی اس کی شاہد ہیں لیکن جنگ خیبر درپیش ہے۔ قلعہ قاموس کے سوا اور سب مفتوح ہو



چکے ہیں۔ اس قلعہ کی فتح حاصل نہیں ہو رہی اور بنا بر مشہور فتح کے وعدہ کی معیاد میں ایک دن باقی ہے۔ بانی اسلام حالات دیکھ رہے ہیں۔ وحی جبرائیلؑ کا انتظار ہے اچانک وحی جبرائیل کا نزول ہوتا ہے۔ حکم خدا مل جاتا ہے۔ فوج اسلام فریضۂ مغربین ادا کرنے خدمت رسولؐ خدا میں حاضر ہے۔ آپ اعلان فرماتے ہیں۔ "مسلمانو! مطمئن رہو۔ میں کل علم جنگ اس مرد کو عطا کروں گا جو بار بار حملہ کرنے والا ہے اور غیر فرار ہے وہ خدا تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور رسول اس کو دوست رکھتے ہیں۔ خدا اس کے ہاتھ پہ فتح دے گا۔"

رسولؐ خدا نے بوقت شب بحکم رب ان الفاظ میں آواز دی جو جبرائیل کی زبان سے اس طرح ادا ہوئے۔

نَادِ عَلِیًّا مَظۡهَرَ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ
كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنۡجَلِیۡ بِعَلِیٍّ بِعَلِیٍّ بِعَلِیٍّ بِعَلِیٍّ

یہ دعا نادعلی کے نام سے اسلامی کتب میں موجود ہے۔ چونکہ رسولؐ نے بحکم خدا اپنی مدد کے لئے علیؑ کو آواز دی۔ ندا دی۔ اس لئے حضرت امیرالمومنین علیؑ سے مدد طلب کرنا منصوصی ثبوت ہے۔ سنت رسولؐ خدا کا اور جواز ہے ان سے طلبِ نصرت کا جو کہ (اِیَّاكَ نستعین) کے قطعاً خلاف نہیں۔ کیونکہ بامراللہ اور سنت رسولؐ خدا ہے جس پہ اعتراض کرنا جہالت یا جاحدانہ انکار پہ مبنی ہے۔ چونکہ بغیر وضاحت مضمون زیر عنوان منازل تکمیل طے نہ کر سکتا تھا اس لئے غیر اللہ۔ امر اللہ پہ روشنی ڈالی گئی۔

## غیر اللہ - امر اللہ

| | |
|---|---|
| ضَلَّ مِنۡ مَّعۡبُوۡدٍ غَیۡرِ اللّٰهِ | ضَلَّ مِنۡ سَجُوۡدٍ غَیۡرِ اللّٰهِ |
| لَا عِبَادَةَ اِلَّا اللّٰهِ | وَلَا سَجۡدَةَ اِلَّا اللّٰهِ |

پس خداوند عالم کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔ غیر اللہ کی عبادت حرام

Presented by www.ziaraat.com

اور غیر اللہ کو سجدہ کرنا حرام۔ (ایسا عمل کرنے والا فرد ضرور کافر و مشرک ہوگا اور ہو جاتا ہے) لیکن خداوند عالم فرماتا ہے۔

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَ نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۱۴/۳۳

"جب تیرے رب نے ملائکہ سے فرمایا کہ میں مٹی سے ایک بشر کو خلق کرنے والا ہوں۔ پس میں جب اس کو درست اور ٹھیک بنا کر اس میں اپنی روح میں سے پھونک دوں تو تم فوراً اس کے لئے سجدہ کرنا۔"

پس آیت سے ثابت ہے کہ خداوند عالم نے ملائکہ سے آدم کو سجدہ کرایا۔ غور کریں ملائکہ نے خلافت آدم پہ اعتراض کیا تھا مگر سجدہ پہ کوئی اعتراض نہیں کیا۔ اس لئے کہ ملائکہ نے سجود کو نہیں دیکھا بلکہ امر الٰہیہ کو دیکھا با امر خدا فوراً مستعد ہو گئے۔ لیکن عزازیل سوچ رہا تھا کہ یہ تو غیر اللہ کے سجدہ کی تیاری کر رہے ہیں میں تو غیر اللہ کو سجدہ نہ کروں گا کہ خدا نے غیر اللہ کے سجدہ کو حرام قرار دیا ہوا ہے یہ کرتے ہیں تو کرتے رہیں میں تو اس خطا کا ہرگز شکار نہ بنوں گا۔ وہ غیر اللہ کو سجدہ کے جواز و ناجواز کو ہی سوچتا رہا۔ ملائکہ کے ساتھ سجدہ آدم میں شامل نہ ہو سکا۔ اپنے اس خیال کو وہ ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ

اس نے کہا اے رب جس طرح تو نے مجھے گمراہ کیا (کہ غیر اللہ کو سجدہ حرام قرار دے کر پھر عمل کرا رہا ہے) پھر کہا:

قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا : ۱۵/۷

وہ کہنے لگا میں اس کو سجدہ کروں جس کو تو نے مٹی سے خلق کیا۔ پس شیطان اپنی رائے اجتہادی کی خطا میں پھنس گیا۔ وہ ایک طرف آدم کو غیر اللہ سمجھ رہا تھا اور ظاہر ہے کہ آدم غیر اللہ ہی تھا۔ اللہ نہ تھا اور دوسری طرف وہ اس رائے میں پھنس گیا کہ مٹی کے بنے ہوئے جسم کو کس طرح سجدہ کروں۔ یہ بھی اس کا قیاس ظاہریت پہ مبنی تھا کہ آدم کا ظاہری وجود مٹی کا ہی تھا لیکن اس کی اس اجتہادی د



قیاسی رائے کو کفر میں کس نے داخل کیا۔ وہ کافر کیوں کہلایا حالانکہ اس نے اپنے عمل نہ کرنے کی دو وجہیں پیش کر دی تھیں۔ ایک غیر اللہ کے سجدہ کا حرام ہونا اور دوسرا مٹی کے پتلے یعنی بشر کو اعلیٰ ماننا۔ لیکن ان دونوں امروں میں اس نے حکمِ خدا کی طرف خیال نہ کیا۔ اس لئے خدا نے فرمایا:

فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ

"پس اس نے اپنے رب کے امر میں فسق کیا۔"

وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِيْنَ ۝ ۱۵/۷

"اور کافروں میں سے ہو گیا۔"

الغرض آدم کے سجدہ کو غیر اللہ میں داخل کرنے کا جواز اس ابلیس نے پیدا کیا اسی وجہ سے اس کو ابلیس بھی کہا گیا۔ حالانکہ ظاہر ہے کہ ملائکہ جو ابلیس سے زیادہ عالم اور خدا کے فرمانبردار اور وحدت کے پرستار تھے اور غیر اللہ سے بیزار اور پرہیزگار تھے اور جن کے حق میں (لَا يَعْصُوْنَ بِاَمْرِ اللّٰهِ) عصمت کی نص قرآنی موجود ہے۔

انہوں نے نفخ روح کی تکمیل پہ فوراً سجدہ کر دیا تھا۔ صرف حکم ربّ العزت کو دیکھا۔ الغرض کوئی ایسا امر نہیں تھا جو غیر اللہ کی طرف منسوب کیا جا سکے۔ لیکن یہ دیکھنا مقصود ہے کہ غیر اللہ کی حد کیا ہے کہاں پہ ہم عمل کرنے میں غیر اللہ کی حدود میں داخل ہو جاتے ہیں اور کون سے امور ہیں جو ہمیں غیر اللہ میں داخل کر دیتے ہیں اور وہ کونسے امور ہیں جو ہمیں من اللہ یا فی اللہ یا باللہ یا الی اللہ میں داخل کر دیتے ہیں۔

آخری مثال کو دے کر اصل مضمون کی طرف آتا ہوں۔

عمل ذبحہ کو دیکھئے کہ جانور حلال ہے اس کو ذبح کرنا جائز ہے اور اس کو ذبح کرتے وقت خدا کا نام لینا فرض ہے لیکن با حالت اختیاری اگر رو بہ قبلہ ذبح نہ کیا جائے تو مذبوحہ حرام ہو جائے گا۔ جانور حلال تھا، ذبح کرنے والا مسلمان تھا خدا کا نام لے کر ذبح کیا تھا۔ شرائط ذبح سب درست اور ٹھیک تھیں صرف رو بہ قبلہ نہ ہونے سے وہ ذبیحہ حرام ہو گیا۔ اس مقام پہ قبلہ کو غیر اللہ میں داخل

Presented by www.ziaraat.com

کیا جائے تو ارتکاب کفر ہوگا۔ اگرچہ قبلہ خدا نہیں ہے لیکن بامر اللہ میں داخل ہے
لہٰذا قبلہ غیر اللہ ہو کر بھی غیر اللہ نہیں ہے جب تک قبلہ کو بامر اللہ و باللہ و
من اللہ تسلیم کر کے عمل نہ کرو گے مذبوحہ حلال نہ ہوگا:

واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا ۱۵/۹

"اور بنا میرے واسطے اپنے پاس سے اپنی طرف سے ایک
غالب مددگار۔"

پس اس حکم سے رسولؐ پر لازم اور فرض ہوگیا اور واجب ہوگیا کہ وہ
خداوند عالم سے ایک غالب مددگار کی دعا کریں، خدا سے طلب کریں اور وہ
مددگار خدا کی طرف سے ہو جس کی مدد عین اللہ کی مدد ہو۔ غیر اللہ کی مدد میں
داخل نہ ہو۔ رسولؐ نے بامر خدا تعالیٰ خدا سے دعا کی اور خدا نے حسب امر اور
وعدہ اپنی طرف سے ایک غالب نصیر مددگار آپ کو عطا فرمایا۔ وہ کون غالب
مددگار آپ کو عطا فرمایا گیا۔ رسولؐ کا فرمان دیکھنا ہے یا پھر سلطان نصیر کا
اعلان اور دعویٰ دیکھنا ہے۔ رسولؐ فرماتے ہیں:

یا علی انت نصرت الانبیاء سراً و نصرتنی جهراً

"یا علی تو نے تمام انبیاء کی پوشیدہ رہ کر نصرت کی اور میری نصرت
تو نے ظاہراً کی۔"

اس کے ساتھ فرمایا:

و نور علی محیط بالقدرة

"اور نور علی خدا کی قدرت پر محیط ہوگیا" (حدیث نور)

یعنی خدا تعالیٰ کی قدرت کا متحمل ہو کر اس کی قدرت کا دائمی مظہر بن گیا جب
بھی خدا کی قدرت کا اظہار ہوگیا وہ علیؑ کے وجود اقدس سے ہی ہوگا اور ہوتا رہا
ہے اس واسطے جناب علیؑ خود فرماتے ہیں:

"میں نے تمام انبیاء کی پوشیدہ رہ کر نصرت کی اور محمدؐ کی نصرت ظاہر ہو
کر کی۔" پس حضرت امیر المومنین علیؑ ہی ناصر الکل ماسوی اللہ ہیں لہٰذا العلی
سلطانا نصیراً ہیں ان کے سوا اور کوئی سلطان نصیر نہیں ہے اور انہوں نے



ہی تمام عوالم کی مخلوق کی مدد کی ہے اور کرتے ہیں اور کریں گے۔ یہ عہدہ ان کا دائمی اور
ابدی ہے جو ختم ہونے والا نہیں اور خدا کی ساری کتابیں اس کی شاہد و مبین ہیں۔
آپ کی نصرت سے کوئی زمانہ اور کوئی قوم اور کوئی فرد خالی نہیں ہے۔ لغات مختلفہ
کے تحت نام ضرور بدلے گئے ہیں مگر حقیقت وہی ایک ہی ہوتی اور رہتی ہے۔
وہ نہیں بدلتی۔ آپ سے نصرت طلب کرنے والوں نے نام ضرور بدلے مگر اصلی
نصرت سلطاناً نصیراً کا وجود نہیں بدلا جا سکتا وہ وہی رہتا ہے۔

حدیث قدسی میں مذکور ہے کہ خداوند عالم نے فرمایا ہے:

كُنْتُ كَنْزاً مَخْفِيًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ خَلْقًا

"میں ایک مخفی خزانہ تھا پس مجھے محبوب ہوا پسند ہوا کہ میں پہچانا جاؤں،
پس میں نے پیدا کیا خلق کیا خلق کو۔"

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۲۶/۲

"اور نہیں خلق کیا ہم نے جنوں اور انسانوں کو مگر واسطے عبادت کے۔"

غرض خلقت جنّ و انس محض عبادت۔ عبادت بغیر معرفت نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا
معرفت عبادت کا جزو لازمی۔ بلا معرفت عبادت بے کار اور عبث۔ اسی لئے معصوم
علیہ السلام نے فرمایا ہے:

الا لیعبدون ای یعرفون

"یعنی لیعبدون سے مراد یعرفون ہے۔"

معرفت خدا عبادت خدا سے ثابت مقدم ہونے پر۔ آیت و حدیث قدسی کے
مضمون کے درمیان وحدت ثابت ہوگئی اور یہ بھی ثابت ہے کہ قادر مطلق نے
جس وجود اقدس کو اپنی معرفت تامہ یعنی پوری معرفت کے لئے سب سے اول خلق
فرمایا اس کو اپنی معرفت کی تکمیل کے آخری درجہ پر خلق فرمایا تھا کیونکہ علت خلق ہی
معرفت ہے جس کے بعد عارف و معروف، عابد و معبود، حامد و محمود اور مقرب
(جس کا قرب حاصل کیا جائے) کے درمیان کوئی حدِّ فاصل نہ تھی اور خدا نے اپنی
معرفت کرانے کے لئے اپنے اوصاف پر خلق کیا اور رب العزت کے اوصاف کمالیہ
میں لامکانیت بھی ہے۔ لہٰذا اس نے اپنی خلق کو ہر شے سے قبل خلق فرما کر ثابت

Presented by www.ziaraat.com

کر دیا کہ یہ سب سے اوّل میری صفت لامکانی کے مظہر ہیں۔ ہماری کیا بساط کہ ہم اپنے خیال سے ان کے لئے کسی بلندی اور پستی کا ذکر کریں۔ جب تک یہ خود نہ ارشاد فرمائیں اور ہماری ہدایت و رہبری نہ کریں۔ اسی طرح ہماری کیا مجال کہ ان کی فرمائشات و ہدایات کی تصدیق نہ کریں اور سرِ تسلیم و رضا ان کے قدموں پر نہ رکھیں۔ ان کے کسی فرمان کو سمجھنا ہماری قابلیت یا کہ تقدس پر یا کہ عقل کی پرواز پر منحصر نہیں۔ یہ تو محض ان کی عنایت اور خداوند عالم کی رحمت و فضل و کرم پر منحصر ہے مذکورہ بالا بیان پر ارشاد فرمایا گیا ہے (ترجمہ: کوکب دُرّی)

رسولؐ خدا فرماتے ہیں کہ "خدا کو میرے اور علیؑ کے سوا کسی نے نہیں پہچانا اور مجھ کو خدا اور علیؑ کے سوا کسی نے نہیں پہچانا اور علیؑ کو خدا اور میرے سوا کسی نے نہیں پہچانا"

جو کچھ اب تک عرض کیا گیا ہے اور جو آیات و احادیث پیش کی گئی ہیں ان کی تائید میں ایک حدیث رسولؐ کا حصّہ بقدر مناسبت مضمون پیش کر کے اپنے سفر مضمون سے سبکدوش ہونے کی سعی کرتا ہوں:

**ھفتم بحارالانوار علامہ مجلسی - کشف الاسرار**

**علامہ محمد سبطین سرسوی**

ترجمہ: جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو شے سب سے اوّل خلق فرمائی وہ میرا نور ہے جس کی ابتدا اپنے نور سے کی جس کو اس نے اپنے جلال عظمت سے خلق فرمایا پس وہ نور خطیرہ قدس کے گرد طواف کرنے لگا یہاں تک کہ اسّی ہزار سال الوہیت میں جلال عظمت تک پہنچ گیا پھر خدا کا سجدہ تعظیمی ادا کیا پس خدا نے اس نور سے علیؑ کا نور نکالا، جُدا کیا۔ پس میرا نور تو عظمت الہیہ کو محیط ہو گیا اور نور علی علیہ السلام قدرت الہیہ کو محیط ہو گیا۔

عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اور زبانیں تو بجائے خود فصیح ترین زبان عربی بھی حقیقت واقعہ کو اظہار کرنے سے قاصر ہے اور ہونی چاہئیں کیونکہ نہ بانیں بھی مخلوق ہیں اور وہ فعل الہیہ کے اظہار پر قدرت نہیں رکھتیں اور نہ ہی ذہن مخلوق



میں اتنی پرواز ہے کہ وہ فعل الہیہ کی حقیقت واقعہ کو الفاظ کے پردوں سے علیحدہ ہو کر معلوم کر سکے۔

# سلطان نصیر کا اعلان

البرھان جلد نمبر ۱۴

معرفتہ الائمہ بالنورانیہ از مولوی نبی بخش صاحب مرحوم مشہدی بحارالانوار ہفتم۔ روایت محمد بن صدقہ سے بخوف طوالت بقدر ضرورت لیا گیا۔

ترجمہ بزبان اردو درج ذیل ہے۔

........ اے سلیمان و جندب۔ ہو گئے محمدؐ وہ ذکر جس کو خدا نے بیان فرمایا ہے کہ نازل کیا ہے اللہ نے تمہاری طرف ذکر کو جو رسول ہے پس تم پر آیات خدا کو پڑھتا ہے۔ بالتحقیق دیا گیا ہے مجھ کو علم منایا اور بلایا یعنی مخلوقات اور ان کے فیصلے اور سونپا گیا ہے مجھ کو قرآن پاک کا علم اور ان تمام چیزوں کا جو قیامت تک ہونے والی ہیں اور محمدؐ نے حجت خدا کو مخلوق پر قائم کیا اور میں خود حجت خدا ہوں اس کی تمام مخلوقات میں اور مجھ کو خدائے منان نے وہ کچھ دیا ہے جو اور کسی کو اولین اور آخرین میں سے نہیں دیا۔ نہ کسی نبی مرسل کو اور نہ کسی ملک مقرب کو۔

اے سلیمان والے جندب: ہم نے کہا لبیک یا امیر المومنینؑ۔ پس فرمایا آگاہ رہو۔ میں نے نوحؑ کو کشتی میں سوار کیا اپنے پروردگار کے حکم سے یعنی اس طوفان سے بچایا اور میں نے یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے زندہ اور سلامت نکالا اپنے رب کے حکم سے اور میں نے موسیٰؑ کو دریا کے پار اتارا اور فرعون کو اس میں غرق کیا اپنے رب کے حکم سے اور میں نے ابراہیمؑ کو نمرود کی آگ سے صحیح و سلامت نکالا اپنے رب کے حکم سے۔ روئے زمین پر ندی نالے اور دریا جاری کئے اور پہاڑوں سے چشمے جاری کئے اپنے رب کے حکم سے اور زمین پر ہر طرح کے درخت لگائے اپنے رب کے حکم سے اور وہ میں ہی ہوں جس نے قوم رس پر آسمان سے آگ برسائی اور میں ہی ندا کروں گا جس کو کل جن و انس اس طرح سنیں گے کہ کوئی شخص ان کے پاس کھڑا ہے

Presented by www.ziaraat.com

جو ندا کر رہا ہے جس کو سن کر سب ہی سمجھیں گے اور میں تمام جباروں اور منافقوں کی زبان جانتا ہوں اور سنتا ہوں اور میں وہ خضر ہوں جس سے موسیٰؑ تعلیم پانے کو گئے تھے (نہ وہ خضر جو بادشاہ کا فرزند تھا اور آج تک زندہ ہے) اور میں ہی سلیمانؑ بن داؤدؑ کو تعلیم دینے والا ہوں اور میں ذوالقرنین ہوں اور میں ہی خداوند ذوالجلال کی قدرت ہوں یعنی میں ہی خداوند جلیل کی قدرت کا مظہر ہوں۔ عالم حدوث میں جب بھی خدا کی قدرت ظاہر ہوئی ہے وہ میرے ہی ہاتھوں سے اور میری ہی زبان سے ظاہر ہوئی ہے ........

اے سلیمان و جندب: ہم نے عرض کی لبیک یا امیر المومنین خدا کی طرف سے آپ پر صلوٰۃ و سلام ہو۔ فرمایا کہ آگاہ رہو کہ خدائے منان نے ہم کو اس سے کہیں زیادہ چیزیں عطا کی ہیں۔ ہم نے عرض کیا کہ امیر المومنینؑ۔ وہ کیا چیز ہے جو خدا نے آپ کو عطا کی ہے کہ وہ ان سب سے اعظم و اجل ہے۔ فرمایا بالتحقیق وہ عطیہ ہمارے پروردگار کا یہ ہے کہ اس نے ہمیں اسمِ اعظم کی تعلیم دی ہے۔ اس اسمِ اعظم کی قوت و اثر سے اگر ہم چاہیں تو زمین و آسمان و جنت و نار کو شگافتہ کریں اور عروج کریں اس کے ذریعہ سے آسمانوں پر اور نازل ہوں زمین پر اور مشرق و مغرب میں جائیں اور اس کے ذریعہ سے عرش پر پہنچیں، اس کے سامنے عرش پر بیٹھیں خدا کے حضور میں اور عالم امکان کی ہر شے ہماری اطاعت کرے حتیٰ کہ آسمان اور زمین اور شمس و قمر اور سیارے اور پہاڑ اور درخت اور حیوانات، دریا اور جنت اور دوزخ وغیرہ سب کچھ خداوند عالم نے ہم کو اسمِ اعظم کی تعلیم سے عطا فرمایا ہے جو خاص ہم کو ہی تعلیم فرمایا ہے اور محض ہمارے ساتھ ہی مخصوص فرمایا ہے۔ باوجود ان تمام باتوں کے ہم کھاتے ہیں، پیتے ہیں اور بازاروں میں چلتے پھرتے ہیں اور ان تمام چیزوں کو ہم اپنے رب کے حکم سے کرتے ہیں اور ہم ہی وہ بندگان خدا مکرم و معزز ہیں جو اپنے قول و فعل سے ہرگز اس پر سبقت نہیں کرتے اور محض اس کے امر کی اطاعت کرتے ہیں ......

مختصر حوالہ جات کے لئے مجھے صعب اور مشکل و دشوار سفر طے کرنا پڑا جس کے لئے ایسے سنگلاخ مقاموں سے بھی گزرنا پڑا ہے کہ اگر ذرا بھر اوپر نیچے حرکت ہو جائے تو جہنم کی گہری کھائی میں گرنے کا خوف تھا۔ بلندی میں انوار وحدت واجب الوجود سے



جلنے کا خوف تھا اور پستی میں اس کے اوصاف جمالیہ کمالیہ جلالیہ کلیہ کے مظاہرین کے انوار سے جلنے کا خوف تھا۔

اب میں محور و مرکز مضمون کی طرف گامزن ہوتا ہوں۔ کوئی بات کہہ دینی تو آسان ہے مگر واقعات کی کڑیاں ملانے اور تحقیقات سے سو فیصدی ثابت کرنا بہت کٹھن کام ہوتا ہے۔ بشریت کو پیش نظر رکھنے والوں کے پاس وہ معیار کہاں جس سے ان ہستیوں کے انسانی فضائل کی جانچ پڑتال صحیح ہو سکے۔ اس تمام ابتدائیہ کے بعد اصل مضمون کی طرف لوٹتا ہوں۔

## کشتی نوحؑ

حضرت نوحؑ قوم کو سینکڑوں برس دعوت دیتے رہے اِنِّی لَکُم نَذِیرٌ مُّبِین۔ لوگو! میں تمہیں ڈرانے اور آخرت کا خوف دلانے آیا ہوں۔ اِنِ اعْبُدُونِی وَاتَّقُوہُ پس اللہ تعالیٰ کی بندگی کرو اور اس سے ڈر کر صحیح پرہیزگار بن جاؤ۔ قوم خدائی پیغام و خدائی وعید کا اثر قبول کرنے کی بجائے اُلٹا تمسخر کرتی ہے۔ آپ نے رَبِّ لَا تَذَر کے مہیب الفاظ میں بد دعا کی کہ الٰہی ایسا طوفان نازل کر اور ایسے سیلاب کو مہین کا جامہ پہنا کہ ان کافروں سے ایک بھی بچ کر نہ نکل سکے۔ آپ بڑی تیزی سے کشتی بنانے میں مصروف ہیں، تختیاں جوڑتے ہیں میخیں لگاتے اور کبھی آہ و زاری بھی کرتے ہیں اور آنسو پونچھتے ہوئے دعا کرتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِی بِرَحْمَتِکَ

خداوندا! اپنی رحمت سے مجھے محفوظ رکھ۔

اَللّٰھُمَّ نَجِّنِی وَعَافِنِی

الٰہی! مجھے نجات دے اور عافیت بخش۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِی اَبْوَابَ فَضْلِکَ

اے اللہ! میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

Presented by www.ziaraat.com

بِوَسِیْلَۃِ نَبِیِّكَ الْاٰخِرُ

اپنے آخری نبی کے وسیلہ سے۔

بِوَسِیْلَۃِ اِمَامِكَ الْاَوَّلُ

اپنے پہلے امام کے وسیلہ سے

اِسْمُہٗ الْاَعْظَمُ اِیْلِیَا

جس کا بزرگ نام ایلیا ہے

بِوَسِیْلَۃِ سَیِّدَۃِ الْعَالِمِیْن

اور دونوں جہاں کی سردار کے وسیلہ سے۔

بِوَسِیْلَۃِ الشَّھِیْدِیْنِ

دونوں شہیدوں کے وسیلے سے۔

بِوَسِیْلَۃِ ھِیَ الْمَعْصُوْمِ تَجَرَّحُ عُنُقَہٗ بِالرَّمِی

اس معصوم بچے کے وسیلے سے جس کی گردن تیر سے زخمی کی جائے گی۔

بِوَسِیْلَۃِ مُطَھَّرَۃٌ لَاثَوْبَ لَھَا لِرَاسِھَا

اس پاک بی بی کے وسیلہ سے جس کے سر پہ کوئی کپڑا نہ رہے گا۔

بِوَسِیْلَۃِ جَمِیْعُ مَعْصُوْمِیْنَ الْمَظْلُوْمِیْنَ

تمام معصوموں اور مظلوموں اور پاک ہستیوں کے وسیلے سے۔

(مراۃ الدقیق فی تحقیق العتیق مؤلفہ محمد فدیہ العلوی ۔ اعجاز الانبیاء مصنفہ سرمدی مطبوعہ ایران، کتاب الآثار الغریبیہ ۔ مصنفہ ابو الفتح زنجانی، اخبار الآثار مطبوعہ مصر، سیدۃ المرسلین مؤلفہ محمد کبیر خان شیرازی)

ایک مکان میں تنور جل رہا ہے۔ تنور زور سے پھٹتا ہے اور پانی کا ایک دھارا شدت سے پھوٹ کر بہنے لگتا ہے۔ حق کی غیرت جوش میں آچکی ہے سیلاب دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے۔ مخلوق ڈوبتی جا رہی ہے اور نوح ع : یَا رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ یَا مُحَمَّدُ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ ۔ یَا اَیْلِیْ اِمَامُ الدَّارَیْن کہہ کہہ کر کشتی میں اپنے رفقائے خاص کو ساتھ سوار کر رہے ہیں۔ حضرت نوح علیہ السلام کی



کشتی عالم عصیان و عدوان اور اس کی عبرتناک سزا یابیوں کے مناظر دیکھتی ہوئی بالآخر وقت معینہ میں ایک خاص مقام پہ پہنچتی ہے۔ اللہ کا نبی اپنے ساتھیوں سمیت کشتی سے اترا۔ اس نے تشکر و امتنان کے طور پہ نفل ادا کئے اور حمد وثنا کہتا ہوا یوں لب کشا ہوا۔ (منقول از جواہر الادعیہ مطبوعہ نولکشور ۱۸۹۹ء تاریخ عالم از سجاد یزدانی مطبوعہ بمبئی ۱۹۱۳ء)

اِنِّیْ اَحَامِدَ اَللّٰھُمَّ لَاتَعُد

الٰہی ! میں تیری بے حساب تعریف کرتا ہوں۔

اِنِّیْ اَشْکُرُكَ رَبِّیْ لَاعَدَدَ

پروردگار ! تیرا بے شمار شکر ہے۔

اَحْفَظْیَتَ بِعَذَابِ الْاَشَد

تونے مجھے سخت عذاب سے بچاؤ۔

وَالشُّکْرُ لِرَسُوْلِكَ الْاَحْمَدُ

اور تیرے رسول احمد کا بھی شکر گزار ہوں۔

وَالْاِیْلِیَاءِ مَنْ اَسْتَمَدَدُ

اور اس ایلیا کا بھی شکریہ جس نے مدد فرمائی۔

مَنْ فِیْ بَیْتِكَ تَوَلَّدُ

وہی ایلیا جو تیرے گھر میں جنم لے گا۔

وَبِنْتِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٌ

اور تیرے نبی محمدؐ کی بیٹی کا بھی شکریہ۔

وَاَبْنَاھُمَا مِنْ اَمْدَادِ

اور اس کے دونوں بیٹوں کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے میری امداد کی۔

اس واقعہ کو سینکڑوں نہیں ہزاروں برس بیت گئے کسی کو یاد بھی نہیں رہا کہ نوح ع کی کشتی کہاں ٹھہری تھی ؛ قاف کہاں ہے ؟ اور جودی کہاں ہے ؟ مگر وہ قادر قدیر جس نے اپنے محبوب کو وَرَفَعْنَا لَكَ ذِکْرَكَ کی بشارت دے کر اہل عالم کو آگاہ کر دیا ہے کہ محمدؐ و آل محمدؐ کا اسم معظم ہمیشہ بلند ہوتا

Presented by www.ziaraat.com

رہے گا۔ اور اس کا ذکر اقدس کسی نہ کسی صورت زبان پہ آتا رہے گا۔ اور اسی مسبب الاسباب نے ایسے سامان پیدا کر دیئے کہ نفوسِ قدسیہ کے اسمائے گرامی ایک دفعہ پھر اپنے اعجاز و کرامات اور اپنی رفعت و علویت کے ساتھ اُبھریں اور اسی ملک میں اُبھریں جو ہستی باری تعالیٰ کا منکر ہو۔ ان زبانوں پہ ان کا ذکر پاک ہوا جو اپنے خالق کا نام لینے سے بھی عاری ہے۔

## تخصیص اہلبیت

جب کشتی نوحؑ تیر رہی تھی اور پانی کے تھپیڑے بلند ہو کر دنیا اور اس کی معاصی مخلوق کی غرقابی کا تماشہ دیکھ رہے تھے کہ اہل بیت کا مسئلہ سامنے آگیا خداوند عادل نے اپنے نوحؑ نبی سے وعدہ فرمایا تھا کہ میں تیرے اہل کو بچاؤں گا ایک مقام پہ کوئی انسانی سر پانی سے اُبھرا اور دردناک چیخ کے ساتھ آواز آئی ابا جان مجھے بچا لیجئے۔ شفقت پدری غالب آئی۔ نوحؑ نے بیٹے کا بازو پکڑنے کے لئے ہاتھ بڑھایا ہی تھا کہ حکم الٰہی نے وہیں کا وہیں روک دیا۔ یہ کہہ کر کہ اے نوحؑ! خبردار اسے مت پکڑ یہ تیرے اہلبیت میں سے نہیں ہے۔ بکمبخت عمر بھر تیری تکفیر و تکذیب کرتا رہا اور تجھ سے اور تیرے رفیقوں سے دشمنی رکھتا رہا۔ اب کہتا ہے مجھے بچا لو۔ دیکھ تیرے اہل وہ اور صرف وہ ہیں جو کشتی میں تیرے ساتھ ہیں۔ اور جو ابتدا سے ہی تیرے تربیت یافتہ اور سچے اطاعت گزار آرہے ہیں۔ ذوی القربیٰ کی ایک شرط یُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا بھی تو تھی۔ اسی لئے پیغمبر اعظم محمدؐ نے یہ فرمایا۔ میرے اہل بیت کی شان کشتی کی مانند یعنی کشتی نوحؑ کی مانند ہے کہ جو اس میں سوار ہوا اور کما حقہٗ اطاعت کی نجات پا گیا۔

## کشتی نوحؑ اور ایک لوح

۱۹۵۱ء کی جولائی میں روسی ماہرین آثار قدیمہ کی ایک ٹولی وادی قاف میں دیکھ بھال اور غالباً کسی نئی کان کی تلاش میں مصروف تھی۔ ایک مقام پہ اسے لکڑی کے بوسیدہ سے ٹکڑے نظر آئے۔ گروپ آفیسر نے اس جگہ کو کریدنا شروع



کیا تو معلوم ہوا کہ بہت سی لکڑیاں منجمد گلاخ زمین میں دبی ہوئی ہیں۔ ماہرین نے چند سطحی علامات سے اندازہ کیا کہ یہ لکڑیاں کوئی غیر معمولی اور پوشیدہ راز اپنے اندر رکھتی ہیں۔ انہوں نے اس مقام کی کھدائی نہایت توجہ سے کرائی۔ بہت سی لکڑیاں اور کچھ دیگر اہم اشیاء برآمد ہوئیں۔ لکڑی کی ایک مستطیل نما تختی بھی دستیاب ہوئی مگر ماہرین یہ دیکھ کر حیران ہوئے کہ باقی لکڑیاں تو بوسیدگی و کہنگی اختیار کر چکی ہیں لیکن چودہ انچ طول اور دس انچ عرض رکھنے والی یہ تختی امتدادی تغیرات سے محفوظ ہے اور خفیف ارضی اثرات قبول کرنے کے سوا اس میں خستگی پیدا نہیں ہوئی ۱۹۵۲ء کے اخیر میں ماہرین نے اپنی تحقیقات کو لباس تکمیل پہنا کر یہ انکشاف کیا کہ مذکورہ لکڑی حضرت نوحؑ کی اس معروف کشتی سے تعلق رکھتی ہے جو کوہ قاف کی ایک چوٹی (وجودی) پہ آکر ٹھہری تھی۔ اور یہ تختی بھی جس پہ کسی قدیم ترین زبان میں چند حروف کندہ ہیں اس کشتی میں لگی ہوئی تھی (جدید ماہرین آثار قدیمہ اور مؤرخین اور مصنفین نے بہ دلائل واضح کیا ہے کہ مشہور تصوراتی "پرستان" کوہ قاف روس میں واقع ہے اور اس کا ایک بلند ترین حصہ وجودی کہلاتا ہے)

روس کی تحقیقات اور جدید ترین انکشاف اجمال یہ ہے جب یہ تحقیق ہو چکی کہ قاف سے برآمد ہونے والی لکڑیاں واقعی کشتی نوحؑ کی ہیں تو اب یہ امر تشنہ تدقیق رہ گیا کہ پراسرار چوبی تختی اور اس پہ لکھے ہوئے حروف کی حقیقت کیا ہے؟ روس کی سوویت حکومت کے زیر اہتمام اس کے ریسرچنگ ڈیپارٹمنٹ نے مذکورہ تختی کی تحقیق کے لئے ماہرین آثار کا ایک بورڈ قائم کیا ہے جس نے ۲۷ فروری ۱۹۵۳ء میں اپنا کام شروع کر دیا۔

اس بورڈ کے اراکین مندرجہ ذیل تھے۔

۱۔ سولے نوف پروفیسر ماسکو یونیورسٹی شعبہ لسانیات

۲۔ ایفاہان خینو۔ ماہر السنہ قدیمہ۔ لولوہان کالج چائنہ

۳۔ میشانن۔ لو۔ فارن افیسر اعلیٰ آثار قدیمہ

۴۔ تانمول گورف۔ استاد لسانیات۔ کیفز د کالج

۵۔ ڈی راکن۔ ماہر آثار قدیمہ۔ پروفیسر لائینین انسٹی ٹیوٹ

Presented by www.ziaraat.com

۶۔ ایم۔ احمد۔ کولاڈ۔ ناظم زٹکومن ریسرچ الیوسی ایشن

۷۔ میجر کولٹوف۔ نگران دفتر تحقیقات متعلقہ اسٹالن کالج

چنانچہ ساتوں ماہرین نے اپنی تحقیقات پر پورے آٹھ مہینے صرف کئے اور اس پراسرار تختی سے متعلق یہ انکشاف کیا کہ جس لکڑی سے نوح ؑ کی کشتی تیار ہوئی تھی اسی لکڑی سے یہ تختی بھی بنائی گئی اور نوح ؑ نے اس کو اپنی کشتی میں تبرک اور تقدس کے طور پر حصول امن و عافیت اور ازدیاد برکت و رحمت کے لئے لگایا تھا۔ موصوف تختی کے درمیان ایک پنجہ نما تصویر ہے جس پر قدیم سامانی زبان میں ایک مختصر سی عبارت اور کچھ متبرک نام مرقوم ہیں۔

(زمانہ نوح ؑ میں اور اس کے بعد کے چند ازمنہ میں جو زبانیں رائج تھیں ان کو سامی یا سامانی زبانیں کہا جاتا ہے۔ چنانچہ عبرانی، سریانی، قیہانی، قبطی اور عربی وغیرہ سامانی کی ہی شاخیں ہیں۔ جناب آدم ثانی نوح ؑ کی اولادیں اور ان کے رفقاء کی نسلیں جہاں جہاں آباد ہوئیں۔ وہاں نئی زبانوں نے معمولی تصرف و تخلف کے ساتھ نیا روپ دھارا اور ترقی کرتے کرتے کہیں سے کہیں پہنچ گئیں۔ ترکی۔ ایرانی، ژندی پاژندی اور سنسکرت وغیرہ بھی سامانی سے مخرج ہیں)

روسی ماہرین نے ان حروف کو آٹھ ماہ کی مغز ماری اور دماغی کاوشوں سے بمشکل تمام پڑھا اور ان کے تلفظ (ہجے) کو روسی زبان میں یوں منتقل کیا: (اردو ہجے میں درج ذیل ہے)

= الغنا ایلاہسم۔ ای قل بیدرج، فوریک بن۔ زی شاؤ۔ محما۔ ایلیا۔ شبرا۔ شبیرا۔ فاطمہ۔ غقیو مابیون افیقو۔ ابھکاری نازونہ۔ تلال بی یور۔ نہتر دبی ہاش۔ کوقائد ثیولم =

حوالہ کے لئے: TAϕAIIEH 3 ϖ ϖ (ماسکو) بابت نومبر ۱۹۵۳ء۔

اخبار WEEKLY MIRROR ۔ ۲۸ دسمبر ۱۹۵۳ء لنڈن روزنامہ "الھدیٰ" قاہرہ ۳۱ مارچ ۱۹۵۴ء۔

مسٹر این۔ ایف ماکس ماہر السنہ قدیم برطانیہ نے مندرجہ ذیل الفاظ کا انگریزی میں یوں ترجمہ کیا۔



اے میرے خدا، میرے مددگار — O MY GOD MY HELPER

اپنے رحم و کرم سے میرا ہاتھ پکڑ — KEEP MY HAND WITH MERCY

اور اپنے مقدس نفوس کے طفیل — AND WITH YOUR HOLY BODIES

محمد — MOHAMMAD

ایلیا — ALIA

شبرّ — SHABBAR

شبیّر — SHABBIR

فاطمہ — FATIMA

یہ تمام عظیم ترین اور — THEY ARE ALL BIGGESTAND

واجب الاحترام ہیں — HONOURABLES

تمام دنیا انہی کے لئے قائم — THE WORLD ESTABLISHED

کی گئی ہے — FOR THEM

ان کے نام کی بدولت میری مدد کر — HELP ME BY THEIR NAMES

تو ہی سیدھے رستہ کی — YOU CAN REFORM TO RIGHT.

رہنمائی کرنے والا ہے۔

حوالہ ماہنامہ اسٹار برٹینا ماہ جنوری ۱۹۵۴ء مطبوعہ لندن۔ اخبار سن لائٹ، مانچسٹر ۲۳ جنوری ۱۹۵۴ء۔ اخبار ویکلی مرر، لندن یکم فروری۔

القصہ جس وقت یہ عبارت منظر عام پر آئی تو ملاحدہ و زنادقہ اور کفار و منکرین کی آنکھیں کھل گئیں اور انہیں شدید حیرت میں مبتلا اس بات نے کیا کہ کشتی کی تمام لکڑیاں خوردہ و بوسیدہ حالت میں برآمد ہوئیں مگر نفوس قدسیہ خمسہ کے اسمائے پاک والی یہ تختی ہزارہا سال گذرنے پر بھی بالکل محفوظ رہی اور تغیّرات ازمنہ اس کو کوئی ضرر نہ پہنچا سکے۔ سبحان اللہ و بحمدہ۔ یہ تختی روس کے مرکز آثار و تحقیقات (ماسکو) میں حفاظت سے رکھی ہوئی ہے۔

؎ نور خدا ہے کفر کی حالت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

Presented by www.ziaraat.com

## داؤدؑ کے صحیفہ زبور

زبور کی چند سطور جو قدیم عبرانی میں مذکور ہیں ملاحظہ فرمائیے۔

"اِمطعنی شِل فتو نیم تنث پاھنیوانی وزرایلی متازہ امطع ملغ شلوا شمائت پنرا نماں ھمینقہ خلذ وقث فل حدار کوتوہ شیھو بلپث انی تاہ بوتاہ خزبماہ دِرشِ جبین کعاباہ بنہ اشودِ کلیامہ کا ذر فتو تی تتم عنہ دبہ یما بلفر ینم فل خلذ ملغ خایوشنی پم مغلینم عت حنجارہ یون"

نوٹ:

موجودہ اناجیل کے عتیق وجدید ناموں میں تحریف، تنسیخ اہل علم سے ڈھکی چھپی نہیں۔ یہ عبارت قدیم نسخہ زبور سے لی گئی جو پادری اھزان الدمشقی کے قبضہ میں ہے مفتی مصر کا بیان ہے کہ انھوں نے وہ نسخہ دیکھا ہے اور اگر اس کو منظر عام پر لایا جائے تو مسیحیت کی عمارت مسمار ہو جائے۔

ترجمہ:

اس ذات گرامی کی اطاعت کرنا واجب ہے جس کا نام ایلی، اس کی فرمانبرداری ہی سے دنیا اور دین کے کام بنتے ہیں اس گرانقدر ہستی کو حدار (حیدرؑ) بھی کہتے ہیں جو بیکسوں کا سہارا، شیر ببرؑ، بہت قوت والا اور کعابا (کعبہ) میں پیدا ہونے والا ہے۔ اس کا دامن پکڑنا اور اس کی فرمانبرداری میں ایک غلام کی طرح رہنا ہر شخص پر فرض ہے۔ سن لو جس کے کان ہیں، سوچ لو جس کا دماغ ہو، سوچ لو جس کا دل ہو کہ وقت گزر گیا تو پھر ہاتھ نہ آئے گا اور میری جان میرے جسم کا تو وہی ایک سہارا ہے۔

زبور قدیم کی مذکورہ عبارت میں حضرت داؤدؑ نے کسی رمز دکنایہ، کسی اشارہ و استعارہ سے کام نہیں کیا بلکہ اعلانیہ اور مبرہن الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے کہ:

"وہ علیؑ جس کو حیدر بھی کہا جائے گا اس کی اطاعت و متابعت دین اور دنیا کی کامیابیوں کی کلید اور باعث بخشش و نجات ہے وہ مقدس ہستی کعبہ میں جنم لے گی اس کی غلامی اختیار کرنے سے ہر کام انجام کو پہنچتا ہے وہ شیر ببرؑ (اسد اللہ الغالب)



بہت قوت والا (علی القوی) ید اللہ، قوۃ اللہ۔ اور میری جان اور جسم تو اسی کے ہی سہارے پر قائم ہے یعنی ہر مشکل و مصیبت میں وہی دستگیر بنتا ہے۔

جناب داؤدؑ نے یہاں تک متنبہ کر دیا ہے کہ جو شخص وقت کو ضائع کر دیگا اور علیؑ سے لو لگا کر ان کا مطیع نہ بنے گا وہ دنیا اور آخرت میں ہر جگہ پچھتائے گا۔

## غزل الغزلیات

اب حضرت سلیمانؑ کی بشارت سنیئے۔ آپ کے صحیفہ "الغزلیات" باب پنجم مروجہ عبرانی پرانے نسخہ میں جو ۱۸۰۰ئہ کا طبع شدہ ہے۔ یہ عبارت باالفاظ صحیح درج ہے۔

"دودی صح وادم دغول مربابہ ط روشو کشو پازِ قصوثا تیلکم شحوفتا کفوریب ط عنادکیونیم ط عَل افیقی مائم بوشیرث ط عل ملیثِ لحا بارُ کعر رخت سبر سم معہ لوث مرتاجیم ط سفرنا شوشیم بطافوث ط مدد عربیہ ط باداداکلیلی ذاھاب محلائم تبر سیس ط معیاد عشیث شِبن ط معلفت سپریم ط شوقاؤ عمودی شیش مبہا ولیم ط علی ادنی پاز مرط میھو کلیا نونؑ ط باجور کارا اولیم خلو محمد نیم ط دودی دذہ رعی یا ثبوث پروشلائم ط"

ترجمہ: میرا دوست جو قدرے گندمی گوں ہے ہزاروں میں منفرد ہے اس کے سر کا نور الماس کی طرح چمکتا ہے۔ اس کی ذلفیں کھنگھر یال اور پر زاغ کی مانند سیاہ ہیں۔ اس کی دونوں آنکھیں ایسی ہیں جیسے دودھ سے دھوئے ہوئے طشت میں پانی پڑا ہو اور اس پہ دو کبوتر تیر رہے ہوں یا جیسے دو قیمتی نگینے اپنے خانوں میں جڑے ہوئے ہوں۔ اس کے رخساروں پہ ریش مبارک خوشبودار بیل کی مانند چھائی ہوئی ہے اس کا ہلالی منہ خوشبو میں بسا ہوا ہے۔ اس کے دونوں لب پھول کی پنکھڑیوں جیسے ہیں جن سے عجب روح افزا خوشبو نکلتی ہے۔ اس کے ہاتھ سونے کے ڈھلے ہوئے ہیں جن میں جواہرات چمکتے ہیں۔ اس کا شکم ہاتھی دانت کی لوح کی مانند سفید اور جواہر سے مرصع ہے۔ اس کی پنڈلیاں جیسے سنگِ مرمر کے ستون جو سونے کے پایوں پر مضبوطی سے رکھے ہوں۔ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن ہے۔ وہ صنوبر کی طرح جوان ہے۔ نہایت خلیق ہے۔ وہ میرا دوست، میرا

Presented by www.ziaraat.com

محبوب محمدؐ ہے۔ اے دختران یروشلم“

صحیفہ موصوفہ کی عبارت کے بعض فقرات پہ قوت غائرہ فکر بہ صرف کئے بغیر
مقصد حاصل نہ ہوگا (اس کا سر نور الماس کی طرح چمکتا ہے) یہاں سر سے مراد علیؑ ہیں
رسولؐ کا ارشاد ہے:

عَلیٌّ مِنّی بِمنزلَۃِ الرّاس مِن جسدی

علی میرے جسم کے سر کی مانند ہے۔

پھر رسولؐ فرماتے ہیں:

اَنا نورٌ وَعلیٌّ نورٌ

میں بھی نور ہوں اور علی بھی نور ہے۔

اَنا وَعَلیٌ مِنْ نُورٍ واحِدٍ

میں اور علی ایک نور سے ہیں۔

گویا رسولؐ کے سر اور نور علیؑ ہی ہیں۔ الماس یعنی ہیرے کی تشبیہ کیوں دی گئی۔ اس لئے اور صرف اس لئے کہ ہیرے کا ہر ٹکڑا جب کان سے نکلتا ہے تو وہ قدرتاً اور فطرتاً پنج پہلو ہوتا ہے اور پھر جب اسے سورج یا چراغ کے سامنے رکھا جائے تو ہر پہلو سے پانچ کرنیں نکلتی ہیں۔ پس حضرت سلیمانؑ نے الماس کی مثال دے کر یہ ثابت کیا ہے کہ میرا محبوب پنجتن سے تعلق رکھتا ہے۔ اور ان کے دوست (علیؑ) کا رشتہ بھی انہی نفوس خمسہ قدسیہ سے ہے۔ پھر حسنؑ اور حسینؑ کو دو کبوتروں سے تشبیہ دینا اس امر پہ دلالت کرتا ہے کہ یہ دونوں حضرات خدا کے آخری پیغام (قرآن) کے ناشر و شیعؔ ہوں گے۔ یہ دونوں نور چشمانِ رسولؐ عالم کون و فساد میں امن بھی قائم فرمائیں گے۔ تاریخ اسلام شاہد ہے کہ امام حسنؑ نے اپنی زہر خورانی کے سانحہ میں جس انتہائی ضبط و تحمل سے کام لیا وہ ظلم اور استبداد کے خلاف ایک دائمی پیام امن تھا۔ حسینؑ مظلوم نے میدان کربلا میں جس صبر و سکون کا اظہار فرمایا وہ شقاوت اور بربیت کے لئے ابدی پیغام مرگ تھا۔

دونوں آنکھوں کی صفات۔ دودھ اور آب پاکیزہ سے دھونا۔ ایک محاورہ ہے جس سے انتہائی پاکیزگی مراد لی جاتی ہے۔ ویسے رسولؐ کا ارشاد ہے:



## الحسنؑ و الحسینؑ عینانی

حسنؑ اور حسینؑ دونوں میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں (سیرۃ الائمہ شعبانی ص۱۱۹)

ایران کا مشہور شاعر اثر تہرانی حنفی اپنے قصیدہ میں حسنینؑ کی توصیف یوں کرتا ہے:

آں دو چشمان نبیؐ شبیر و شبّر باصفا ——— آں دو چشمان شستہ در چرخ بریں از شیر و آب

آں دو چشمان نبیؐ نورِ نگاہِ مصطفےؐ ——— مادر آں سیّدہ و والدِ آں ابوتراب

ترجمہ: پاک اور صاف روح و تن والے حسنؑ اور حسینؑ نبیؐ کی دو آنکھیں ہیں جن کو آسمان کے اندر دودھ اور پانی سے دھویا گیا اور نبیؐ کی یہ وہی دو آنکھیں ہیں جو محمد مصطفیٰؐ کی نگاہوں کا نور ہیں جن کی اماں جان سیدہ پاک دختر شاہ لولاک اور جن کے اباجان ابوتراب علیؑ ہیں۔

**کبوتر**: کبوتر کو جملہ طیور میں پاکیزگی کی خصوصیت حاصل ہے۔ پیغام رسانی کا کام بھی ان سے لیا جاتا رہا ہے۔ جب بھی کسی پیغامبر کو عالم مکتوم سے منصہ شہود پر لایا جاتا ہے تو اس کو ”کبوتر“ کی تصوراتی شکل دی جاتی ہے مثلاً روح القدس یا روح الامین کی تخیلاتی تصویریں کبوتر کی صورت میں نظر آئیں گی۔ نیز کائنات عالم میں امن و عافیت کے قیام کے اظہار کے لئے بھی کبوتر کو ہی منتخب کیا گیا ہے۔ روس میں ذراسی تبدیلی کر کے اسے ”امن کی فاختہ“ کی شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ لیکن یورپ اور امریکہ میں کہیں بھی چلے جائیے وہاں ” امن کے دیوتاؤں“ کے سر پر علامتی رنگ میں کبوتر ہی سایہ فگن نظر آئے گا۔ چہرہ مبارک، ہلالی صفحہ کہہ کر انا کا شمس و علی کا لقمہ کی تصدیق فرمائی ہے۔ چہرے کو صفحہ کہنا بھی ایک راز ہے۔ یعنی ان ماہ تاباں کا چہرہ کتاب حق کی مانند مقدم و محترم ہوگا۔ اس لئے علیؑ فرماتے ہیں ”القرآن صامت و انا قرآن ناطق“۔ حضرت سلیمانؑ نے جو نفوس خمسہ کی مدح و ثنا بیان کی ہے وہ اپنی نظیر آپ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

# لوحِ سلیمانی

۱۹۱۶ء۔ پہلی جنگِ عظیم کی بات ہے۔ بیت المقدس سے چند میل دور فوجی دستے یلغار کرتے ہوئے جا رہے تھے کہ "اونترہ" نامی ایک چھوٹے سے گاؤں کے ٹیلے سے اندھیری رات میں عجیب سی چمک نکلتی دکھائی دی۔ ایک فوجی دستہ جو اس کے قریب سے گزر رہا تھا یہ نرالی قسم کی چمک دیکھ کر ٹھہر گیا۔ چند سپاہی اس روشنی کی طرف بڑھے۔ جب وہ نزدیک پہنچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ خاکِ سنگ کا ایک تودہ امتدادِ زمانہ سے شق ہو چکا ہے اور اس کی دراڑوں سے حیرت ناک روشنی نکل کر ہر راہ گیر کو مشتاق نظارہ بنا رہی ہے۔ سپاہیوں نے اس مقام کو کھودنا شروع کر دیا تو چار گز کی روشنی میں چاندی کی ایک مرصع لوح نظر آئی جس سے روشنی کی سفید شعائیں پھوٹ پھوٹ کر تحیر و استعجاب میں مبتلا کر رہی ہیں۔ انہوں نے نقرئی لوح کو جو پون گز لمبی نصف گز چوڑی تھی۔ باہر نکالا تو روشن شعاؤں کا اخراج بند ہو گیا۔ انقطاع نور کے اس واقعہ نے متحیّر انسانوں کو اور بھی انگلیاں چبانے پر مجبور کر دیا۔ ایک طرف وہ بیش قیمت لوح کے حصول پر شاداں اور فرحاں بھی دکھائی دیتے تھے۔ دوسری طرف اس کی روشنی یکایک منقطع ہو جانے سے خوف و دہشت بھی مسلط تھا۔ آخر وہ لوح کو لے کر اپنے



افسرِ اعلیٰ کے پاس پہنچے۔ یہ انگریزی فوجی افسر میجر اے۔ این گرینڈل تھا۔ اس نے ٹارچ کی روشنی میں لوح کو دیکھا تو وہ مبہوت رہ گیا۔ اس کا حاشیہ گراں بہا جواہرات سے مرصع تھا اور درمیان میں طلائی حروف تھے۔ میجر کو حروف کی شناخت تو نہ ہو سکی لیکن اس کو یہ علم ضرور ہو گیا کہ یہ کوئی معمولی چیز نہیں اپنے اندر کوئی بڑی فضیلت اور اہمیت اور تقدیس و تحریم رکھتی ہے۔ میجر گرینڈل کی سعی و وساطت سے لوح موصوف منزلیں کاٹتی پایان کار افسر انچارج برطانیہ لیفٹیننٹ جنرل ڈی۔ اے۔ گلیڈسٹون کے ہاتھ میں پہنچی جس نے اس کو برطانیہ ماہرین آثارِ قدیمہ کے سپرد کر دیا۔

جنگِ عظیم کے خاتمہ پر ۱۹۱۸ء میں اس لوح سے متعلق تحقیق و تدقیق کا آغاز ہوا۔ ماہرین کی ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں برطانیہ امریکہ فرانس اور بعض دوسرے یورپی ممالک کے EXPERTS OF OLD LANGUAGES نے شمولیت کی محنت شاقہ کے بعد یہ راز کھلا کہ یہ ایک مقدس لوح ہے۔ جو لوح سلیمانی کہلاتی ہے۔

۳ جنوری ۱۹۲۰ء کی صبح کو وہ اس صدیوں کے مکتوم راز اور سرِ مکنون کو منکشف کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ لوح مقدس کے عبرانی الفاظ۔ اردو زبان کے (ہجے) میں بمعہ ترجمہ ذیل ہیں۔

اللہ

ایلی احمد

| | |
|---|---|
| یاہ ایلی آنصطاہ | یا علیؑ! میری مدد کیجئیو۔ |
| یاہ آحمد مقدآ | یا احمدؐ پہنچو |
| یاہ باھتول اکاشی | یا بتولؑ نگاہ رکھو |
| یاہ حسن آفہ مظع | یا حسنؑ کرم فرماؤ |
| یاہ حامین بارفو | یا حسینؑ خوشی بخشو |
| آیلی۔ آیلی۔ آیلی | یا علیؑ۔ یا علیؑ۔ یا علیؑ |

امر سلیمان صوہ عنحب نہ الھلا و آقتا : یہ سلیمانؑ انہی پانچوں سے فریاد کر رہا ہے۔

| | |
|---|---|
| بلات اللہ کھر ایلی | اور اللہ کی قوت علیؑ ہے۔ |

Presented by www.ziaraat.com

چاندی کی لوح کے الفاظ کا محقق ہونا اور ماہرین کی تحقیقات کا پایۂ تکمیل کو پہنچنا تھا کہ بالآخر احمدؐ۔ علیؑ۔ بتولؑ۔ حسنؑ۔ حسینؑ کے اسمائے مبارک پڑھ کر ارکان کمیٹی کی آنکھیں کھل گئیں۔ بالآخر فیصلہ یہ ہوا کہ اس پاک لوح کو برٹش امپریل میوزیم (شاہی عجائب خانہ برطانیہ) کی زینت بنایا جائے۔ لیکن جونہی انگلستان کے اسقف اعظم لاٹ پادری (LORD BISHOP) کو تحقیقات کی تفصیل معلوم ہوئی۔ تو یکم مارچ ۱۹۲۳ء کو ایک خفیہ حکمنامہ تحریر کیا جس کا ملخص یہ ہے اگر اس لوح کو کسی میوزیم یا کسی ایسے مقام پر رکھا گیا یہاں عوام و خاص کی آمد و رفت رہتی ہے تو مسیحیت کی بنیادیں متزلزل ہو جائیں گی۔ لہٰذا بہتر ہے کہ اس کو کلیائے فرنگ کے خفیہ مخصوص کمرہ (SECRET CHURCH ROOM) میں رکھا جائے چنانچہ جب سے آج تک یہ لوح اسی مخصوص کمرہ میں پانچ نفوس مطہرہ کا نور پھیلا رہی ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیے۔ رسالہ تحقیقات عربیبہ مؤلفہ ابو حسن شیرازی صہ ۲۱ تا ۲۴، ۲۔ ونڈرفل سٹوریز آف اسلام مصنفہ کرنل پی سی امپلے لندن صہ ۲۴۹۔

بات یہیں ختم نہیں ہوتی جس بات کو اخفاد اکتام کے آہنی پردہ میں لپیٹنے کی کوشش کی جائے وہ کسی نہ کسی دن ظاہر ہو کر رہتی ہے لوح موصوف کی تحقیق مکمل ہونے کے بعد جو اسراری گفتگو ماہرین و محققین کے درمیان ہوئی وہ در و دیوار نے سنی، باد و آب نے سنی اور رہوتے ہوتے نسیم سحر اور شمیم گلشن نے سنی اور اس طرح متعدد افراد تک پہنچ گئی۔ ولیم اور ٹامس اس واقعہ کی خبر کے فوراً بعد نیوکیسل روانہ ہوئے ان دنوں ایران کے مجتہد مولانا حسن مجتبیٰ تہرانی نیوکیسل موجود تھے ان کی خدمت میں پہنچ کر دولت اسلام سے مالا مال ہوئے۔ ٹامس کا نام فضل حسین اور ولیم کا نام کرم حسین رکھا گیا۔ اس واقعہ کے دو سال بعد ۱۹۲۵ء میں یہ دونوں نیک بخت زیارت بیت اللہ اور زیارت کربلا معلیٰ سے مشرف ہوئے۔

(ماخوذ از مسلم کرانیکل لنڈن۔ ۳۔ دسمبر ۱۹۲۶ء
رسالہ "الاسلام" دہلی فروری ۱۹۲۷ء)



وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۝ ۹/۱۶ قرآن

ترجمہ: اور نہیں پھینکی تو نے مٹھی خاک جبکہ تو نے پھینکی تھی لیکن وہ اللہ نے پھینکی تھی۔

اس آیہ مبارکہ میں خداوند عالم نے ایک عمل اور واقعہ کی خبر دی ہے۔ اس خبر میں ایک عمل کو خدا نے دو طرف نسبت دی ہے۔ ایک رسولؐ کی طرف اور دوسری اپنی ذات اقدس کی طرف۔ ایک عمل کے دو عامل بیان فرمائے ہیں اور بیان فرمانے والا خداوند عالم ہے جو اصدق الصادقین ہے جو تمام سچ بولنے والوں سے زیادہ سچا ہے۔ اب سمجھنے کی بات ہے۔

۱۔ یہ کہ کنکریاں پھینکنے کا عمل رسولؐ خدا کے ہاتھ نے کیا تھا یا کہ خدا کے ہاتھ نے کیا تھا۔ اگر ایک کا ہاتھ تسلیم کریں تو خدا کی تکذیب ہوگی جو کفر ہے اگر دونوں کے ہاتھ تسلیم کریں تو اشتراک عمل پیدا ہوگا۔ اس کی عملی صورت کیا ہوگی۔ اس سے توحید پرستی ثابت نہ ہوگی کہ وحدت اپنے عمل میں محتاج غیر ثابت ہوگی جس سے اللہ کے عمل میں غیر اللہ کو شریک ماننا پڑے گا۔

اگر رسولؐ کی نسبت دیں گے تو بشر کے عمل میں خالق بشر بے مثل و بے مثال قادر مطلق کو شریک ماننا پڑے گا۔ یہ بھی توحید پرستی کے خلاف ہوگا۔ لہٰذا اس آیت میں

Presented by www.ziaraat.com

بیان کرے وہ عمل کی اصلی صورت کیا تھی۔

۲۔ اگر تاریخ کے بیان کے مطابق اس عمل کو رسولؐ خدا کی طرف منسوب کریں تو دیکھنا پڑے گا کہ رسولؐ خدا نے خدا سے اجازت طلب کی تھی اور اس کی منظوری کے لئے جبرائیل نازل ہوئے تھے۔ اس کا ثبوت کیا ہے اور اگر آپؐ نے اذن حاصل نہ کیا تھا تو بلا اذن فعل بشر کو خدا نے اپنی طرف کس بنا پر منسوب فرمایا۔

پس اس آیت میں ذرا سے تدبر سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ اس ارشاد سے خدا کی مصلحت اور منشا یہ ہے کہ لوگ میرے رسولؐ کو بشریت کے تحت نہ دیکھیں بلکہ میری رسالت میرے رسولؐ ہونے کے تحت دیکھیں۔

وَمَا مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۝ قرآن ۲۲/۴

"اور محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی ایک کا بھی باپ نہیں لیکن اللہ کا رسول ہے اور خاتم النبیین ہے۔"

رسالت کا مقصد ہی یہی ہوتا ہے کہ رسولؐ اپنے ہر فعل سے رسالت کو ادا کرے۔ اگر ایسا نہ ہو تو رسالت بیکار ہو جاتی ہے اور یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ رسولؐ کا اپنا ذاتی و نفسی فعل کونسا ہے اس صورت میں مقصد رسالت ختم ہو جاتا ہے۔ اسی واسطے ہی خدا نے فرمایا ہے کہ میرے رسولؐ کے ہاتھ کا فعل خود میرا فعل ہے۔ رسولؐ کا ذاتی اور نفسی نہیں بلکہ اس کے ہاتھ کا فعل میرا فعل ہے کہ رسول میرا ہاتھ ہے، اس کا ہر فعل میری رسالت پر مبنی ہے۔ لہٰذا میرا فعل ہے اس لئے فرمایا ہے کہ رسولؐ کا کنکریاں پھینکنا میرا ہے (ولکن اللہ رمیٰ)

نص ہے کہ رسولؐ کا ہر فعل خدا کا فعل ہوتا ہے۔ اسی امر کو دوسری جگہ زیادہ صاف فرمایا ہے:

إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ۝ ۲۶/۹

بے شک جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں۔ سوائے اس کے نہیں کہ وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں اور ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔



اس جگہ کلمہ حصر سے محصور کر کے کس قدر واضح فرمایا گیا ہے کہ رسولؐ کا ہاتھ اللہ کا ہاتھ ہے بلکہ رسولؐ کا وجود ہی اللہ کا ہاتھ ہے کیونکہ خدا نے رسالت سارے وجود کی عطا فرمائی نہ صرف ہاتھ کو۔ اس لئے رسولؐ کا ہر فعل اللہ کا فعل ہے اگر ایسا نہیں تو امر رسالت بے کار ہو جاتا ہے۔ یہاں خدا نے صاف فرما دیا ہے کہ رسولؐ میرا ہاتھ ہے۔ پس رسولؐ خدا ہر حالت میں خدا کے رسولؐ ہیں۔ خواہ دنیا میں آنے سے قبل ہوں یا کہ دنیا میں ہوں یا کہ دنیا سے چلے جانے کے بعد ہوں۔ وہ آج بھی رسولؐ ہیں۔ کلمہ توحید کے ساتھ کلمہ رسالت کا پڑھنا دو باتوں کا ثبوت ہے ایک خدا کی طرح دائمی زندگی کا اور دوسرا ان کی رسالت کلید کا۔

پس جب یہ ثابت ہے کہ رسولؐ خدا کا ہاتھ اللہ کا ہاتھ ہے تو اب اس آیت کی طرف توجہ فرمائیں۔

قَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللَّهِ مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا ۘ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ ۝ ۱۳/۶

"اور یہودی جماعت کے لوگ کہتے ہیں کہ خدا کا ہاتھ بندھا ہوا ہے۔ بندھ جائیں ان کے ہاتھ اور اس کہنے کی وجہ سے ان پر لعنت ہو۔ بلکہ خدا کے دونوں ہاتھ ہی کھلے ہیں جس طرح چاہتا ہے ان سے نفاق کرتا ہے۔"

پس ایک آیت میں یہودیوں نے دو جھوٹ بولے ہیں ایک یہ کہ خدا کا ایک ہاتھ ہے اور دوسرا یہ کہ وہ ہاتھ بندھا ہوا ہے۔ خداوند عالم نے ان کے دونوں جھوٹوں کی رد فرمائی ہے کہ میرا ایک ہاتھ نہیں بلکہ دو ہاتھ ہیں اور دو سے زیادہ بھی نہیں صرف دو ہی ہیں اور وہ دونوں کھلے ہیں جن سے خدا نفاق روزی کا کام لیتا ہے یعنی تقسیم و عطا رزق کرتا ہے جس طرح اس کی منشا ہو۔ خدا کے ان دو ہاتھوں کا انکار نہیں ہو سکتا۔ اگر انکار کریں گے تو خداوند عالم کے دعویٰ کی رد اور آیت کا انکار ہوگا۔ اقرار کریں تو وہ خدا کے دو ہاتھ کون ہیں۔ پس جن کو بھی تسلیم کریں وہ غیر اللہ میں داخل ہوں گے کہ خدا کا جسم نہیں جس سے اس کے جسمانی ہاتھ دکھا سکیں اور یہ بھی ثابت ہے کہ خدا اپنے دونوں ہاتھوں سے عطیہ رزق کا کام لیتا ہے اور جب سے

Presented by www.ziaraat.com

خدا نے عطیہ رزق جاری فرمایا ہے تب سے لے کر جب تک عطیہ رزق جاری رکھیگا تب تک ان دونوں خدا کے ہاتھوں کا وجود ہونا لازمی و واجبی و فرض ہے۔ خدا کے دونوں ہاتھوں کا کل مخلوق سے اول موجود ہونا لازمی و واجبی ہے کہ ادھر مخلوق پیدا ہو ادھر اس کو روزی اور رزق ان دونوں ہاتھوں سے پہنچایا جائے اور جب تک مخلوق موجود رہے گی ان دونوں ہاتھوں کا موجود ہونا لازمی و واجبی۔ جس طرح پہلے موجود ہونا لازم و واجب تھا۔

يَا اِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ
اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ۝ ۲۳/۱۳ قرآن

"اے ابلیس تجھے کس نے اس کو سجدہ کرنے سے منع کیا جس کو میں نے اپنے دونوں سے پیدا کیا اور بنایا اسے کیا تو نے تکبر کیا ہے یا کہ تو عالین بلند مرتبہ لوگوں میں سے تھا۔"

خداوند عالم نے اپنے ارشاد میں اپنے ان دو ہاتھوں کا ذکر فرمایا ہے جس سے آدمؑ کو پیدا کیا تھا اور سب سے اوّل خلق :

(اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللهُ نُوْرِیْ وَ اَنَا وَ عَلِیٌّ مِنْ نُوْرٍ وَاحِدٍ حدیث)
کے سوا اور کوئی نہیں۔ لہٰذا یہی وہ دو ہاتھ ہیں۔ بعض اہل اسلام منشاء الٰہیہ تو تسلیم نہ کریں تو نہ کریں لیکن اس سے ہرگز گریز نہیں کر سکتے کہ وہ خدا کے دو ہاتھ نہ مانیں۔ خواہ کسی طرح سے ہی مانیں۔ ماننا ضرور پڑے گا کہ خدا کے دو ہاتھ ہیں جن سے وہ خلق کرتا، رزق دیتا اور مدد کرتا ہے وغیرہ۔

وہ ہاتھ خدا کے اپنے جسمانی نہیں کہ خدا جسم نہیں رکھتا تو ضروری ہے کہ وہ ہاتھ اس کی ذات اقدس سے علیحدہ ہوں۔ اور علاوہ وعلیحدہ ہونے کے وہ ہاتھ غیر اللہ ہیں داخل ہوں گے۔ اور نہیں۔ لہٰذا خدا کے ہاتھ ملنے بغیر انسان مسلمان نہیں رہ سکتا۔

لہٰذا سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا خداوند عالم اپنے ان ہاتھوں کے بغیر یہ کام بذات خود نہیں کر سکتا۔ اگر تسلیم کیا جائے نہیں کر سکتا تو اس صورت میں خداوند قادر مطلق نہ رہیگا۔ لہٰذا یہ باطل ہوا۔

پس معلوم ہوا کہ وہ قادر مطلق ہے کر سکتا ہے لیکن کرنا پسند نہیں کرتا کہ اس کی



شان اس سے اعلیٰ وارفع وبلند وبرتر ہے کہ وہ ایسے افعال میں بذات خود ملوث ہو اس لئے اس نے اپنے دو ہاتھ سب سے اوّل خلق فرمائے جس سے آئندہ اپنے کام کرانے تھے اور کراتا رہا ہے اور یہی کار اور راز خلافت ہے۔

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ
كُلِّ اَمْرٍ ۝ سورہ القدر

"ملائکہ اور روح نازل ہوتے ہیں اپنے رب کے حکم سے تمام امور میں یہی راز فرمایا گیا ہے۔"

پس ایک ہاتھ کا اعلان تو خداوند عالم نے صریحاً فرما دیا کہ یہ ایک ہاتھ میرا رسولؐ ہے جس سے انکار کفر میں داخل ہے اور دوسرے ہاتھ کو :

اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَكُمْ اَوْ يُحَذِّرُكُمُ اللهُ نَفْسَهٗ ۳/۱۱

اور

وَاتَّبِعُوا النُّوْرَ الَّذِیْ اُنْزِلَ مَعَهٗ ۹/۱۹

اور

جَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۱۶/۶

کی آیات میں بیان فرمایا ہے اور رسولؐ کی زبان سے (انا و علی من نور واحد) اس واسطے ہی ان کو آیت مباہلہ میں نفس رسولؐ بھی بیان فرمایا ہے اور نفس بھی جسم سے تعلق رکھنے والی چیز ہے جس طرح خداوند عالم جسم و جسمانیت سے پاک ہے اسی طرح نفس و نفسانیت سے پاک۔ لہٰذا (یحذرکم اللہ نفسہ) سے مراد خدا کا ذاتی نفس نہیں بلکہ اضافی نفس ہے جس طرح ہاتھوں کو اضافی اور نسبتی مقام دیا ہے اس طرح نفس کو بھی ذاتی نہیں بلکہ اضافی اور نسبتی درجہ دے کر اپنی طرف منسوب فرمایا ہے۔

کتاب مناقب میں درج ہے کہ حضرت امیر المومنین علیؑ نے کل اہل مدینہ کی موجودگی میں دن کے وقت اسی ڈاچی یعنی اونٹنی جو سامان یمنی سے لدی (بار کی) ہوتی تھی ابوصمام کو زمین سے نکال کر دی تھی اور اس سے وہ تحریر رسولؐ خدا نے واپس لی جو اس کو رسولؐ خدا نے لکھ کر دی تھی۔ (کوکب دری وارجح المطالب وصواعق محرقہ وغیرہ)

Presented by www.ziaraat.com

یہاں پر عبرت کے لئے قرآن و حدیث کا ایک واقعہ پیش کرتے ہیں:

وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ۝ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ۳۳- یٰسین- قرآن

"اور ایک نشانی آفتاب ہے جو اپنے ٹھکانے پر چل رہا ہے یہ سب سے غالب واقف کار خدا کا باندھا ہوا ہے اور ہم نے چاند کے لئے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ ہر ماہ کے آخر میں کھجور کی پرانی ٹہنی کا سا پتلا اور ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔

ان دونوں آیات میں سورج اور چاند کے عمل پہ تقدیر اور قدر کے الفاظ فرمائے گئے ہیں جن کا تعلق عزیز اور علیم کی تقدیر سے ہے جس سے واضح ہے کہ شمس اپنے مقام مدار یعنی چلنے کے رستے کو نہیں بدل سکتا اور قمر اپنی منازل کو نہیں چھوڑ سکتا۔ اگر یہ دونوں اپنے سفر اور منازل کو چھوڑ دیں تو تقدیر العزیز بدل جائے گی جس سے خداوند غالب اور علیم نہ رہے گا اس صورت میں اس کی خدائی کا ابطال لازم آئے گا اور امر باطل کا وجود خود باطل ہی ہوا کرتا ہے پس خداوند عالم بے شک اپنی تقدیر کو بدلنے پر قادر تو ضرور ہے لیکن ایسا کرنا اس کے علیم ہونے کے خلاف ہے اس واسطے باوجود قادر ہونے کے نہیں بدلتا۔ اس کے بعد اس کی تقدیر کو وہ بدل سکتا ہے جس کو اس نے اپنی تقدیر کے بدلنے کی قدرت اور عہدہ عطا فرمایا ہو۔

اب اس آیت پر غور کریں:

اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۲۷/۸

"وقت قریب آگیا اور چاند پھٹ گیا"

چاند کے دو ٹکڑے ہو جانے کا واقعہ مشہور و معروف ہے۔ تفاسیر قرآن اور احادیث رسولؐ اور تاریخ اسلامی کا متفقہ اقبال اور اقرار ہے۔

پس قمر کے پھٹ جانے سے تقدیر بدل گئی جتنی دیر وہ حرکت کرتا رہا ہے پھٹا ہوا، خواہ اس کو چند منٹ یا کہ چند سیکنڈ یا کسی وقفہ کے لئے بھی تسلیم کر لو۔ اتنی دیر تقدیر بدلی رہی اور یہ واضح ہے کہ یہ تقدیر حسب ضرورت بدلی تھی۔ دائمی طور پر نہ بدلی تھی کہ اس کی ضرورت نہ تھی۔ جس قدر وقت کے لئے بدلنے کی ضرورت تھی



اسی قدر وقت تک بدلی جاتی تھی۔

معترض نے چاند کو دو ٹکڑے کر کے دکھانے کا سوال کیا لہٰذا اسی قدر دیر کے لئے تقدیر خدا کو بدل کر دکھایا گیا۔ اس عمل کو اعجاز محمدیؐ مانا گیا اور اس کا ثبوت مانا گیا اس وقت کا معترض آنکھوں سے دیکھ کر تسلیم کر گیا لیکن مسلمان ہونے سے بچنے کے لئے یہ کہہ گیا کہ اس کا جادو آسمان پر بھی چل گیا ہے جہاں دوسرے جادوگروں کا نہیں چل سکتا لیکن تسلیم کر گیا کہ تقدیر خدا کو بدل دیا ہے۔

یہ واقعہ صرف رسولؐ سے ہی تعلق رکھتا ہے لیکن حضرت علیؑ ساتھ موجود تھے اور واقعہ کے شاہد و معاون تھے۔

دوسرا واقعہ ردشمس کا ہے یہ دو دفعہ ہوا پہلی دفعہ جنگ خیبر سے واپسی میں منزل صہبا پر ہوا۔ حدیث اور تاریخ کا بیان ہے کہ نماز عصر ادا ہو جانے کے بعد حضرت علیؑ کسی حکم رسولؐ خدا کی تعمیل سے واپس آئے تو رسولؐ خدا نے اپنا سر ان کی گود میں رکھا اور آرام فرمانے لگے۔ حضرت علیؑ نے نماز عصر کو اشاروں سے ادا کیا مگر رسولِ خدا کے آرام میں خلل نہ ڈالا۔ غروب آفتاب کے وقت آپؐ بیدار ہوئے تو پوچھا "اے علیؑ نماز عصر کو ادا کیا" عرض کی یا رسولؐ اللہ اشاروں سے ادا کی۔" فرمایا۔ نبی اور وصی کی نماز ناقص نہیں ہوا کرتی۔ اٹھو اور سورج کو واپس بلاؤ۔"

حضرت علیؑ نے وضو فرمایا اور سورج کی طرف توجہ فرمائی اور اشارہ کیا۔ سورج اسی طرف واپس ہوا جس طرح آرہ سے چیرتی ہوئی لکڑی آواز دیتی ہے اور فوراً عصر پر آگیا آپ نے عصرانہ ادا کیا تو واپس اپنے مقام پر چلا گیا۔

بعض روایات نے یہ الفاظ بھی روایت کئے ہیں کہ رسولؐ خدا نے فرمایا "یا اللہ علیؑ تیری اور تیرے رسولؐ کی اطاعت میں رہا ہے اس کے لئے سورج کو واپس کر۔" اس پر تبصرہ سے خوف طوالت مانع ہے۔

دوسرا واقعہ آپؐ کو سفر صفین میں شہر بابل کی مغضوبہ زمین پر پیش آیا کہ نماز کا وقت آگیا۔ لوگوں نے ادائیگی نماز کے لئے عرض کی تو فرمایا۔ نبیؐ اور امامؑ مغضوبہ زمین پر نماز نہیں ادا کرتے۔ کچھ لوگوں نے نماز عصر ادا کر لی اور کچھ رہ گئے کہ جہاں آپؑ ادا کریں گے وہاں ہم بھی ادا کر لیں گے۔ اس زمین سے گزرتے گزرتے سورج غروب ہو گیا

Presented by www.ziaraat.com

آپؑ نہر فرات کو عبور فرما کر جب اس مقام سے جس کو آج حلہ کہا جاتا ہے اس کی حد سے نکلے تو وضو فرما کر سورج کی طرف متوجہ ہو کر ایسی زبان کے الفاظ ادا فرمائے جس کو کسی نے نہ سمجھا بس اشارہ فرمایا۔ سورج نکل کر مقام عصر پہ آیا تو آپؑ نے معہ جماعت نماز ادا فرمائی تو سورج فوراً واپس ہوا اور مقام مغرب پر پہنچ گیا تو وہیں نماز مغرب ادا فرمائی۔ اس بات کو آپ نے اپنے خطبوں میں فرمایا۔

آن الذی ردّت لہٗ الشمس مرتین

"میں ہی وہ شخص ہوں جس کے لئے دو دفعہ سورج واپس ہوا۔"

ہر زمانہ کے علماء، محدثین اور شعراء مادحین نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے اور اس مقام پہ بطور یادگار ایک مسجد بنائی گئی ہے جو بوسیدہ صورت میں آج تک موجود ہے اس کو مسجد ردالشمس کہتے ہیں۔

یاد رہے کہ امیر المومنین عؑ نے خدا کی تقدیر کو بدلنے کا ذریعہ اور وجہ نماز اور عبادت کو قرار دیا۔ تقدیر خدا کو بدل کر اس کی عبادت کر کے اس کا سجدہ کر کے اپنی عبودیت کا ثبوت دے رہے ہیں کہ ہم اس کے وہ عبادت گزار اور تابعدار بندے ہیں جو خدا کی تقدیر کو بدلنے کی قوت اس کے عطیہ سے رکھتے ہیں۔

نظام عالم کو مدّنظر رکھتے ہوئے اس واقعہ کی یہ صورتیں ہو سکتی ہیں۔

۱۔ ایک صورت یہ ہے کہ سورج اپنے نظام کو وہیں چھوڑ کر خود واپس ہو یا کہ واپس کیا جائے اور پھر اپنے ٹھہرے ہوئے کھڑے ہوئے نظام سے جا ملے۔

۲۔ دوسری یہ کہ نظام چلتا رہے اور سورج ہی واپس ہو پھر عصر سے چل کر اپنے چلتے ہوئے ستاروں سے جا ملے۔

۳۔ تیسری یہ کہ سورج معہ اپنے نظام واپس آئے اور پھر بلا وقفہ مغرب میں چلا جائے۔

نظام عالم کی تقدیر تو ان تینوں صورت ہائے سے انکار کرتی ہے اور انکار اپنے مقام پہ بالکل درست ہے کہ جب تک نظام عالم کی تقدیر کو نہ بدلا جائے۔ یہ واقعہ صورت وقوعہ میں آ ہی نہیں سکتا اور وقوعہ کا ثبوت بطریق اسلامی و شرعی موجود ہے جس سے انکار اسلامی و شرعی سلسلہ روایات کے طریقہ اور وجود روایات



کا انکار ہے کہ اس طرح اسلامی روایات کی صحت و صداقت ختم، جس سے اسلام ہی ہباءً منثوراً ہو جائے گا۔

پس اس کے سوا چارہ ہی نہیں کہ نظام عالم کی تقدیر کو بدلنے کا اقرار کیا جائے۔ جب اقرار کرنا پڑا تو اب یہ بھی اقرار کرنا ہو گا کہ جس نے نماز پڑھنی تھی۔ نظام عالم کی تقدیر کو وہ بدلے۔ نماز تو حضرت علیؑ نے پڑھنی تھی جو ان پہ خدا نے فرض کی تھی پس نماز پڑھنے والے نے سورج کو واپس کرنا تھا اور وہ تب ہی واپس کر سکتا ہے، جب اس کو خدا کی تقدیر کے بدلنے کا اختیار اور قدرت دونوں حاصل ہوں۔ چونکہ واقعہ کے وقوع کا ذکر اور ثبوت اسلامی روایات میں موجود ہے جو صرف ایک ہی فرد واحد حضرت علیؑ کی طرف منسوب ہے جس سے ثابت ہے کہ خداوند عالم نے آپ کو اپنی تقدیر بدلنے کی قدرت اور اختیار خلافت نبویہؐ کے عہدہ کی صورت میں عطا فرمایا ہوا تھا۔ اس معرفت کے سمندر میں جواہر مکنونہ کی حد نہیں لیکن اگر غواص نہیں جانتا تو کنارہ پہ ہی بیٹھ جائے۔ غرق ہونے کا خوف ہے۔ اگر کسی میں فضائل کو برداشت کرنے کی قوت اور طاقت نہیں تو اس میں انکار کی قوت و طاقت و استطاعت بھی نہ ہونی چاہیئے۔ اہل اسلام میں سے ایک جماعت ملائکہ کو تو مدبر امور الٰہیہ اور مظاہر اسماء حسنہ الٰہیہ بلا توقف مانتی ہے لیکن مقام تعجب ہے کہ خلفائے الٰہیہ انبیاء و مرسلین اور اولوالعزم صاحبان شریعت اور آئمہ طاہرینؑ جو کہ بلاشبہ ملائکہ سے افضل ہیں کو مدبر امور مظہر اوصاف الٰہیہ نہیں مان سکتی۔ حالانکہ ملائکہ ان کی امت میں مثل جن وانس داخل ہیں اور اُمت کی طرح ان کے کلمہ گو ہیں۔

اختتام مضمون سے قبل ایک آیت قرآنی کا حوالہ دیتا ہوں جو کہ حوالہ بطور محور و مرکز مضمون ناگزیر ہے۔

## تنزیل و تاویل

يَآ اَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ ٥ (توبہ)

ترجمہ: اے نبیؐ کفار و منافقین سے جہاد کرو۔

آپ تمام تفاسیر کا مطالعہ فرمادیں، تاریخ بینی کریں۔ حضور ختمی مرتبتؐ کے

Presented by www.ziaraat.com

تمام غزوات و سریات کو بنظرِ عمیق دیکھیں۔ آپ کو کفار و مشرکین مکہ سے تو حضورؐ اکرم کی لڑائیاں ملیں گی۔ لیکن ایک بھی جنگ ایسی نہ ملے گی جو سرکار دو جہاںؐ نے منافقین سے لڑی ہو۔ وجہ یہ تھی کہ مسلمان ظاہری طور پر مسلمان کہلاتے تھے۔ اقرار شہادتین کرتے تھے۔ لڑائیوں میں رسول اکرمؐ کے ہمرکاب اور فوج رسولؐ میں شامل تھے تو پھر ان سے جنگ کیسی۔ غرض کہ رسولؐ نے منافقین سے کوئی جنگ نہ لڑی۔ اب حکم قرآن ملاحظہ فرمائیں:

"اے نبیؐ! آپ کفار اور منافقین سے جہاد کریں۔"

یہاں پر صیغہ امر ہے۔ اگر آپؐ حکم خدا بجا لائے تو جنگ دکھائیں۔ اگر کوئی جنگ نظر نہیں آتی۔ تو پھر آیت کا تاویلی ترجمہ ہوگا یا تنزیلی۔ یہاں پر جب تک حدیث رسولؐ کو سامنے نہ رکھا جائے۔ اس آیت کا صحیح ترجمہ نہیں ہو سکتا۔

ارشاد احمد مختارؐ ہے:

اَنَا اُقَاتِلُ عَلٰی تَنْزِیْلِ الْقُرْآنِ وَ عَلِیٌّ یُقَاتِلُ عَلٰی تَاوِیْلِہٖ

"میں نے تنزیل قرآن پر جہاد کیا اور علی تاویل قرآن پر جہاد کریں گے۔"

یعنی قرآن مجید میں مجھے جو حکم ملا ہے اس کے دو حصے ہوں گے۔ تنزیل کا تعلق کفار سے ہوا۔ اس سے میری جنگ جبکہ تاویل کا تعلق منافقین سے ہوا۔ ان سے علیؑ جنگ کریں گے۔ فریضہ میرا ادا ہوگا۔ تلوار علیؑ کی ہوگی جہاد میرا ہوگا۔

"عمل علیؑ میرا فعل ہوگا بلکہ علیؑ میری تکمیل نبوت میں شریک ہوگا۔"

کیونکہ اگر علی کی جنگ کو میری جنگ تسلیم نہ کیا جائے تو اس آیت پر عمل تشنہ رہے گا۔

امور اسرارِ مخفیہ باطنیہ کا نہ تو سمجھنا آسان ہے اور نہ ہی ان سے حجاب و پردہ کو اٹھانا آسان ہے اور نہ ہی پردہ اٹھانے کی اجازت ہے کہ پردہ اٹھانے سے

لَو عَلِمَ ابُوذَرٍ مَا فِی قَلْبِ سَلْمَان لَقَتَلَہٗ

"اگر ابوذرؓ سلمان کا حال جان لیتا، اسے قتل کرا دیتا۔" (حیات القلوب ۶۱۵/۶۱۶)

کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔

بے شک حضرت ابوذرؓ مستبصر اور اسرار اہلبیت کے حامل اور امین اور سلمان



کے دینی بھائی تھے لیکن باوجود اس کے حضرت سلمانؓ اس مقام پر پہنچے ہوئے تھے جو ابوذرؓ کی قوت برداشت سے باہر تھا۔ اس وادی میں ہر قدم پر جل جانے کا خوف ہے۔

پس جو شخص اپنے اندر قوت برداشت نہ پاتا ہو اس کو حضرت جبرائیل کی تقلید میں صاف گوئی سے کہہ دینا مناسب ہے اگر میں اپنے مقام سے بال بھر بھی آگے بڑھوں محال قدس کے قریب جاؤں تو ضرور ہی جل جاؤں گا۔ نہ کہ فاضلیت کی لاج رکھنے کے واسطے قیاسی اجتہاد کی چہ مہ گوئیوں سے حدود قائم کر کے اوصافِ الٰہیہ اور مظہر اوصاف الٰہیہ کُلیہ کے درمیان تفریق پیدا کر کے مصنوعی خود ساختہ عظمت الٰہیہ کی پناہ لے کر اپنی فاضلیت کو بچانا مناسب ہے۔

## پانڈوں اور کوروں کی مشہور جنگ میں سری کرشن کی طلب نصرت

پانڈوں اور کوروں کی جنگ میں جب سری کرشن جی مہاراج کورو کشیتر کے میدان میں تشریف لاتے ہیں تو انہیں معلوم ہوتا ہے کہ سچائی کے طرفدار تو محض مٹھی بھر ہیں مگر پرستاراں کے ٹڈی دل لشکروں سے زمین اٹی پڑی ہے۔ کرشن جی اپنے سرفروشوں کو ضروری اپدیش دینے کے بعد تخلیہ میں جاتے ہیں اور اپنے مالکِ حقیقی کے سامنے زمین بوس ہو کر دعا مانگتے ہیں۔

"ہے پرمیشور! سنسار پرم آتما! تجھے اپنی ذات کی قسم اور اس کی قسم جو آکاش اور دھرتی کا جنم کارن ہے اور اس کی قسم جو تیرے پیارے کا پیارا ہے تیرے پربھتم کا پریتم ہے۔ تجھے اس کا واسطہ جو آہلی ہے۔ جو سنسار کے سب سے بڑے مندر میں کالے پتھر کے نزدیک اپنا چمتکار دکھائے گا تو میری بنتی سن۔ جھوٹے راکشسوں کو نشٹ کر اور سچوں کو فتح دے۔ ہے ایشورا۔ ایلا۔ ایلا۔ ایلا۔

(رسالہ کرشن بنتی۔ مؤلفہ پنڈت رام دھن۔ صفحہ ۷۲)
(شائع کردہ ساگری پند کالیہ۔ دہلی مطبوعہ ۱۹۳۱ء)

Presented by www.ziaraat.com

کرشن جی کے ان دعائیہ فقروں کے ایک ایک لفظ پہ غور کیجئے کہ وہ کس خوبی و
خوش اسلوبی، کس وضاحت و بے حجابی اور کس لگا اور تضرع سے آکاش اور
دھرتی کے جنم کارن یعنی باعثِ تکوینِ ارض وسما، موردِ، لولاک لما خلقت افلاک کو
پکار رہے ہیں۔ پھر زینتِ ارض وسما کے پیارے کے پیارے (محبوبِ رسول اکرمؐ)
اور اس کے پرتیم کے پرتیم (حبیبِ نبیؐ محترم) کی قسم دے رہے ہیں اس کے بعد
اس کا نام بھی پکارتے ہیں "آہلی" یہ سنسکرت کا ایک قدیم لفظ ہے جو عربی کے
عالی یا علی کے ہم پلہ ہے مگر کرشن جی مذکورہ اسم گرامی کی خود ہی تشریح فرما رہے ہیں
کہ وہ جو سنسار کے سب سے بڑے مندر (دنیا کے قبلہ و کعبہ حرم محترم) میں
کالے پتھر (سنگِ اسود) کے نزدیک اپنا چمتکار (جلوہ یا معجزہ) دکھائے گا۔ آخر میں
انہوں نے تین دفعہ پکارا:

ایلا! ایلا! ایلا!

اب محل نظر یہ بات ہے کہ یہ "ایلا" کون ہے؟ اس کے معنی ہم سے نہیں۔
بلکہ ایک ودیارتھی پنڈت ہی سے سُن لیجئے۔ لکھتا ہے!

پراچین سمے کی پرانی زبانوں میں ایک سنسکرت بھی ہے جس کا دعویٰ ہے کہ
وہ سب سے پرانی بولی ہے۔ اس میں کوئی شاکھیا ایسے بھی ہیں جو آجکل لکھنے پڑھنے
اور بولنے میں نہیں آتے۔ اس طرح کا ایک نام "ایلا" ہے۔ اس کا مطلب ہے بڑے
ہی درجے والا یا بڑے ہی اونچے نام والا۔

آہلی یا آہلی یا آلی بھی اس سے نکلا ہے۔ جیسا کہ عربی زبان میں کہتے ہیں:
اعلیٰ۔ علی۔ عالی۔ تعالیٰ وغیرہ۔ پراچین ویدوں میں ایسے بہت سے لفظ ملتے
ہیں جن کو پڑھنے والے شبہ کرسکتے ہیں کہ وہ عربی کے بگڑے ہوئے ہیں یا سنسکرت
سے عربی میں چلے گئے ہیں۔

(کتاب ناگر ساگر۔ مؤلفہ پنڈت کرشن گوپال)
(مطبوعہ کپورن پریس۔ شائع کردہ نارائن بکڈپو آگرہ)
(۱۹۱۷ء صفحہ ۲۱۱ - ایڈیشن دوم)

لفظ ایلا کی مندرجہ بالا تشریح سے ثابت ہوا کہ کرشن جی اپنی دعائیہ فریاد



میں "آہلی" یا "ایلا" کہنا حضرت علیؑ سے امداد کی درخواست کرنا تھا اس لئے
انہوں نے بار بار آپ کا اسم وردِ زبان کیا ہے۔ اگر نہیں تو اہل ہنود عالمان
سنسکرت بتائیں کہ آہلی یا ایلا کے کیا معنی ہیں اور سنسار کا سب سے بڑے
مندر کا "کالا پتھر" کہاں ہے؟ اور اس میں کس آہلی یا ایلا نے اپنا چمتکار دکھایا
تھا؟

ع صدائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے




Presented by www.ziaraat.com

يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ (قرآن)

ترجمہ: "کافر لوگ کہتے ہیں کہ تو رسول نہیں ہے۔ تم جواب دو کہ: اللہ تعالیٰ تمہارے اور میرے درمیان میری رسالت کی گواہی کے لئے کافی ہے اور وہ شخص جس کے پاس کُل کتاب کا علم ہے"۔

اس آیت میں خدا نے اپنے رسولؐ کی رسالت کی شہادت کے لئے اپنی ذاتِ اقدس کو پیش فرمایا ہے کہ میں اس کو رسول بنا کر بھیجنے والا گواہی کے لئے کافی ہوں۔ اور وہ شخص جس کے پاس کُل کتاب کا علم ہے۔ بے شک خدا کی گواہی کافی تھی اور کافی ہے۔ مگر خدا نے اپنے قانون میں ہر امر کے لئے دو عادل گواہ قرار دیئے ہیں اس لئے دوسرے گواہ کی ضرورت فرما کر اُمت رسولؐ میں سے جس کو رسولؐ کی رسالت کا گواہ پیش فرمایا ہے اس کا نام و قوم و قبیلہ وغیرہ کچھ نہیں بیان فرمایا بلکہ اس گواہ کی شناخت کے لئے اس کا یہ وصف بیان فرمایا ہے کہ وہ گواہ وہ شخص ہے جس کو کُل کتاب کا علم ہے لیکن کتاب کا نام بھی نہیں لیا۔ کہ وہ کتاب توریت ہے کہ انجیل یا کہ زبور ہے یا کہ قرآن ہے۔

اس گواہ کی شناخت کا معیار (الکتاب اور اس کے علم) کو قرار دیا ہے۔ لہٰذا



کتاب اور اس کے علم کی تشخیص سے اس گواہ کی شناخت ہوگی اس کے بغیر اس کی شناخت کا اور کوئی ذریعہ نہیں ہے۔

سورہ رعد میں یہ آیہ مبارکہ موجود ہے اس کو اوّل سے لے کر چودھویں صدی کی شروع تک علمائے اسلام مکی سورہ مانتے ہیں اور لکھتے آئے ہیں۔ کتب خانہ قبول عام و مقبول عام پریس ریلوے روڈ لاہور جو مولوی نواب الدین کا تھا اس پریس میں چھاپہ شدہ قرآن مجید جو (ایم محمد اقبال مینجر) کے زیرِ اہتمام چھپ کر فروخت ہوتے رہے ہیں اس میں سورہ رعد کو مکی لکھا گیا ہے جو سابقہ سندات کے مطابق ہے لیکن تاج کمپنی وغیرہ کے چھاپ کردہ قرآن مجید جو قرآن منزل لاہور سے شائع ہو رہے ہیں اس میں سورہ رعد کو مدنی لکھا گیا ہے۔

لیکن ہمارے نزدیک اس تبدیلی سے کوئی فائدہ نہیں ہوا اور نہ ہی ہوگا۔

خداوند عالم غیب دان ہے اور وہ ایسی حرکات کو جانتا ہے اس لئے اس نے اپنی کتاب میں اس امر کا انتظام کر دیا تاکہ صاحبان عقل کو اصیلیت معلوم ہو جائے۔ خداوند عالم نے کتاب اور علم کتاب کو بیان فرما کر (ومن عندہ علم الکتاب سے مراد عبداللہ بن سلام جو یہودی مذہب کا عالم تھا اور مدینہ میں مسلمان ہوا تھا) کی تردید کر دی ہے۔

اگر کوئی نہ سمجھے تو یہ اس کا قصور ہے اس سے واقعہ نہیں بدل سکتا وہ اپنے مقام پر ہی رہے گا۔ جیسا کہ خدا فرماتا ہے:

ترجمہ: "حضرت سلیمانؑ نے کہا! اے دربار والو یا کہ اے سردارو تم میں سے کون ہے جو بلقیس کے تخت کو اس کے فرمانبردار ہو کر حاضر ہونے سے پہلے میرے پاس لا دے یا لے آوے"۔

قوم جِن میں ایک بڑا قوی جوان بولا کہ میں تیرے اپنے مقام سے اُٹھنے سے پہلے تجھے لا دیتا ہوں اور میں اس کو اٹھانے میں طاقتور اور امین بھی ہوں۔ اس شخص نے کہا جس کے پاس تھوڑا سا علم تھا یا کتاب کے علم میں سے کچھ علم تھا کہ میں تیرے آنکھ جھپکنے یا تیری نظر کے پلٹنے سے پہلے لا دیتا ہوں۔ پس اس نے تخت کو اپنے سامنے آرام سے رکھا ہوا پایا

Presented by www.ziaraat.com

تو کہنے لگا کہ یہی میرے رب کا فضل ہے (۱۸/۱۹ قرآن)

اس آیت میں دو باتوں کو پیش کیا جاتا ہے۔

۱۔ ایک یہ ہے کہ حضرت سلیمانؑ رسول ہیں ان کو تخت بلقیس کی ضرورت ہے وہ خدا سے نہیں عرض کرتے اور نہ ہی خود علمِ رسالت سے تخت لاتے ہیں بلکہ اہل دربار سے سوال کرتے ہیں کہ تم میں سے کون ہے جو میرا یہ کام کر دے۔ خیال رہے یہ حکم نہیں سوال ہے حکم کسی مخصوص شخص کو دیا جاتا ہے بلکہ فرمایا ہے تم میں کون ہے اس سے سوال کرنے کا اور امداد طلب کرنے کا جواز ثابت ہے۔

۲۔ دوسرا یہ عرض کرنا ہے کہ آیت میں خدا نے فرمایا ہے (کہ اس شخص نے کہا جس کو کتاب کے علم میں سے کچھ علم عطا ہوا تھا) اس لئے کتاب اور اس کے علم کو معلوم کرنے سے مقصد حاصل ہو گا۔

دونوں آیات میں لفظ کتاب نکرہ جس پر ال داخل ہے الف لام یا تو جنسی ہوتا ہے یا معرفہ ہوتا ہے اگر الف لام جنسی لیا جائے تو مراد کُل کتب و صحائف آسمانی ہوں گے اور اگر معرفہ لیا جائے تو اس سے قرآن ہو گا۔ جو کُل کُتب و صحائف آسمانی کا مصدق و نگران اور ان کا ناسخ ہے اور ناسخ سے مراد ہوتی ہے کہ جو کچھ ان میں نازل نہیں ہوا وہ بھی ناسخ میں من حیث الکلی موجود ہو۔ لہٰذا الف لام کی دونوں صورتوں میں کُل کتب آسمانی میں نازل شدہ علم کے کچھ حصّہ کا علم حضرت آصف بن برخیا کو عطا ہوا تھا اور یہی صورت واقعہ بھی ہے کہ اس وقت تک توریت اور زبور ہی نازل ہوئے تھے۔ انجیل اور قرآن نہیں نازل ہوئے تھے (اہل اسلام کوئی ایسا واقعہ نہیں دکھا سکتے جو عبداللہ بن سلام سے وقوع ہوا ہو جو جزوی علم کتاب رکھنے والے حضرت آصف بن برخیا نے حضرت سلیمانؑ کو دکھایا تھا)

تخت بلقیس شہر سبا علاقہ یمن سے بیت المقدس میں لایا گیا تھا جن میں تقریباً پندرہ سو میل کا فاصلہ ہے پس اس سے ثابت ہے کہ خدا کی کتاب قولی کے علمِ جزوی سے خدا کی کتاب فعلی پر یہ تصرف حاصل ہو سکتا ہے۔ یہ تصرف عبداللہ بن سلام ہوں یا کوئی اور درسی و کسبی علوم کے بس کی بات نہیں۔ پس عبداللہ بن سلام خداوند عالم کی طرح شہید رسالت کس طرح ہو سکتا ہے۔ شہید وہ ہوتا ہے جو واقعہ پہ حاضر



ہو، وقوعہ کو آنکھ سے دیکھے۔ اگر ایسا نہ ہو تو وہ شہید نہیں ہوتا۔ واقعہ رسول کی رسالت کا ہے اور رسول کو رسالت عطا ہونے کا ہے اور خدا نے اس کی شہادت کو اپنی شہادت سے ملا کر بیان فرمایا ہے۔ گواہ کا عادل ہونا بھی ضروری ہے۔ کہ فاسق کی گواہی قبول نہیں ہو سکتی۔ رسولؐ کی رسالت کا جس طرح خداوند عالم شہید ہے اسی طرح بعینہٖ وہ عالم کتاب بھی شہید ہے اور جب سے خداوند عالم رسولؐ کی رسالت کا شہید ہے وہ بھی شہید ہے اور خداوند عالم رسولؐ کی رسالت کا اس وقت سے شہید ہے جبکہ اس نے رسولؐ کو اپنا رسولؐ بنایا۔ پس یہ شہید رسولؐ بھی اس وقت سے شہید ہے اور یہ تب ہی ہو سکتی ہے جب وہ شہید اس وقت واقعہ پر موجود ہو اور رسولؐ کو رسالت کا عہدہ ملتے دیکھا ہو ورنہ وہ خدا کی طرح شہید نہ ہو گا۔ اگر ایسا نہ ہو تو وہ خداوند عالم کے کلام کی تکذیب لازم آئے گی۔

لہٰذا قہراً تسلیم کرنا ہو گا کہ یہ گواہ وہ شہید رسالت رسولؐ اس وقت ضرور موجود تھا اور رسولؐ کو رسالت کا ملنا قرآن مجید کے عطا ہونے پر موقوف ہے۔ بغیر عطیہ قرآن رسالت بیکار عمل ہے اور رسولؐ کو قرآن مجید عطا ہونے کا ذکر خداوند عالم اس طرح فرماتا ہے:

ترجمہ: رحمٰن وہ ہے جس نے قرآن سکھایا اور انسان کو پیدا کیا اور اس کو بیان کرنا سکھایا۔

نیز آیہ میثاق سے ثابت ہے کہ خدا نے اپنے رسولؐ کو انبیاء سے اقرار لینے سے پہلے اپنی رسالت کا عہدہ عطا فرما دیا ہوا تھا پس اس وقت عبداللہ بن سلام یا کوئی اور صاحب کہاں تھے جو شہید رسالت ہوتے۔ پس اس وقت نہ عبداللہ بن سلام موجود تھا اور نہ ہی کوئی اور صاحب تھے لہٰذا وہ اس آیت کا مصداق ہرگز نہ تھے اور قطعاً نہ تھے اور اس کا مصداق وہی ہے جس کے متعلق رسولؐ نے فرمایا ہے۔

أَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا

"میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہیں"

پس (عندہٗ علم الکتاب) کا مستحق و مصداق وہ پاک اور مقدس وجود ہے جو زمین و آسمان کی ہر چیز ظاہر و غائب خشک و تر کو جانتا تھا۔ پس اگر جزوی علم رکھنے

Presented by www.ziaraat.com

والے آصف بن برخیا کی یہ روحانی قوت ۔ تو کُل کتاب کے عالم کی روحانی قوت کیا ہو سکتی ہے۔

علیؑ کے روحانی اقتدار کو پرکھنے کا ہمارے پاس کوئی معیار نہیں۔ ایک اندھا اگر آفتاب کی تعریف کرے تو فرضی ہوگی یا سماعی وہ کیا جانے اس کا وجود کتنا درخشاں ہے اور ضوفشانی کی کیا شان ہے۔ اویس قرنی روحانی دنیا کی کتنی عظیم المرتبت ہستی ہے۔ امام طریقت مان لئے گئے۔ کشف باطن کا یہ حال کہ آنحضرتؐ کے دندان مبارک اُحد میں شہید ہوئے تو اویس نے یمن میں یہ کہہ کر اپنے دانت توڑ لئے کہ: "جب حبیب کبریا کے دانت نہ رہے تو میرے کیوں رہیں۔" صفائے نفس کا یہ عالم کہ آنحضرتؐ پر غائبانہ ایمان لائے تھے ایک دن مشتاقان دیدار کو پتہ چلا کہ اویس سر راہ بیٹھے ہیں دوڑ پڑے۔ پوچھا! حضور آپ یہاں کیسے؟ فرمایا کسی کے انتظار میں ہوں۔ انہوں نے کہا: آپ اور انتظار؟ وہ کون خوش نصیب انسان ہے۔

فرمایا: "وہ ہے جس کے قدموں کی خاک اویس کی آنکھوں کا سُرمہ ہے۔"

یہ علیؑ تھے جو جنگ صفین کے لئے لشکر لے جا رہے تھے۔ سلیم بن کوفی عامری حضرت امیرالمومنینؑ کے جلیل القدر صحابی ہیں۔ اکتیس ۳۱ علمائے اسلام نے آپ کی کتاب سے احادیث لی ہیں۔ آپ کی کتاب کا نام "السقیفہ" ہے جو مطبع حیدریہ نجف اشرف سے شائع ہوئی۔ آپ تابعی ہیں حضرت علیؑ، سلمان اور ابوذر کو آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ آپ کی کتاب میں اکثر احادیث انہی حضرات سے مروی ہیں۔ چنانچہ سلیم بن قیس سے روائتی حدیث کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔

سلیم بن قیس کہتے ہیں کہ میں نے ابوذر غفاری سے سُنا جن کا نام جندب بن عبادہ ہے کہ میں نے رسولؐ خدا کو ایک رات حضرت علیؑ سے کہتے ہوئے سُنا کہ:

"اے علیؑ جب صبح کا وقت ہو تو بقیع کے پہاڑوں کو چلے جانا۔ جب سورج نمودار ہو تو اس پر سلام کہنا۔ خداوند عالم نے سورج کو حکم دیا ہے کہ وہ تجھے جواب دے کر تیری حیثیت کو ظاہر کرے۔"

صبح کو مہاجرین اور انصار کی ایک جماعت کے ساتھ جس میں حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ بھی شامل تھے بقیع کے پہاڑوں کی طرف تشریف لے گئے۔ جب سورج



ظاہر ہوا تو آپ نے فرمایا:

"اے اللہ کی فرمانبردار نئی مخلوق علیؑ کا تجھ پر سلام ہو" تو سورج نے جواباً سلام عرض کیا اور کہا:

"اے اوّل اے آخر اے ظاہر اے باطن اے وہ شخص جو ہر چیز کا جاننے والا ہے"

جب ان لوگوں نے حضرت علیؑ سے سورج کو کلام کرتے ہوئے دیکھا تو سب کے سب گھنٹوں تک بے ہوش پڑے رہے۔ آپ وہاں سے تشریف لے گئے۔ جب حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ اور مہاجرین اور انصار کو ہوش آیا تو رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا:

"آپؐ تو فرماتے ہیں کہ علیؑ ہم جیسا انسان ہے حالانکہ آج ہم نے سورج کو اُن سے کلام کرتے ہوئے سُنا ہے۔"

آپؐ نے فرمایا کیا کہتا تھا۔ انہوں نے کہا: سورج کہہ رہا تھا کہ "تم پر میرا سلام ہو اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن اے وہ شخص جو ہر چیز کا جاننے والا ہے۔"

رسولؐ خدا نے فرمایا:

"سورج نے سچ کہا ہے۔ علیؑ ہی مجھ پر سب سے پہلے ایمان لائے ہیں۔ علیؑ ہی سب سے آخر میرے ساتھ رہیں گے۔ مجھے غُسل دیں گے، کفن پہنائیں گے اور مجھے قبر میں اتاریں گے۔ علیؑ ہی وہ ہیں جن پر میرا کُل علم ظاہر ہوا۔ علیؑ ہی وہ ہے جو میرے سب رازوں کا خزانہ ہے۔ علیؑ ہی وہ ہے جو تمام حلال حرام فرض سنت کو جاننے والے ہیں"

یہ سُن کر تمام لوگ کھڑے ہو گئے اور کہا:

"آج محمدؐ نے ہم کو حیرت میں ڈال دیا ہے"۔ اور مسجد سے باہر چلے گئے۔

## جنگِ خیبر

چوتھا پارہ پڑھیں۔ سورہ آل عمران میں دیکھ لیں۔ اللہ نے وعدہ کیا ہے۔ قرآن کیا کہہ رہا ہے:

ترجمہ: اگر یہودی ایمان لے آتے تو ان کے حق میں بہتر ہوتا۔ ان میں سے کچھ مومن ہو جائیں گے مگر اکثریت فاسق رہے گی۔ تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکیں گے۔

Presented by www.ziaraat.com

مگر صرف اذیت دیں گے اور اگر تم سے جنگ کریں گے تو تمہیں پشت دکھا کر بھاگ جائیں گے پھر ان کی مدد نہ کی جائے گی۔

بقولے انتالیس دن مقابلہ ہوتا رہا۔ یہودی بھاگے نہیں۔ موقع ملا یہودیوں کو یہ کہنے کا کہ کہاں ہے وہ خدا تمہارا، وہ رسولؐ اور وہ قرآن الہامی کتاب جس میں وعدے ہیں اور وہ پورے نہیں ہوئے بلکہ بعض نے کہہ دیا کہ اللہ نے ہم سے دھوکے کا وعدہ کیا۔ اب فرمائیں ایسے وقت جب توحید خطرہ میں ہو جس کا وعدہ سچا نہ ہو وہ خدا نہیں جس کی پیشین گوئی میں صداقت نہ ہو وہ رسولؐ نہیں اور جس کا وعدہ سچا نہ ہو وہ الہامی کتاب نہیں اور جس دین میں سچائی نہ ہو وہ دین بھی حق نہیں تو اسلام کو، قرآن کو رسولؐ کو اور خدا کو اس وعدہ کو سچا ثابت کرنے کے لئے ایک مرد کی ضرورت تھی قرآن کی روشنی میں پتہ لگا کہ ضرورت تھی ایک مرد کی۔ کہ وہ مرد آئے اور یہودیوں کو بھگائے اور ثابت کر دے کہ میرے خدا کا وعدہ سچا ہے، میرا نبی سچا ہے، میرا قرآن سچا ہے، میرا اسلام سچا ہے کہ اللہ خیبر میں نہیں تھا اور محمدؐ رسول اللہ بھی تھے، وعدہ پورا نہ ہوا جب تک علیؑ نہ تھے خیبر فتح نہ ہوا۔ یہودی نہیں بھاگے خیبر کا در نہ اکھڑا۔ مرحب کا سر جدا نہ ہوا۔ خدا اور رسولؐ، قرآن و اسلام سب کا وعدہ پورا ہو گیا۔ صرف ایک ذات علیؑ ابن ابی طالب کی جنگ سے۔ اب آپ اندازہ کر لیجئے کہ امیرالمومنین علیؑ صرف مدد کے لئے بنائے گئے۔ قدرت نے ان کو مدد کے لئے پیدا کیا۔ اس لئے تو رسولؐ خدا نے بحکم رب العزت علیؑ کو مدد کے لئے پکارا۔

---

نام لو تم خدا کا سب سے پہلے نام لو
اور پھر دامن حبیبؐ کبریا کا تھام لو
پھر علیؑ مرتضیٰ کا نام صبح و شام لو
میکدے سے پھر حسین ابن علیؑ کا جام لو



# آیت الکرسی با موکل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم ۔ عزمت علیکم و اقسمت علیکم برب الملائکۃ المقربین اجب یا جبرائیل یا کمائیل سامعا مطیعا بحق لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض۔ عزمت علیکم و اقسمت علیکم برب الملائکۃ المقربین اجب یا اسرافیل یا کواکیل یا تنکفیل سامعا مطیعا بحق من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ عزمت علیکم و اقسمت علیکم برب الملائکۃ المقربین اجب یا میکائیل یا حربائیل یا نائیل یا تمقائیل سامعا مطیعا بحق یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم عزمت علیکم و اقسمت علیکم برب الملائکۃ المقربین اجب یا شورائیل یا سامائیل یا احمائیل یا سامعا

Presented by www.ziaraat.com

مُطِيعًا بِحَقِّ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ عَزَمْتُ
عَلَيْكُمْ يَا رَبِّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا
مِيكَائِيلَ يَا حَفْلَائِيلَ يَا طَوْطَائِيلَ يَا مُوطَائِيلَ
سَامِعًا مُطِيعًا بِحَقِّ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا يَؤُدُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ
الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ • عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِكَةِ
الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا بِرْتَائِيلَ يَا تَرْتَائِيلَ يَا
هَرْبَائِيلَ سَامِعًا مُطِيعًا بِحَقِّ الْاَعْظَمِ اَنْ
تَقْضِيَ حَاجَتَنَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ •

زبردست ترین حصار ہے اور ارواح مخفی کے عاملین کے لئے ازحد ضروری ہے۔ اس حصار کے بعد عامل حاضرات کو حاضر کر کے جو مناسب حکم دے وہ بجالائیں گے اور سرتابی کی جرأت نہیں کر سکتے۔ عامل کامل حضرات کے لئے بیش بہا خزانہ ہے۔ اثرات عامل خود دیکھے۔

## نادِ علی صغیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي
النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِنُبُوَّتِكَ
يَا مُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ •

## نادِ علی کبیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي
النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ اِلَى اللّٰهِ حَاجَتِي وَعَلَيْهِ
مُعَوَّلِي كُلَّمَا رَمَيْتُ مُتَقَاضِيٌ فِي اللّٰهِ يَدُ اللّٰهِ وَلِيُّ
اللّٰهِ لِي اَدْعُوكَ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ
يَا اللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ
وَسَلَّمَ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي
بِحَقِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ
اَكْبَرُ اَنَا مِنْ شَرِّ اَعْدَآئِكَ بَرِيٌّ بَرِيٌّ اللّٰهُ صَمَدِي
بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَا اَبَا الْغَيْثِ
اَغِثْنِي يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي يَا قَاهِرَ الْعَدُوِّ يَا وَالِيَ الْوَلِيِّ
يَا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ يَا مُرْتَضٰى عَلِيُّ يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ
بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِي قَهْرِ يَا قَهَّارُ يَا ذَا الْبَطْشِ
الشَّدِيْدِ اَنْتَ الْقَاهِرُ الْجَبَّارُ الْمُهْلِكُ الْمُنْتَقِمُ
الْقَوِيُّ الَّذِي لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهُ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ
اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ
الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ يَا غِيَاثَ
الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِي يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي بِرَحْمَتِكَ
وَمَنِّكَ وَجُوْدِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ •

حصار برائے حاضرات کے علاوہ لامحدود اثرات کی حامل ہے ہر غرض مرض میں موثر ہے اور تمام افعال کے بارے میں مستند ہے۔ ہر کام میں تیر بہدف ہے۔ اثرات کے لئے دفتر درکار ہے اس کے اثرات کا احاطہ ناممکن ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اوّل آخر درود بر محمدؐ وآل محمدؐ پر ضروری ہے۔ عاملین عظام ہی حقیقی اثرات جان سکتے ہیں۔ میرے بس میں اثرات کو محدود کرنا ہرگز نہیں ہے۔

# نادِ علی باموکل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ
مُعْتَمَدِیْ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ بِحَقِّ
مُحَمَّدِ الْعَرَبِیْ یَاکَرِیْمُ تَکُنْ مِنِّیْ وَالْکَرِیْمُ
یَاکَرِیْمُ فِیْ کَرَمِ کَرَمِكَ یَاکَرِیْمُ نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرِ
الْعَجَائِبِ وَالْجَلِیْلُ فِیْ جَلَالِكَ یَا جَلِیْلُ اَجِبْ یَا
جِبْرَائِیْلُ سَمِیْعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ هٰذَا الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ
الْاَکْرَامِ اَنْ تَقْضِیْ لَنَا حَاجَاتِنَا کُلَّهَا هَاءٍ هَاءٍ هَاءٍ
هُوْ هُوْ هُوْ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِی
النَّوَائِبِ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ
فَیَکُوْنُ یَا قَاهِرُ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا قَاهِرُ اَجِبْ
یَا عِزْرَائِیْلُ سَمِیْعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ
الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَکْرَمِ اَنْ تَقْضِیْ حَاجَاتِنَا کُلَّهَا
هَاءٍ هَاءٍ هَاءٍ هُوَ هُوَ هُوَ وَالْعِزَّتِیْ عِزَّتِكَ یَا
عَزِیْزُ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ یَا سَمَائِیْلُ بِحَقِّ
هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَقْضِیْ لَنَا
حَاجَاتِنَا کُلَّهَا اَللّٰهُ تَعَالٰی هُوْ هُوْ هُوْ کُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ
سَیَنْجَلِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ



الظّٰلِمِیْنَ ٥ یَا مَنْ نَظَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَجِبْ یَا غَمْرَائِیْلُ
سَمِیْعًا مُطِیْعًا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَکْرَمِ اَنْ
تَقْضِیَ لَنَا حَاجَاتِنَا کُلَّهَا هَاءٍ هَاءٍ هَاءٍ هُوْ هُوْ هُوْ
بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ یَا عَظِیْمُ لِعَظَمَتِكَ
یَا عَظِیْمُ بِنُبُوَّتِكَ یَا مُحَمَّدُ بِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا
عَلِیُّ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ اَیُّهَا الْمُرْتَضٰی یَا وَلِیَّ اللّٰهِ یَا
قَاهِرَ الْعَدُوِّ وَیَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِیُّ
بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ
الْاَکْرَمِ اَنْ تَقْضِیَ لَنَا حَاجَاتِنَا کُلَّهَا هَاءٍ هَاءٍ هَاءٍ
هُوْ هُوْ هُوْ بِحَقِّ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ اَحْفِظْنَا
مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ مِنْ شَرِّ
اَعْدَائِكَ بَرِیْ بَرِیْ بَرِیْ بَرِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِیْنَ ٥

نادِ علی صغیر کے اثرات کا احاطہ ناممکنات سے ہے ہر غرض میں کام آتی ہے۔ نادِ علی کبیر کا دائرہ اس سے وسیع ہے۔ کتابیں اثرات کے تذکرہ سے پر ہیں۔

نادِ علی باموکل عامل چالیس دن پرہیز مجوزہ کے ساتھ (۱۱۰) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے عامل بن سکتا ہے۔ ایمرجینسی میں مبتدی بھی کام لے سکتا ہے۔

حاضرات کے لئے بہترین زبردست طاقتور ترین چیز ہے۔ مخفی مخلوق نادِ علی باموکل کے عامل سے لرزہ براندام ہو جاتی ہے اور سرتابی کی جرأت نہیں کر سکتی۔ ہر کام میں فائدہ دیتی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اول و آخر محمدؐ و آل محمدؐ پہ درودِ ابراہیمی پڑھے۔

# چہل کاف باموکل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کَفَاکَ رَبُّکَ یَاخَنْتَائِیْل۔ کَمْ یَکْفِیْکَ وَاکِفَۃٍ یَاذَوْلَائِیْلَ۔ کِفْکَا فُھَا کَکَمِیْنٍ یَاجِبْرَائِیْل۔ کَانَ مِنْ کُلِّھَا۔ یَاکَنْکَائِیْل۔ تَکَرٌّ کَرًّا۔ یَامِیْکَائِیْل۔ کَکَرٍّا لْکَرِّ۔ یَانَعْمَائِیْل۔ فِیْ کَبِدِ تَحْکِیْ۔ یَاسَرْکَائِیْل مُشَکْشَکَۃً کُلْکَاکِکِ کُلْکَا۔ یَاھَمْرَائِیْل کَفَاکَ مَابِیْ کَفَافَ اَلْکَافِ کَرْبَتَہٗ یَاعِزْرَائِیْل یَاکَوکَبًا کُنْتَ تَحْکِیْ یَا دَرْدَائِیْل۔ کَوْکَبَ الْفُلْکَا۔ یَامِیْکَائِیْل۔

یاشاہِ محمود سرہالی لنگوٹ بند چہل کاف۔

# دعائے عافیت

جو شخص چاہے کہ اس کا حشر محمدؐ و آل پاک ان کی کے ساتھ ہو اور وہ حضرت موت، قبر، برزخ، قیامت، حساب اور کتاب وغیرہ کے مواقع پر بالخصوص اس پہ رحمت فرمائیں تو اس دُعا کو ہر فرض نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھے۔

دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مَعَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ فِیْ



کُلِّ عَافِیَۃٍ وَّبَلَاءٍ وَاجْعَلْنِیْ مَعَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ فِیْ مَثْوَیً وَمُنْقَلَبٍ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ مَحْیَایَ مَحْیَاھُمْ وَمَمَاتِیْ مَمَاتَھُمْ وَاجْعَلْنِیْ مَعَھُمْ فِیْ مَوَاطِنَ کُلِّھَا لَاتُفَرِّقْ بَیْنِیْ وَبَیْنَھُمْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ


## مکتبہ آئینۂ قسمت لاہور کی شہرۂ آفاق کتب

تقویم سیارگان ۱۹۵۱ء: علم النجوم کے ہر طالب علم کے لئے یکساں مفید۔ جس میں سبع سیارگان کے علاوہ یورانس، نیپچون اور پلوٹو کی لمحہ بہ لمحہ کی تفصیل موجود ہے۔ جس کی امریکن نیوی تصدیق کر چکی ہے۔ قیمت: ۱۵۰ روپے ڈخ ۱۰

مصباح الجفر اکمل: آئمہ معصومین کا پاک و پاکیزہ علم سیکھنے کے لئے علامہ حافظ کفایت حسینؒ فرماتے ہیں کہ اس سے بہترین کتاب میری نظر سے نہیں گزری۔ قیمت: ۵۰ روپے ڈخ ۵

خزینہ جفر: بتدی حضرات کیلئے علم الجفر پر ایک آسان سہل تصنیف۔ قیمت: ۳۵ روپے ڈخ ۴

مصباح القیافہ: دنیا و مردم شناس کے لئے منجم اعظم کی ایک صدا بہار تصنیف۔ قیمت: ۴۰ روپے ڈخ ۴

مصباح الرمل: نقطوں اور لکیروں کے بے پایاں علم، ماضی، حال اور مستقبل جاننے کے راز۔ قیمت: ۴۰ روپے ڈخ ۴

رموزِ سوال: (وقتی زائچہ) تشنگان علوم فلکیات کے لئے اطمینان و اعتماد کا دلکش مرقع۔ قیمت: ۵۰ روپے ڈخ ۵

جامع النجوم: علم النجوم سیکھنے کے شائقین کے لئے ایک آسان سہل تصنیف۔ قیمت: ۳۵ روپے ڈخ ۴

مصباح الاعداد: علم الاعداد ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹ سے پیشگوئیاں کرنے کے قواعد۔ قیمت: ۲۰ روپے ڈخ ۲

مصباح الرویا: حضرت یوسف علیہ السلام کا ورثہ، خوابوں کی حقیقت کیا ہے؟ قیمت: ۲۰ روپے ڈخ ۲

مصباح الریمیا: شعبدہ بازی کیا ہے؟ اور اس کے سربستہ راز کیا ہیں؟ قیمت: ۲۵ روپے ڈخ ۳

مصباح الفراست: المشہور دنیا والوں کے ہاتھ، دست شناسی پر ایک جامع تصنیف۔ قیمت: ۳۰ روپے ڈخ ۲

مصباح العملیات: اعمال خاندان زنجانیہ عالیہ، اعمال قادریہ، اعمال چشتیہ کے قرآنی و روحانی مجربات کا روحانی تحفہ۔ قیمت: ۳۵ روپے ڈخ ۴

آپ کی تاریخ ولادت: آپ کا ماضی، حال اور مستقبل، یہ کتاب آپ کو منجمین سے بے نیاز کر دے گی۔ قیمت: ۲۵ روپے ڈخ ۳

تسخیرات ہمزاد: ہمزاد کیا ہے؟ آپ کے جسم لطیف کی تسخیر کیسے ممکن ہے؟ قیمت: ۲۵ روپے ڈخ ۳

استخارہ قرآنیہ: جفار اعظم حضرت اکبر محی الدین ابن عربی عراقی کے فال نکالنے کے قرآنی قواعد۔ ہدیہ: ۱۵ روپے ڈخ ۲

استخارہ سجادیہ: سیدنا امام زین العابدین ابن حسینؑ شہید کربلا کا زندہ معجزہ۔ ہدیہ: ۵ روپے ڈخ ۱

مفاتح الغیب: حضور سیدنا صادق آل محمدؐ کی تصنیف واقعی خزانہ غیب کی کلید ہے۔ ہدیہ: ۲۰ روپے ڈخ ۲

کلیہ ریس وسٹہ: شائقین ریس وسٹہ کے لئے انمول تحفہ۔ قیمت: ۱۰ روپے ڈخ ۲

فیوضِ طلسمات: بد اعمال طلسمات سحر جادو سے نیکی کی جنگ۔ قیمت: ۳۵ روپے ڈخ ۴

بیاضِ عملیات: (تلاش) دوسو فیصد درست عملیات کا گلدستہ۔ قیمت: ۳۵ روپے ڈخ ۴

قانونِ طلسمات: صدیوں پرانے عظیم و نادر عرابی سریانہ قوائد کا مرقع۔ قیمت: ۵۰ روپے ڈخ ۵

سحرِ اسود: پاک و ہند میں کالے جادو پر اس سے بہترین کتاب موجود نہیں۔ قیمت: ۳۰ روپے ڈخ ۳

نوٹ: بیرون ملک منگوانے کے لئے قیمت میں ڈاک خرچ شامل ہے جبکہ اندرون ملک ڈاک کے چارجز تقریباً دس روپے فی کتاب الگ ہوں گے۔

منگوانے کا پتہ: مکتبہ آئینہ قسمت زنجانی منزل۔ زنجانی سٹریٹ۔ مغیپورہ روڈ گڑھی شاہو لاہور (۵۴۰۴۰) پاکستان۔


Presented by www.ziaraat.com

# نقش پنجتن پاکؑ باموکل

یہ نقش مقدس اسمائے پنجتن علیہم الصلوٰۃ والسلام کا ہے۔ جو شخص اس نقش متبرک کو حسب حال موکلان و اسمائے مقدس الٰہی کے ساعت نیک میں صاف کاغذ کے ٹکڑے پہ تازہ روشنائی طاہر اور قلم جدید سے لکھے۔ بوقت ورد سامنے رکھے۔ نیز بازوئے راست پہ باندھے۔ روز بروز اس کا مرتبہ بالا اور دولت سے بہرہ مند۔ عجائب و غرائب ظاہر ہوں۔

اعداد نام محمدؐ بانوے ۹۲، نام علیؑ کے ایک سو دس ۱۱۰، نام فاطمہؑ کے ۱۳۵، نام حسنؑ کے ۱۱۸ اور نام حسینؑ کے ۱۲۸ ہیں۔ پانچ اسم ہائے مبارک پروردگار کے یا حلیمُ، یا کریمُ یا رحیمُ یا قدیمُ یا عظیمُ معہ نام موکلان کے نقش مبارک اگلے صفحے پہ ہے۔ اس کے فوائد لامحدود ہیں۔ ہر جائز کام میں مؤثر ہونے کے علاوہ اس قدر طاقتور نقش نایاب ہے باعث کون و مکان اور اسمائے عظیمہ کی بناء پہ عظیم تاثیر اور عجائب و غرائب ظہور میں آتے ہیں جن کا اظہار نہ کرے ورنہ لطائف ربانیہ سے مستفید نہ ہو سکے گا۔

نقش اگلے صفحہ پہ ملاحظہ کریں



نقش یہ ہے۔

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ |
|---|---|---|---|---|
| حلیم / حسنؑ ۱۰۴ / تنکفیل | قدیم / محمدؐ ۱۲۹ / عطرائیل | کریم / علیؑ ۱۲۳ / حرذرائیل | عظیم / فاطمہؑ ۱۱۷ / یومائیل | رحیم / حسینؑ ۱۱۰ / اموآکیل |
| کریم / علیؑ ۱۱۸ / حرذرائیل | عظیم / فاطمہؑ ۱۱۱ / یومائیل | رحیم / حسینؑ ۱۰۵ / اموآکیل | حلیم / حسنؑ ۱۲۵ / تنکفیل | قدیم / محمدؐ ۱۲۴ / عطرائیل |
| رحیم / حسینؑ ۱۲۶ / اموآکیل | حلیم / حسنؑ ۱۲۰ / تنکفیل | قدیم / محمدؐ ۱۱۹ / عطرائیل | کریم / علیؑ ۱۱۲ / حرذرائیل | عظیم / فاطمہؑ ۱۰۶ / یومائیل |
| قدیم / محمدؐ ۱۱۳ / عطرائیل | کریم / علیؑ ۱۰۷ / حرذرائیل | عظیم / حسینؑ ۱۲۷ / اموآکیل | رحیم / فاطمہؑ ۱۲۱ / یومائیل | حلیم / حسنؑ ۱۱۵ / تنکفیل |
| عظیم / فاطمہؑ ۱۲۲ / یومائیل | رحیم / حسینؑ ۱۱۶ / اموآکیل | حلیم / حسنؑ ۱۰۹ / تنکفیل | قدیم / محمدؐ ۱۰۸ / عطرائیل | کریم / علیؑ ۱۲۸ / حرذرائیل |

## دعا اختتام ورد۔ باموکل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ یَا اِلٰھِیۡ بِحَقِّ سِرِّ ھٰذِہِ الۡاَسۡرَارِ وَبِحَقِّ الۡخَفِیِّ وَبِحَقِّ اِسۡمِکَ الۡاَعۡظَمِ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنۡ تَقۡضِیَ حَاجَتِیۡ وَتُوۡصِلَنِیۡ بِلُطۡفِکَ اِلٰی مُرَادِیۡ وَاَنۡ تَدۡفَعَ عَنِّیۡ شَرَّ خَلۡقِکَ بِحَقِّ کُنۡ فَیَکُوۡنَ وَاَنۡ تُسَخِّرَ لِیَ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ یُحِبُّوۡنِیۡ مِنۡ حَوَائِجِ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ یَا قَمۡطَائِیۡلُ یَا عَمۡطَائِیۡلُ یَا طَمۡطَائِیۡلُ

Presented by www.ziaraat.com

یَا صَلْمَعَا ئِیْلُ یَا طَمْقَا ئِیْلُ یَا عَطْفَا ئِیْلُ یَا طَمْلَطَا ئِیْلُ یَا مَعْلَلْیَا ئِیْلُ

اَفَحَسِبْتُمْ اِنَّمَا خَلَقْنَاکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ۔

اس دُعا با مؤکل میں اس قدر اسرار ہیں کہ جن کا احاطہ مشکل ہے، دفع شر، آسیب جن بھوت وغیرہ کے لئے مؤثر ہے۔ بوقت ورد سامنے رکھے ہوئے پانی پر دم کر کے خود پیئے اور اگر کوئی مریض آسیب زدہ وغیرہ ہو کہ پلا دے۔ خود حفاظت اللہ میں رہے اور بیمار کو قدرت کاملہ شفا دے۔ اول و آخر درودِ ابراہیمی اور کامل طہارت شرط ہے۔

## اسمِ اعظم

حضرت امیرالمومنین و امام المتقین علی ابن ابی طالبؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص ان اشکال سبعہ کو سفر بحر و بر میں اپنے درمیان اپنے متاع و اسباب کے رکھے غرق و حرق و سرق سے امین و سالم رہے اور وہ اشکال معظم یہ ہیں۔



حروف مقطعات کی تفسیر ماسوائے معصوم کوئی نہیں کر سکتا۔ کٓھٰیٰعٓصٓ کی تفسیر بمطابق قول معصوم یہ ہے۔ ملاحظہ ہو کتاب کوکب دُری۔

ک : کربلا

ھ : ہلاکت

ی : یزید

ع : عطش

ص : صبر

روایت بہترین اسناد کتب معتبرہ کے مطابق منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو پیدا کیا اوپر دو شاخ گاو کے اور گاؤ کو پشت ماہی کے اور ماہی کو اوپر پانی کے اور پانی



کو اوپر ہوا کے اور ہوا کو اوپر سنگ کے اور سنگ کے اوپر فرشتہ کو اوپر بازو پشتہ کے اور پشتہ کو قوت ان ناموں کے قائم کیا۔ پس جو شخص ان ناموں کو لکھ کر اپنے دین یا دنیا سے جب اس عمل کو بجا لائے گا اور با طہارت کامل کے جب اس خاتم کو زیر سر رکھ کر سوئے گا۔ مخبرِ غیب اس مشکل کو حل کرے گا۔ یہ خاتم استخراج کنوز و خزائین و مخفیات میں اثر عظیم رکھتی ہے۔ عامل تجربہ ہی یقین کامل کے ساتھ لائے۔ تاکہ حقیقت قول مکشوف ہو اور اگر اس کو متضرع نہ ہو تو وہ تقصیر عامل کی وجہ سے ہو۔ شرائط و آداب اس لوح کی یہ ہیں۔ وفق حرفی کو اوپر ظاہر لکھیں کہ فعل اور اثر خصوصیت کے ساتھ ہر کسی ساعت میں لکھیں۔ وفق عددی کو پشت پر لکھیں۔ فعل اس کا ساتھ طبیعت کے ہے۔

الواح یہ ہیں۔

کھیعص

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ھ | ی | ع | ص |
| ع | ص | ک | ھ | ی |
| ھ | ی | ع | ص | ک |
| ص | ک | ھ | ی | ع |
| ی | ع | ص | ک | ھ |

صادق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | ۵ | ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ |
| ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ | ۵ | ۱۰ |
| ۵ | ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ |
| ۹۰ | ۲۰ | ۵ | ۱۰ | ۷۰ |
| ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ | ۵ |

## چہاردہ معصومین کے حجاب

ان پاک و مطہر ہستیوں کے انوار تخلیق موجودات سے کئی ہزار سال پہلے تسبیح خدا میں مشغول تھے۔ ان انوار نے بارہ حجاب طے فرمائے اور ہر حجاب میں ایک مخصوص تسبیح پڑھی جو ذیل ہیں۔

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

۲۔ سُبْحَانَ عَالِمَ السِّرِّ

۳۔ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَا یَسْهُوْ

۴۔ سُبْحَانَ الرَّفِیْعَ الْاَعْلٰی

۵۔ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا یَلْهُوْ

Presented by www.ziaraat.com

٦- سُبْحَانَ مَنْ هُوَ غَنِیٌ لَا یَفْتَقِرُ

٧- سُبْحَانَ الْعَلِیْمُ الْکَرِیْمِ

٨- سُبْحَانَ ذِی الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

٩- سُبْحَانَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ

١٠- سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ

١١- سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ

١٢ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ

معصومینؑ کی تسبیح ہے اس سے زیادہ لکھنا ہی کیا ہے۔ اگر کوئی شخص شرائط متعینہ کے ساتھ ہر روز ایک کلمہ کو ایک ہزار بار پڑھا کرے تو بارہ روز کے بعد حسب استحقاق انشاء اللہ جو چاہے حاصل کرے۔

اگر علیحدہ مکان یا جگہ یا مسجد میں طہارت کے علاوہ بخور عطر وغیرہ بوقت ورد استعمال کرے۔ بڑی چیز نہیں کہ وہ مقام ورد پہ ہی ایسے مشاہدے کرے جن کے انکشافات سے مانع ہوں۔ یہ سب قاری کی عبادت ریاضت ایمان ویقین پہ منحصر ہے۔

